Ambrosia, *n.* The fabled food of the gods which conferred eternal youth; and beauty to those who ate it; something delightfully sweet and pleasing: آب حیات - امرت - سدھا

Ambrosial, *a.* Having the qualities of ambrosia; delicious; fragrant: آبحیاتي - لذیذ - خوش ذایقه - مزهدار - خوشبودار

Ambrosial, *a.* Delicious; fragrant: لذیذ - مزه دار - خوشبو دار

Ambulance, *n.* A carriage for the wounded or sick; a carriage which follows an army and serves as a movable hospital for the wounded; field hospital establishment: زخمي اگر

مریض سپاهیوں کو میدان جنگ سے اٹهانے والي گاڑي - میدان جنگ کے شفاخانہ کا عملہ

Ambuscade, Ambush, *n.* A hiding to attack by surprise ; a lying in wait ; lurking : کمین گاہ - گهات کي جگهہ * **To lie in—,** گهات میں لگے رهنا - دانو گهات میں بیٹهنا

Ameliorate, *v. t.* To make better ; to improve : بهتر کرنا - درست کرنا - سدهارنا - اصلاح کرنا

Amelioration, *n.* Improvement ; a making or becoming better : ترقي - بهتري - اصلاح - سدهار

Amen, *ad.* So be it : آمین - ایساهي هو - ایوم استو - آمین اللہ

Amenable, *a.* Accountable ; governable ; tractable ; submissive : جواب دہ - مطیع - اطاعت پزیر

Amend, *v. t.* To correct ; to reform ; to make right : درست کرنا - صحیح کرنا - ترمیم کرنا - سدهارنا - بنانا * *v. i.* To become better : درست هونا - اصلاح هونا

Amende honorable, A frank apology ; reparation : عذر معاذرات - علانیہ معافي مانگنا اور نقصان بهرنا -

Amendment, *n.* An alteration for the better ; a reformation ; rectification : ترمیم - اصلاح - درستي

Syn.—Correction, improvement, reformation.

Amends, *n. (pl.)* Recompense ; compensation ; fine ; penalty : مکافات - معاوضہ - جزا - بدلہ - ڈانڈ - تاوان * **To make—for,** to compensate : بدلہ چکانا - تاوان دینا - ڈانڈ بهرنا

Amenity, *n.* Agreeableness ; pleasantness ; civility : خوبي - فرحت - نرمي - اشرافت

Amensa et thoro : طلاق نان و نفقہ - روٹي کپڑا دینے سے انکار

Amerce, *v. t.* To punish by a fine : جرمانہ کرنا - ڈنڈ لینا

Amercement, *n.* A fine ; penalty inflicted : جرمانہ - ڈنڈ

Amethyst, *n.* A precious stone of a violet-blue colour : نیلم - لاجورد - یاقوت

Amiability, Amiableness, *n.* Sweetness of temper ; lovableness : خوش مزاجي - هردل عزیزي - لطافت - شایستگي - نیک بختي

Syn.—Kindliness, sympathy, loving-kindness.

Amiable, *a.* Charming ; worthy of love ; sweet ; gracious ; kindly : هر دل عزیز - نیک نهاد - شیریں مزاج - من بهاؤ - سوشیل

Amicability, *n.* Friendliness ; agreeableness ; kindness : دوست نوازي - شفقت - صاحب مروتي

Amicable, *a.* Friendly ; peaceable ; دوستانہ - صلح خواہ - هلا ملا - ملا جلا - صاحب مروت

Syn.—**Cordial, friendly, hearty, sociable.**

Ant.—**Adverse, hostile, unfriendly.**

Amicably, *ad.* In a friendly manner ; peaceably ; agreeably : دوستانہ طور پر - صلح کے ساتهہ - آپس میں

Amid, Amidst, *prep.* In the midst or middle of ; among : بیچ میں - درمیان * **—the rest,** باقیوں میں

Amiss, *a.* Ill ; faulty ; wrong : غیر واجب - ناقص - غلط - درشي * *ad.* In faulty manner ; in a wrong sense : سہواً - بهولکر - غلط طور سے - چوک سے * **To take—,** برا ماننا - ناراض هونا - خفا هونا

Amity, *n.* Friendship ; good understanding ; harmony : دوستي - مهرباني - اخلاص - میل - ارتباط

Ammonia, *n.* A strong-smelling gas used in medicine and the arts : هوش میں لانے کي دوا **Sal'ammoniac,** نوسادر

Ammunition, *n.* Any thing used for munition or defence ; military stores as powder, balls, &c : اسباب جنگ مثلاً گولا بارود وغیرہ

Amnesty, *n.* A general pardon of offences against government ; an oblivion : عفو - معافي نامہ عام - جان بخشي

Amok, *See* **Amuck.**

Among, Amongst, *prep.* Of the number of ; amidst : بیچ میں - درمیان - منجملہ

Amorous, *a.* Inclined to love ; easily inspired with love ; fondly in love of : عاشق مزاج - عشق باز - عاشقانہ - فریفتہ - شیدا - رسیا - رنگیلا

Amorousness, *n.* Fondness ; lovingness : عشق بازي - تعشق

Amorphous, *a.* Irregular ; formless : بدنما - بیڈهنگا - بیڈول

Amort, *a.* Dull ; dejected ; spiritless : سست - اداس - افسردہ خاطر - مردہ سا

Amount, *n.* The sum total ; the whole result ; the effect or value : جمع – کل – تعداد – مبلغ – رقم - مقدار - حاصل * **To the—of,** بقدر - بانداز - تک * *v. i.* To rise to or reach by adding the whole items ; to result in : پهونچنا - چڑهنا

Amour, *n.* A love intrigue : اشنائي - لگاؤ - عشق

Amphibious, *a.* Living both on land and water : دوعنصري - خشکي اور پاني ميں رهنے والا - جل تهل چر

Amphibia, Amphibians, *n. pl.* Animals capable of living both under water and on land : آبي و هوائي جانور - خشکي و تري دونوں ميں رهنے والے جانور

Amphitheatre, *n.* A circular edifice having rows of seats one above another and having an open space, called the arena, in the centre ; a place for shows and games : تماشے کا گول گهر - دنگل - اکهاڑا

Ample, *a.* With room enough ; of large size ; plentiful ; sufficient : بهت بڑا - وسيع - کشاده - کافي - فراخ - بهت سا

Syn.—Full, spacious, extensive, wide, capacious.

Ant.—Insufficient, inadequate, scanty.

Amplification, *n.* Enlargement ; exaggeration ; diffusive description : طوالت - مبالغه - بڑهاؤ - وستار - پهيلاؤ

Amplify, *v. t.* To make more copious in expression ; to add to ; to speak or write diffusively : بڑهانا - پهيلانا - طول دينا - مبالغه کرنا - طوالت سے بيان کرنا -

Amplitude, *n.* Largeness of dimensions ; ample capacity ; extent : وسعت - کشادگي - سمائي - فراخي

Amply, *ad.* Largely ; liberally ; copiously ; abundantly ; sufficiently : بکثرت - بافراط - بهتايت سے - ريل پيل سے - مالا مال - بهر پور

Amputate, *v. t.* To cut off, as a limb or branch : عضو کاٹنا - قلم کرنا

Amputation, *n.* The operation of cutting off a limb or branch : قطع عضو - تراش - قلم

Amuck, *(Malay) ad.* Madly ; in murderous frenzy : ديوانه وار - اندها دهند - بے تحاشا - تندي سے * **To run—,** to rush about frantically attacking all that come in the way : ديوانه وار دوڑنا اور جو آگے آوے اُسے مارنا

Amulet, *n.* A jewel or ornament worn as a charm round the neck or arm to prevent sickness or other evil : تعويذ - جنتر - گنڈا

Amuse, *v. t.* To divert ; to entertain ; to gratify : بهلانا - خوش کرنا - خيال هٹانا - دل لگانا - تفريح دينا * To delude : جهانسا دينا - دم يا باتوں ميں رکهنا - بهکانا

Syn.—Delight, please, occupy, biguile.

Ant.—Annoy, disquiet, tire.

Amusement, *n.* Diversion ; entertainment ; play ; pastime : تفريح طبع - کهيل تماشا - دل بهلاؤ - دلگي - شغل

Amusing, Amusive, *a.* Entertaining ; pleasing ; causing fun or pleasure : دل بهلاؤ - (things) - دلگي باز - نقل مجلس (person) فرحت انگيز - دلچسپ

An, The indefinite article placed before a word beginning with a vowel : حرف تنکير جو اُن الفاظ کے قبل آتا هے جنکے شروع ميں حرف علت کي آواز هو * One ; ايک - کوئي

Anacardium, *n.* A kind of fruit used for medicinal purposes ; it is used by washermen to mark the clothes, and this serves the purpose of cloth-marking ink : بهلانوا - بهلاونجي

Anachronism, *n.* An error in chronology ; a putting of an event earlier or later than it really happened ; an error in dating : تاريخ کي غلطي - اختلاف وقت

Anagram, *n.* The change of one word or phrase into another by the transposition of its letters, as 'live' = 'evil', 'time' = 'emit' ; 'Florence Nightingale' = 'Flit on, cheering angel' : حروف کي تبديلي سے ايک لفظ يا جمله کو دوسرا کر ڈالنا - تعريف قلب - لف ونشر

Analogical, *a.* Showing similarity of relations ; similar : مطابق - مشابه - همشکل - ملتا جلتا

Analogous, *a.* Having some likeness in thought ; with parts or qualities that can be thought of as like those of something else : مطابق - يکساں - مشابه - ايک صورت کا - همشکل

Analogue, *n.* A thing corresponding to another : مشابه يا همشکل چيز

Analogy, *n.* Alikeness in some ways between things that are otherwise different; a resemblance of relations, as in the phrase: 'Knowledge is to the mind what light is to the eye'; 'Childhood is the dawn of manhood's day': - چیزوں کی بعض حالتوں کی مشابہت - مشابہت - مطابقت - موافقت - قرینہ

Analyse, *v. t.* To resolve a whole into its elements; to separate into component parts: تشریح کرنا - ترکیب کرنا - تفصیل کرنا - تفریق کرنا - جز و ٹکڑے کرنا

Analysis, *n.* (*pl.* **Analyses**) Separation into elements; dissection; examination of constituents; *(Gram.)* the arrangement into its logical and grammatical elements of a sentence or part of a sentence: - تشریح تفریق - تفصیل - ترکیب نحوی

Analyst, *n.* One skilled in analysis esp., chemical analysis: - سودھی - سودھنے والا - تفریق داں - تجزہ داں

Ananthous, *a.* Flowerless: بے پھول کا

Anarchy, *n.* Want of government in a country; political confusion; a breakdown of law and order: - بدانتظامی - غدر - ھنگامہ - بدعملی - اندھیر - چوپٹ راج - مرھٹی گھس گھس - ھر ہونگ کا راج

Anarchist, (*—kist*) *n.* One who advocates anarchy; or aims at the overthrow of the civil government of his country: - غدار - مخالف بادشاہ - فاسد - بلوائی - خود مختاری کا خواہاں

Anarsarca, *n.* A kind of dropsy: - استسقی - سوتھہ - ایک قسم کا جلندر

Anathema, *n.* A solemn ecclesiastical curse or denunciation involving excommunication: لعنت - سراپ - دھکار - حقہ پانی کی بندی - کریا کرم سے نکلا جانا - پھٹکار

Anathematise, *v. t.* To pronounce accursed; to excommunicate: - پھٹکارنا - ذات باھر کرنا - برادری سے خارج کرنا - حقہ پانی بند کرنا

Anatomist, *n.* One skilled in the art of dissecting any organised body: تشریح داں - فصاد - جراح - انگ و دیہ گنی

Anatomize, *v. t.* To dissect; to examine critically; to analyze: - چیرنا - کاٹ کوٹ کرنا - چاک کرنا - چیر پھاڑ کر کے جانچنا

Anatomy, *n.* The art of dissecting any organised body; the science of the structure of the body learned by dissection: - علم تشریح - جراحی - چیر پھاڑ - بدن کا علم

Ancestor, *n.* A forefather; one from whom a person is descended: - پرکھا - باپ دادا - بزرگ - اسلاف

Ancestorial, }
Ancestral, } *a.* Descending from ancestors: موروثی - پشتینی - جدی - باپ دادا کی پیوتی - آبائی

Ancestry, *n.* Lineage; high birth: - خاندان - حسب و نسب - پیڑھی - کل - عالی نسل - عالی خاندان

Anchor, *n.* An iron instrument with a hook for holding a vessel by gripping the ground; (*Met.*) any thing that gives stability or security: - لنگر - جائے پناہ - آسرا - بھروسہ * **To cast—,** لنگر ڈالنا * **To weigh—,** لنگر اٹھانا - جہاز چلانا * **Sheet—,** بڑا لنگر * **To come to—,** جہاز کھڑا کرنا

Anchorage, *n.* A ground for anchoring; a harbour; a hold; ground of trust; the duty: - لنگر ڈالنے کی جگہہ - بندر گاہ - بندر کا محصول - پناہ گاہ - تکیہ گاہ -

Anchorite, *n.* A recluse; a hermit: گوشہ نشین - زاھد - سنیاسی - تارک الدنیا

Anchovy, *n.* A small sea-fish: ایک قسم کی چھوٹی سمندری مچھلی

Ancient, *a.* Old (in time); of long duration; belonging to former times; past: - پرانا - قدیم - دیرینہ - مدت کا - اگلا - پیشین - اگلے زمانے کا ——*n.* Patriarch; an old man; one who lived long ago: بزرگ - پرکھا * *pl.* men of old; those who lived in remote times: - متقدمین - قدما - سلف کے لوگ - پرکھے

Ancipital, *a.* Double-faced; two-edged: - دو رخا - دو دھارا

Ancillary *(an-sil-ar-i)*, *a.* Subordinate to; subservient: خدمتگار - مدد گار - ماتحت

And, *conj.* The conjunctive particle used to join words and sentences; - اور - حرف عطف * **—so forth, —so on,** وغیرہ - اسی طرح - علی ھذا القیاس * **—that,** اور یہہ کہ

Anecdote, *n.* An incident of private life; a very short story; a biographical incident: روایت - حکایت - قصہ - داستان - چٹکلا

Anemography, *n.* A description of the wind: بیان هوا

Anemometer, *n.* For measuring the velocity or pressure of the wind: مقیاس الهوا - هوا ناپ

Anent, *prep.* Concerning; about; in regard to: نسبت - بابت

Anew, *ad.* Newly; afresh; over again: - از سر نو نئے سر سے - پور سے

Angel, *n.* A spiritual being; a messenger from God; a beautiful person: فرشتہ - ملک - حور - پریزاد - ماہ لقا - پدمني عورت - * **Like—'s visits, few and far between**: گاهے ماهے کي ملاقات - (آج چاند کدهر سے نکلا) * **The—of death,** ملک الموت - ازازیل - جم * **—s who question the death,** منکر نکیر - جمراج * **The recording—s,** کرامن کاتبین - چتر گپت

Angelic, *a.* Belonging to or resembling angels: ملکي - فرشتہ خو - پري پیکر

Anger, *n.* A strong passion; indignation; wrath; great displeasure: غضب - غصہ - خفگي - ریش - طیش - تیہا * **Flushed with—,** غصہ میں لال هو گیا - لال پیلا هو گیا

Syn.—Rage, fury, vie, choler.

——*v. t.* To make angry; to irritate: غصہ دلانا - خفا کرنا

Angina, *n.* Inflammation of the throat: گلے کي سوجن

Angle, *n.* A corner; point where two lines meet; *(Gram.)* the inclination of two straight lines which meet, but are not in the same straight line: زاویہ - گوشہ - کون * **Acute—,** زاویہ حادہ * **Adjacent—,** زاویہ متصلہ * **Alternate—,** زاویہ متبادلہ * **Exterior—,** زاویہ خارجہ * **Interior—,** اندروني زاویہ * **Obtuse—,** زاویہ منفرجہ * *n.* A fish-hook; a fishing-rod with line and hook: مچھلي پھنسانے کا کانٹا - بنسي * **—of the eye,** گوشہ چشم - کویا * *v. i.* To fish with a rod and line: کانٹا ڈالنا یا بنسي لگانا * *v. t.* To entice; to try to gain by some artifice: لبھانا - دل پھنسانا - * حیلہ بازي سے کوشش کرنا - چارہ ڈالنا - جال بچھانا

To—with a silver hook: سونے کي کٹاري مارنا

Angler, *n.* One who fishes with a rod and line: بنسي باز - بنسي کا کھلاڑي

Anglican, *a.* English; belonging to the Church of England: انگریزي - انگریزوں کے مذهب کا

Anglicize, *v. t.* To convert into English; to express in English idiom: انگریزي بنانا - انگریزي محاورہ میں ڈھالنا

Anglo-Indian, *n.* An Englishman born or living in India: انگریز جسکي پیدایش یا سکونت هندوستان میں هو

Angour, *n.* A pain of the heart: درد دل

Angry, *a.* Indignant; wrathful: غضبناک - خشمگیں - بیرحم - خفا * *(Prov.)* **He that is—is seldom at ease,** طیش میں عیش کہاں—کرودھي کو چین کہاں

Anguish, *n.* Extreme pain of body or mind; agony: سخت درد - جانکندني - عذاب - کشٹ - جگر سوزي - الم

Syn.—Agony, pang, distress, torture, torment.

Angular, *a.* Having angles; pointed; sharp and stiff; ungraceful: گوشہ دار - کونے دار - کونیا - نوکیلا - کڑا - چبھتا - اکڑا - ترش مزاج

Anhelation, *n.* Shortness of breath; difficult respiration: دم پھولنا - تنفس - هنپ هنپي

Animadversion, *n.* Criticism; reproof; unfavourable remarks: عیب نمائي - ملامت - سرزنش - حرف گیري - نقطہ چیني

Syn. Stricture, comment, blame, remark, reproof.

Ant.—Panegyric, encromium, commendation. approval.

Animadvert, *v. i.* To make remarks on; to find fault with: ملامت کرنا - سرزنش کرنا - عیب گیري کرنا

Animal, *n.* A creature endowed with life and the power of voluntary motion; any living being without reason: جانور - پشو - حیوان * **An irrational—,** حیوان مطلق * **A rational—,** حیوان ناطق - انسان - منش * *a.* of or belonging to animals; sensual: حیواني * **—food,** گوشت - مانس * **—spirits,** طبیعت کا جوش - من کي لہر

Animalcule, *n.* (*pl.* Animalcule, Animalcula), An animal invisible or nearly so to the naked eye ; a creature so small that it cannot be seen without a glass or microscope : بہت ہي چھوٹا کيڑا ـ چھوٹا کيڑا جو خوردبين ہي سے دکھائي دے۔

Animate, *v. t.* To give life to ; to incite ; to encourage : جلانا - جان ڈالنا ـ ترغيب دينا ـ ہمت دلانا ـ ڈھارس بندھانا ـ تقويت دلانا ـ * *a.* Alive : جاندار ـ زندہ

Animated, *a.* Living ; lively ; spirited ; full of life : زندہ دل - پر جوش - گرم - چالاک - دلير

Animation, *n.* Vigour ; life ; vivacity : زندگي - جوش - زندہ دلي

Animosity, *n.* Bitter hatred ; active enmity ; great ill-will : بغض - عداوت - دشمني - کينہ - خصومت - لاگ

Animus, *n.* Intention ; actuating spirit ; prejudice ; against : ارادہ - مزاج - خو

Aniseed, *n.* The aromatic seeds of a plant used for flavouring and as medicine : باديان - سونف - * **Anisetle,** سونف کي شراب

Ankle, *n.* The joint connecting the foot and leg : ٹخنہ ـ گٹا

Anklet, *n.* An ornament worn on the ankle : پازيب ـ کڑا ـ پايل

Anna, *n.* An Indian coin ($\frac{1}{16}$ of a rupee) : آنہ - روپيہ کا سولھواں حصہ ـ ۴ پيسے

Annalist, *n.* A writer of annals : مورخ ـ واقع نگار - راوي

Annals, *n.* A history of events in chronological order ; chronicles : تواريخ ـ اتہاس ـ کتھا - سالانہ سرگذشت

Anneal, *v. t.* To temper (glass and steal) by heat ; to fix colours on glass by heating it : تاؤ دينا ـ سخت کرنا - شيشے کو رنگنے کے لئے گرم کرنا

Annex, *v. t.* To affix ; to subjoin ; to connect ; to add : لگانا - جوڑنا - شامل کرنا - وصل کرنا - ملحق کرنا

Annexation, *n.* Act of annexing ; addition ; union : اتصال ـ جوڑ - لگاؤ - ميل - الحاق

Annexed, *ad.* Joined ; attached ; connected ; added : جڑا ہوا ـ منسلک - مشمولہ - نتھي کيا ہوا

Annihilate, *v. t.* To destroy ; to annul ; to bring to nothing ; to put out of being : نيست و نابود کرنا - مٹانا ـ فنا کرنا - معدوم کرنا - ستيا ناش کرنا

Annihilation, *n.* The state of being brought to nothing ; a putting out of being : بربادي - نيستي ـ فنا ـ عدم

Anniversary, *n.* The annual celebration in honour of an event : سالگرہ ـ برکھي * *adj.* Happening year after year ; annual : سالانہ ـ برسوري -

Annomination, *n.* The use of words nearly alike in sound but of different meanings ; a pun : ذو معني لفظ - دو ارتھي شبد ـ جگت

Anno Domini, In the year of our Lord : سن عيسوي

Anno Mundi, In the year of the world : سن پيدايش دينا

Annotate, *v. t.* To make remarks on by notes ; to comment upon : شرح يا ٹيکا لکھنا ـ حاشيہ يا تفسير چڑھانا -

Annotation, *n.* An explanatory note ; a remark ; comment : تفسير - شرح ـ ٹيکا

Announce, *v. t.* To make known ; to publish ; to declare : اعلان کرنا ـ مشہور کرنا ـ ظاہر کرنا ـ خبر دينا

Syn.—Proclaim, notify, intimate.

Ant.—Conceal, suppress, hide.

Announcement, *n.* Act of announcing ; proclamation ; declaration : اشتہار ـ اطلاع ـ اعلان ـ خبر

Annoy, *v. t.* To vex ; to tease ; to molest ; to harm : دق کرنا - تکليف دينا - کھجانا ـ دکھ دينا

Syn.—Pester, disturb, trouble, perplex.

Ant.—Gratify, please, conciliate.

Annoyance, *n.* Act of annoying the state of being annoyed ; that which annoys ; trouble ; vexation : تکليف - دقت - ايذا - تصديعہ - مضرت

Annual, *a.* Happening every year ; yearly ; lasting only one year : سالانہ - ہرسال ـ فصلي

Annual, *n.* A plant that lasts only one season ; a literary production published once a year : ايک برسي چيز - فصلي پودا - سالانہ رسالہ

Annually, *ad.* Every year ; yearly ; year by year : ہرسال ـ سال بہ سال - ہر برس

Annuitant, *n.* One who receives or is entitled to receive an annuity : سالانہ وظیفہ پانیوالا - سالانہ پنشندار - انگلسیا

Annuity, *n.* An annual allowance ; a sum of money paid every year : سالانہ وظیفہ یا مشاہرہ

Annul, *v. t.* To make null and void ; to nullify ; to repeal ; to reduce to nothing or annihilate : رد کرنا - موقوف کرنا - منسوخ کرنا - اُٹھا دینا - میٹنا

Annular, *a.* Ring-shaped round ; circular : چھلا نما - حلقہدار - گول

Annulated, *ad.* Furnished with circles like rings : چھلےدار - نقشےدار

Annulet, *n.* A little ring : - چھوٹا چھلا - نتھنی - ککنی

Annulment, *n.* The act of annulling ; abolition ; abrogation : منسوخی - موقوفی - تردید

Annunciate, *v. t.* To announce ; to bring tidings of : مشتہر کرنا - خبر لانا - خوشخبری دینا

Annunciation, *n.* Announcement : اطلاعدھی-بشارت ; * The Church festival in memory of the announcement of the incarnation of Christ brought by the angel to Mary, falling on the 25th of March : مارچ مہینہ کی پچیسویں تاریخ جس روز فرشتہ نے حضرت عیسیٰ کے پیدا ہونیکی خبر حضرت مریم کو دی تھی

Anodyne, *adj.* Soothing ; assuaging pain : درد کم کرنے والا - تسکین بخش * *n.* Any medicine which allays pain ; a soothing medicine : درد کم کرنیوالی دوا - تسکین بخش دوا - مسکن دوا - پیڑ ھرن ارکھد * **—necklace,** پھانسی

Syn.—Opiate, sedative, narcotic.

Anoint, *v. t.* To pour oil upon ; to smear or rub with oil ; to consecrate by unction : تیل ڈالنا - چپڑنا یا ملنا - مساح سے پاک کرنا - راج تلک کرنا

Anomalism, *n.* A deviation from rule : بے قاعدگی - بے ضابطگی - انریت

Anomalous, *a.* Deviating from a general rule ; out of order ; irregular ; abnormal ; unusual : خلاف قاعدہ - بے قرینہ - بے ضابطہ - بے دستور - کڈھنگ

Anomaly, *n.* Deviation from common rule ; irregularity ; something abnormal : - بے ضابطگی خلاف سرشتگی - انریت

Anon, *ad.* Forthwith ; immediately ; quickly ; at another time ; thereafter ; sometimes : جلدی - ابھی - اسی وقت - آناً فاناً میں - فوراً - پھر - کبھی کبھی - گاھے ماھے * **Ever and anon,** every now and then : - جب تب - ٹھہر ٹھہر کے ھمیشہ

Anonymous, *a.* Wanting a name ; nameless ; without the writer's name : - بے نام - گمنام لامعلوم - بندہ خدائی

Another, *a.* Not the same ; different ; one more ; any one else : - دوسرا - اور کوئی - غیر پرایا - ایک اور

Answer, *n.* A reply ; that which is said in return to a call, question, prayer, &c. ; the result of an arithmetical or mathematical operation ; a solution ; (*law*) a counter-statement of facts in a course of pleadings : - جواب - اتر - حل - تردید - جواب دعوی (to a riddle) پہیل - بوجھہ * **—in appeal,** جواب موجبات * **definite—,** قطعی جواب - جواب شافی * **Evasive—,** ٹال مٹول

——, *v. t.* To reply to ; to be opposite to ; to refute ; to act in satisfaction ; to correspond with ; to suit ; to come in answer to ; to be security for ; to render account to or for ; to suffer the consequences of ; to serve : جواب دینا - مقابل پر یا جواب میں ہونا - لاجواب کرنا - رد کرنا - نباھنا - انجام دینا - موافق ہونا - سن کرانا (as, I tapped on the door, and a lady *answered* the knock) - ضامن ہونا - حساب دینا - نتیجہ - بھگتنا - کام دینا

——, *v. i.* To reply ; to respond ; to be like ; to be sufficient (as, I do not want two one will *answer* ; Money *answereth* all things) ; to be correlative ; to succeed ; to be accountable : جواب دینا - موافق ہونا - کافی ہونا (جیسے " دو نہیں چاھئے ایک ھی کافی ہے) لازم ملزوم ہونا - نبھنا - موزوں ہونا - ذمہ وار ہونا

Answerable, *a.* Capable of being answered ; obliged to give an account ; responsible ; suitable ; liable : - قابل جواب - قابل باز پرس - جواب دہ - سزاوار - موافق - لائق - مستوجب

Ant, *n.* An emmet : چیونٹی - مور * **White ants :** دیمک

Antacid, *adj.* Neutralizing acidity : - امل مار - دافع ترشی - کھٹائی مار

Antagonism, *n.* A contest; opposition; contrariety: مباحثہ - تکرار - مخالفت - بیر - لاگ - مقابلہ - اختلاف

Antagonist, *n.* An adversary; a foe; an opponent; a competitor: rival: مخالف - دشمن - حریف - مقابل - مخاصم - جوڑ

Antarctic, *a.* Relating to the southern pole or to the region near it: جنوبي قطب والا - قطب جنوبي

Ante—, Anti—, *(prefix.) (In comp.)* Before: آگے - پہلے - پیش - قبل

Antecedent, *a.* Going before, in time or place; prior; preceding: ما قبل کا - مقدم - پیشرو - پہلے کا - پیشین

——, *n.* That which goes before in time or place; (*Gram.*) the word to which a relative refers; *pl.* a person's past history or conduct: مقدم - ماقبل - موصول - کوایف گذشتہ (*Math.*) جملہ شرطیہ - مقدم (*Logic*) - پہلا انک - رقم اول

Antecedently, *adv.* Previously; at a time preceding: قبل ازیں - پیشتر سے - آگے

Ante-chamber,
Ante-room, } *n.* A chamber leading to the chief apartment: پیش دالان - ڈیوڑھي - باہر کا کمرہ

Ante-date, *v. t.* To date beforehand; to anticipate; to date before the real time: وقت سے پہلے کي تاریخ لکھنا - پیشبندي کرنا - آگے کر کے تاریخ لکھنا

Ante-diluvian, *a.* Happening before the Flood (Noah's): طوفان نوح سے پیشتر * A person who lived before the Flood: نوح کے زمانہ کا

Antelope, *n.* A species of deer: چھلےدار سینگ والا مرگ - ہرن - آہو - غزال - مرگ

Antelucan, *a.* Being before light; preceding the dawn: روشني نکلنے سے پیشتر - پو پھٹنے سے پہلے -

Ante-meridian, *a.* Before noon; in the forenoon; (A. M.) قبل از دوپہر

Antemetic, *a.* Restraining or allaying vomiting: قے روکنےوالي ; * *n.* A medicine which checks vomiting: قے روکنےوالي دوا

Antemundane, *a.* Before the world's creation: دنیا کي پیدایش سے پہلے

Antennæ, *n. pl.* The feelers of an insect: سینگ جس سے کیڑے ٹٹولتے ہیں

Antenatal, *a.* Existing or happening before birth: قبل از پیدایش

Antenuptial, *a.* Before marriage: شادي سے پہلے

Anterior, *a.* Before in time or place; former; foregoing: مقدم - پیشین - اول - اگلا - سابق کا

Anthem, *n.* A divine song; a hymn of praise: بھجن - زبور - تعریف کا گیت

Anthology, *n* A collection of beautiful passages from authors; a collection of selected poems; elegant extracts: انتخاب نظم - گلدستہ نظم - گل دستہ اشعار

Anthropology, (*an-thro-po-lo-ji*), *n.* The science of mankind: علم نوع انسان

Anthropometry, *n.* The measurement of men for identification and other purposes: پیمائش جسم انسان

Anthropomorphism, *n.* The representation or conception of the Deity under a human form, or with human attributes and affections: قادر مطلق کا شکل انسان میں آنا - جسم انسان میں روح پاک کا حلول کرنا - اوصاف انساني کو خدا کي طرف منسوب کرنا

Anthropophagy, *n.* Cannibalism: مردم خوري - آدم خوري

Anti—, (*prefix*) (*In comp.*) Opposite to; against: دافع - دشمن شکن - مار - ہرن - ناسک - خلاف - ضد - نقیض

Antic, *a.* Odd; ridiculous; old-fashioned: عجیب - قابل ہنسي

——, *n.* A buffoon; a grotesque or fantastic figure; an absurd or ridiculous gesture: مسخرہ - بھانڈ * *pl.* Tricks: چہل بل - کھیل کود

Antichrist, *n.* An opponent of Christ; the great enemy of Christ and His truth: مخالف مسیح - دجال

Anticipate, *v. t.* To take or do before another; to foresee; to expect; to preclude; to foretaste: پیشدستي کرنا - پہلے سے سوچنا - جي ہي جي میں پہلے سے خوش ہونا یا مزہ لینا

Anticipation, *n.* Expectation; foretaste; realization beforehand; preconceived opinion: پیش قدمي - تصور - خیالي مزہ

Antidote, *n.* A medicine that counteracts poison; remedy; preventive: تریاق - زہر مہرہ - بسمار - دوا - مانع

Antimony, *n.* A whitish, brittle metal used in medicine : سرمه - آنجن

Antipathy, *n.* A natural dislike ; enmity ; aversion : نفرت - عداوت - دشمني - گريز - كراهيت - چڑه

Antipodes, *n. pl.* Those who live on the opposite sides of the globe and whose feet are directly opposite ; *(fig.)* any thing diametrically opposite or opposed to another ; a contrary : ساكنان تحت الارض يا وے لوگ جو كره زمين كے مقابل جانب رهتے هيں - ضد - برودة - نقيز

Antiputrefactive, Antiputrescent, *a.* Counteracting or preventing putrefaction ; antiseptic : سڑنے سے روكنے والي

Antiquary, Antiquarian, *n.* One devoted to the study of ancient times ; one who studies or is interested in ancient matters or things ; an archæologist : زمانه سلف كي تحقيق كرنے والا - محقق نشانات زمانه قديم

Antiquate, *v. t.* To make obsolete, old or void : بے رواج كرنا - متروک كرنا - پرانا كرنا

Antiquated, *p. ad.* Grown old-fashioned ; out of date : پرانا - متروک - غير مستقل

Antique, *a.* Ancient ; of old fashion ; odd : * قديم - پراچين - عجيب - انوكها - نرالا - عطيق
n. A work of ancient art : دستكاري زمانه قديم

Antiquity, *n.* Ancient times or their people ; great age ; a relic of ancient times : زمانه سلف - اوايل - اگلے وقت - قديم لوگ - متقدمين - قدامت - نشان هنر سلف

Antithesis, *n. pl.* **Antitheses** (*—sez.*) Opposition of woods ; contrast ; (*Rhet.*) a figure by which contraries are opposed to contraries ; a contrast or opposition of words or sentiments (as, The prodigal *robs his heir*, the miser *robs himself*) : صنعت تضاد - معارضه - مقابله - اجتماع ضدين - برودة التكار

Antitoxin, *n.* (*Med.*) A fluid introduced into the blood to counteract the poison of a disease : كسي مرض كے زهر كو مارنے والي دوا جو بذريعه پچكاري خون ميں پهونچائي جاتي هے

Antonomasia, Antonomasy, *n.* (*Rhet.*) The use of the name of some office, dignity, profession, etc., instead of the name of a person ; (as, Mr. Chancellor, Mr. Editor or conversely the use of a proper noun instead of a common noun as, A *Solomon*, for a wise man) : كسي عهده يا پيشه كے نام كا استعمال بجائے كسي شخص كے نام كے يا بر خلاف اسكے كسي شخص كے نام كو بجائے رسم عام كے استعمال كرنا (جيسے مسٹر ايڈيٹر - ايک سليمان بجائے عقلمند شخص كے)

Antler, *n.* A branch of a stag's horn : باره سنگے كے سينگ كي شاخ

Antonym, *n.* A word directly opposed to another in meaning : لغت اضداد

Anus, *n.* The inferior opening of the alimentary canal ; the fundament : مقعد - كون - گدا

Anvil, *n.* An iron block on which metals are hammered and shaped : * نهائي - سندان - اهرن
It is on the—, بن رهي هے - هاتهه ميں هے

Anxiety, *n.* Pain or uneasiness of mind ; solicitude ; care ; disquietude : اضطراب - فكر - انديشه - تردد - افسردگي - تشويش - چنتا

Syn.—Concern, uneasiness, restlessness.

Ant.—Carelessness, heedlessness, inattention.

Anxious, *a.* Solicitous ; earnestly desirous ; uneasy : فكرمند - متردد - متفكر - انديشه ناک - بے قرار

Any, *a.* One out of many ; an indefinite number or quantity ; some of whatever kind : كوئي - كوئي سا - جونسا - جو كوئي - كسي قدر - كچهه - كسي طرحكا - جيسا هو * **At—rate,** at all events : هر چند باداباد - جو هو سو هو - بهر صورت كچهه هي هو

Any, *ad.* In any degree ; to any extent ; at all (any better) كچهه - كچهه ايک - كسي قدر - ذرا

Anyhow, Anywise, *ad.* In any way ; in any event ; on any account : بهر كيف - كسي طرح - جيسے بنے - كيسے هي - كسي نه كسي طرح - بهر نوع

Anywhere, *ad.* In any place : كهيں - كسي جگهه - جهاں كهيں - كهيں نه كهيں

Aorist, *n.* (*Gram.*) A verb of an indefinite tense in some languages : مضارع - اديس

Aorta, *n.* The artery which rises immediately out of the left ventricle of the heart : رگ جان - شاه رگ

Apace, *ad.* Quickly ; hastily ; swiftly ; fast : جلدي سے - شتابي سے - فوراً - ترنت

Apanthropy, *n.* A love of solitude ; an aversion to the company of men : تنہائي کا شوق انساني صحبت سے گريز

Apart, *ad.* Separately ; aside ; asunder ; away: عليحده - ايک طرف - جدا - نيارا - ايک کنارہ - دور - پرے - الگ - در کنار (as, Other consideration *apart*, your age is a bar to appointment in this department) : خيال کرنے والي ديگر باتيں در کنار تمہاري عمر وغيرہ

Apartment, *n.* A room in a house : کمرہ - کوٹھي - کوٹھا - خانہ

Apathetic, Apathetical, *a.* Having no feeling; caring nothing : مردہ دل - سرد مہر - بے پروا

Apathy, *n.* Want of feeling ; indifference ; coldness ; unconcern ; - بے پرواهي - عدم توجہي - سرد مہري - مردہ دلي

Ape, *n.* An animal of the monkey kind having no tail ; (*fig.*) one who imitates servilely ; a mimic : بندر - لنگور - بهانڈ - نقال - ريس کرنے والا - هرسيا

——, *v.* To imitate servilely ; to mimic : نقل کرنا - تقليد کرنا

Apepsy, *n.* A want of digestion : قوت هاضمہ کا زايل هوجانا

Aperient, *a.* Gently purgative , laxative : دستاور - مفرج - ملين * *n.* Any laxative medicine a purgative : جلاب - ريچک اوکهد

Apert, *a.* Open , evident : کهلا - ظاهر

Aperture, *n.* An opening ; a hole ; a gap ; a passage , a cleft : سوراخ - مورکها - چهيد - جهري - روزن - شگاف - دراز

Apex, *n.* [*pl.* **Apexes** (*a pex-ez*), **Apices** (*a' pi-sez*]. The top of any thing , the highest point , peak ; summit : نوک - سرا - چوٹي - اني - سکهر

Aphæresis, Apheresis, *n.* The taking of a letter or syllable from the beginning of a word , (*Surg.*) amputation : لفظ کے شروع کا حرف يا ٹکڑے ميں سے گرا دينا - حذف شروع - قطع عضو - جزو کاٹنا

Aphonia, Aphony, *n.* Loss of voice ; dumbness ; voicelessness . گلا بيٹهنا - آواز نہ هونا

Aphorism, *n.* A precept or principle expressed in a few words ; a brief pithy saying : مثل - مقولہ - بچن - کہاوت

syn.—Adage, proverb, maxim.

Apiary, *n.* The place where bees are kept ; a stand or shed for bees : مهال خانہ - مد ماکهي کا گهر

Apiculture, *n.* The art of managing bees in hives , bee-keeping ; مد ماکهي پالنے کا هنر

Apiece, *ad.* To each ; each by itself ; by the individual : - هر ايک کو - علحدہ علحدہ - ايک ايک - هي - وبهاگ سے

Apish, *a.* Having the qualities of an ape ; inclined to imitate superiors ; affected ; foolish : بندر سا - مچهندر - ميمون خصلت - احمق - حرصيا

Apocalypse, *n.* A revelation ; disclosure ; the last book of New Testament : الهام - مکاشفہ - آسماني کتاب

Apocope, *n.* The omission of the last letter or syllable of a word as *th'* for *the* : محذوف الآخر - ترخيم - اوپ

Apocopate, *v.* To cut off or drop the last letter or syllable of : ترخيم کرنا - لفظ کا آخري حرف يا جزو گرا دينا

Apocructic, *a.* (*Med.*) Astringent ; repelling : قابض - قبض کرنے والي

Apocrypha. *n.* Books of doubtful authority or credit : ناقابل اعتبار کتابيں - غير ماهم کتابيں

Apocryphal, *a.* Uncertain ; of doubtful authority مشکوک - غير معتبر - بے سند - غير الهامي

Apodal, *a.* Having no ventral fins ; having no feet : بے گلپهڑے کا

Apologist, Apologizer *n.* One who makes an apology معافي چاهنے والا - عذر خواہ

Apologize, Apologise, *v. i.* To make an excuse or apology : عذر کرنا - عفو چاهنا - تعذر کرنا - معافي مانگنا

Apologue, *n* A moral fable ; an allegory : نصيحت آمیز حکايت - تمثيل - حکايت - قصہ - کہاني

Apology, *n.* An excuse ; defence ; a poor substitute (as, That tattered cloud about his head is an *apology* for a turban) ; a makeshift : معافي - معذرت - عذر - تدبير - قصور کا اقرار اور معافي کي درخواست

Apophthegm, Apothegm, *n.* (Pr. *a-po-them*) A short pithy and instructive saying: ضرب المثل - کہاوت - مقولہ

Apoplexy, *n.* A sudden deprivation of sense and motion; a fit or stroke caused by brain disorder: سکتہ - مرگي - صرع

Apostasy, *n.* A total desertion of one's faith, principles or party: انحراف - مذهب - ترک دین - برگشتگي - الحاد

Apostate, *n.* One who has forsaken his faith; a pervert: منکر دین - منحرف - برگشتہ - ملحد - دهرم نشٹي * *a.* False; unfaithful; fallen: بے ایمان - جھوٹا - بے دهرم - منحرف

Apostatize, *v. i.* To abandon one's faith or party: اپنا اصول دین یا فریق چھوڑنا - رو گردان هونا - ڈگنا

Apostle, *n.* One of the twelve disciples of Christ who were commissioned to preach the gospel one regarded as having a similar mission; one sent to preach or teach: مرید مسیح - رسول - هواري - پریرت

Apostrophe, *n.* A sudden change in discourse; a sudden and direct address to a person or thing in the course of a speech; *(Gram.)* the sign used to mark the omission or merely as the sign of possessive case in nouns: وہ صنعت تحریر جسمیں مضمون کو چھوڑ کر مصنف دفعتاً کسي کي طرف مخاطب هو جاتا هے ۔ علامت حذف

Apothecary, *n.* One who prepares and sells drugs for medicine: عطار - دوا فروش - دوا ساز

Appal, *v. t.* To terrify; to frighten; to dismay: ڈرانا - خوف دلانا - همت توڑنا

Appalling, *a.* Dreadful; shocking: دهشت انگیز - هیبتناک - ڈراونا

Appanage, Appenage, Apanage, *n.* *(Law.)* Provision made for the maintenance of the younger children of kings, princes &c.; dependency: مشاهرا یا جاگیر بادشاہ کے نا بالغ بچوں کے واسطے

Apparatus, *n.* Means got ready for doing some work; a collection of instruments or tools: لوازم - ساز و سامان - سر انجام - سامگري - آلات - اوزار

Apparel, *n.* Covering of the body; clothing dress; raiment: پوشک لباس - کپڑا * *v.* to clothe; to adorn: پوشاک پهنانا - آراستہ کرنا

Apparent, *a.* Visible; plain; evident: ظاهر - روشن - آشکار - عیاں - صریح - فاش - واضح - هویدا - دیکھنے میں * **Heir—,** one who is at present the heir: ولي عهد - راج کنور

Syn.—Obvious, clear, manifest, distinct.

Ant.—Inevident, obscure, invisible.

Apparition, *n.* Appearance; a ghost; a spectre: صورت - شکل - بھوت - پریت - سایہ

Appeal, *v. t.* To call on one to come and help; to have recourse to; to ask that a case be taken from one court to another; to refer to a superior judge: فریاد کرنا مرافعت کرنا - اپیل کرنا - عدالت ادنی سے عدالت اعلی میں چارہ جوي کرنا * **To—to arms,** هتهیار سے چارہ جوي کرنا

——, *n.* A call for help; recourse; a supplication; an entreaty; a reference to a higher court: نالش - فریاد - مرافعت - صدر عدالت سے چارہ جوي

Appear, *v. t.* To be visible; to seem; to come in the presence of a superior; to be manifest: دکھلائي دینا - معلوم هونا - نظر آنا - حاضر هونا - پیش هونا - ظاهر هونا - اگهڑنا - نمایاں هونا

Appearance, *n.* Act of coming into sight; the thing seen; external show; semblence; mien; presence; sign: دکهاوا - نموداري - ظهور - شکل - موجودگي - حاضري - ظاهري صورت - نمایش - آثار * **To keep up—,** حیثیت بناتے رهنا

Syn.—Arrival, air, look, manner, mien.

Appease, *v. t.* To make quiet; to compose; to satisfy; to dispel, hunger, fear &c.: خاموش کرنا - راضي کرنا - شانت کرنا - ٹھنڈا کرنا - منانا - مارنا - دبانا - فرو کرنا

Appellant, *n.* One who appeals: داد خواہ - اپیلانٹ - مرافعت کرنیوالا

Appellate, *a.* Relating to appeals; having cognizance of appeals: مرافعت سے نسبت رکھنے والا - اپیل سنے والي (عدالت)

Appellation, *n.* Address; name; title: خطاب -

Appellative, *n.* Name; title: * نام - لقب - اسم جنس *a.* *(Gram.)* naming or marking out; denominative: نکرہ - جاتي نام باچک - لقبیہ - جنسیہ

Append, *v. t.* To attach ; to annex ; to add to hang ; to subjoin :- نتھی کرنا - منسلک کرنا - لگانا - ملحق کرنا . شامل کرنا لٹکانا . جوڑنا .

Appendage, *n.* Something added or annexed to : ضمیمہ - تتمہ - الحاق - پیوند . آویزہ

Appendant, *a.* Annexed ; hanging ; attached : ملحق - آویزاں - منسلکہ

Appendix, *n.* (*pl.* **Appendixes, Appendices**) A supplement or adjunct to book : to - تتمہ ضمیمہ - ذیل

Appertain. *v. t.* To belong to ; to relate : علاقہ رکھنا - متعلق ہونا . سنبندھ رکھنا

Appertaining, *p. a.* Proper : مناسب - واجب

Appetible, *a.* Desirable , engaging : - دلخواہ دلپزیر

Appetite, Appetence, Appetency, *n.* Natural desire ; inclination ; tendency ; hunger : خواہش - رغبت - رجحان . اشتیاق . بھوک گرسنگي . اشتہا

Syn.—Craving, longing, desire.

Applaud, *v. t.* To praise highly ; to commend ; to extol ; to show approval of (esp. by clapping the hands) : تعریف کرنا - تحسین کرنا - تالي بجانا - واہ واہ کرنا - سراہنا - آفریں کرنا

Syn.—Praise, extol, commend, magnify

Ant.—Deride, denunciate, scorn

Applause, *n.* Loud praise ; acclamation , shouts of praise ; cheers ; commendation : تحسین -تعریف - واہ واہ - آفریں - ستایش . مرحبا

Apple. *n.* A tree and its fruit ; the pupil of the eye ; something esp. dear : سیب - آنکھ کی پتلي - مردمک چشم - آنکھوں کا تارہ - کلیجہ کا ٹکڑا * **—of discord,** جھگڑے کي جڑ - لڑائی کا گھر * **—of love, love—,** ولایتي بیگن - ٹماٹر * **Apple-pie order,** perfect order : درستي - اچھا انتظام - ترتیب * **In apple-pie order,** ٹھیک ٹھاک - سجا سجایا *

Appliance, *n.* Act of applying ; thing applied ; means or instrument ; a device ; a remedy ; apparatus : - لگاوٹ - پیوند - اسباب - اوزار - حکمت - تجویز - سامان

Applicability, Applicableness, *n.* Suitability: مطابقت - مناسبت - لگاو

Applicable, *a.* Suitable ; fit ; relevant : to the point : - مناسب - مطابق - موزوں - جو لگ سکے ٹھیک .

Applicant, *n.* One who applies ; a petitioner ; a candidate : سائل - درخواست - کنندہ - عرضي دینے والا

Application, *n.* Act of applying ; laying on medicine ; practical lesson or moral of fables, &c. (as, You know the fable of "King Log" what is the *application*) ; petition ; close devotion or attention ; sense : - لگاو - دوا لگانا (تیل - مرہم - زماد) نصیحت - استعمال - درخواست - عرضي - توجہ . مشغولیت - موقع

Apply, *v. t.* To lay or place ; to use or employ ; to use as fitting or relative ; to give the mind to ; to apply oneself in earnest : . لگانا - رکھنا - استعمال کرنا - عاید کرنا - لگانا - منسوب کرنا - دل لگانا یا دینا - سرگرمي سے کام کرنا - کمر باندھنا .

—, *v. i.* To suit ; to agree ; to make request ; to attend closely : درست کرنا * To have recourse to (with a view to gain something) : ٹھیک ہونا - لگنا - ماننا - ٹھیک آنا - شایاں ہونا - درخواست کرنا . چاہنا یا مانگنا - دھیان دینا

ppoint, *v. t.* To establish ; to give place to ; to put into an office ; to fit out ; to equip : نصب کرنا - مقرر کرنا . تعینات کرنا - جگہ دینا تیار کرنا - آراستہ کرنا

ppointment, *n.* Act of appointing ; settlement ; designation to office ; an office held ; stipulation ; engagement for meeting (with) ; (*pl.*) decoration ; equipments : تقرري - ملنے کا وعدہ - قول قرار - حکم - عہد - آراستگی - ساز و سامان

Apportion, *v. t.* To divide in just shares ; to allot ; to distribute ; to assign : - تقسیم کرنا - حصہ کرنا . بانٹنا - مخصوص کرنا - ٹھہرانا

Apportionment, *n.* A dividing into parts : تقسیم . بٹائي

Apposition, *n.* Addition ; a setting to ; accretion ; juxtaposition : زیادتی - اضافہ - نزدیکي (*Gram.*) دو اسموں کا ایک حالت میں ہونا

Apposite, *a.* Suitable ; fit ; very applicable ; appropriate : موزوں - موقع کا - برمحل - ٹھیک

Appraise, *v. t.* To estimate the value of ; to set a price upon : - تشخیص کرنا - مول لگانا - آنکنا - قیمت ٹھہرانا - کوتنا - نرخ ٹھہرانا

Appraisement, *n.* Act of appraising ; valuation ; estimation of worth : - تخمینہ - تشخیص - اندازہ - انک

Appraiser, *n.* A professional valuer : - جنچوریا - انکویا - نرخی - دلال

Appreciable, *a.* Perceptible ; capable of being valued ; considerable : معلوم ہونے کے قابل - قابل قدر

Appreciate, *v. t.* To esteem highly ; to value : قدردانی کرنا - چاہنا - گن پہچاننا

Appreciation, *n.* Correct estimation ; valuation ; rise : قدردانی - گرانی

Apprehend, *v. t.* To arrest ; to seize : گرفتار کرنا - پکڑنا * To understand ; to imagine ; to conceive ; to be in fear of a future evil : سمجھ لینا - خیال میں لانا - خوف کھانا - دغدغہ رکھنا - اندیشہ کرنا

Apprehension, *n.* Arrest ; seizure : گرفتاری * Fear ; distrust : خوف - اندیشہ - دغدغہ * Conception ; perception : سمجھ - فہم (as, He is a man of dull *apprehension* : وہ ٹھوس دماغ کا (غبی) آدمی ہے ; Vulgar *apprehension* : (عام فہم)

Apprehensive, *a.* (*prep.* of) Anticipative of evil ; suspicious , fearful : اندیشہ مند - خایف

Apprentice, *n.* One bound to another to learn a trade or art ; a candidate ; a learner ; a novice : شاگرد - نو آموز - اُمیدوار - کام سیکھنے والا

Apprenticeship, *n.* The time an apprentice serves : زمانۂ شاگردی - شاگرد عام

Apprise, *v. t.* To give notice (of) ; to inform : واقف کرنا - خبر دینا - اطلاع دینا - جتانا - چتانا

Approach, *v. t.* To come or go near in time or place ; to advance nearer ; to bring near ; to come or draw near to ; (*fig.*) to come near or resemble : نزدیک آنا - قریب پہونچنا - آ پہونچنا - نگچیانا - آ یا جا لگنا - پہرنا

——, *n.* The act of drawing near ; a coming or advancing near ; access ; a passage ; (*pl.*) trenches ; advances : نزدیکی - آمد - رسائی - گذر - پہونچ - راستہ - مورچے - رسوخ پیدا کرنے کے ہیلے

Approbation, *n.* Commendation ; approval ; sanction : منظوری - پسندیدگی - قبول - خاطر پذیری

Syn.—Consent, liking, concurrence.

Appropriate, *v. t.* To take as one's own ; to set apart for or assign to ; (*Law*) to alienate a benefice : اپنا کرنا - اپنانا - لے لینا - اپنے قبضہ میں لانا - اپنے تصرف میں لانا - مخصوص کرنا - علیحدہ کرنا - نکال رکھنا - وقف کرنا - خدا کے نام * یا اللہ کی راہ میں دینا - سنکلپ کرنا - دھرم میں لگانا *—**in account,** حساب میں لگانا - محسوب کرنا *—**wrongly,** ہتیا لینا - دبا لینا - ناجایز طور پر قبضہ کرنا - غبن کرنا - خورد برد کرنا

——, *a.* (*prep.* to, for) Fit ; suitable ; set apart for a particular purpose : لایق - واجب - مخصوص

Appropriateness, *n.* Suitableness ; fitness : مناسبت - موافقت

Appropriation, *n.* Application to a particular use ; anything set apart : تصرف - تخصیص - وقف - دھرمارتھ

Approval, (*proov'.*) *n.* Approbation ; commendation : پسندیدگی - منظوری - مقبولی - خوشنودی

Approve, (*proov'.*) *v. t.* (Prep. *of*) To like ; to think or speak well of ; to be pleased with ; to commend ; to sanction officially ; to prove to be ; to sanction : پسند کرنا - تعریف کرنا - قبول کرنا - منظور کرنا - ثابت کرنا - تصدیق کرنا - ماننا

Approvable, *a.* Capable of being approved ; meritorious : منظوری کے لایق - قابل

Approver, *n.* One who confesses a crime and accuses another : مجرم اقراری

Approximate, *a.* Coming near to ; lying very close to ; nearly equal or correct : نزدیک - قریب - قریب - برابر یا صحیح - عنقریب

——, *v. t.* To approach (especially said of amount ; state or degree) ; *esp.* to draw near to : نزدیک جانا - پہونچنا - قریب قریب ہونا - لگ بھگ ہونا * *v. t.* To make nearly equal : قریب پہونچانا

Approximation, *n.* Act of coming near ; an approach ; figures nearly but not correct : نزدیکی - تقریب - تقرب

Appulse, *n.* A striking against ; a touching ; a sudden contact : ٹکر - ٹھوکر - ملاپ

Appurtenance, *n.* An adjunct ; an appendage : متعلق شے - لوازم

Apricot, *n.* A stone fruit : خوبانی - زرد آلو

April, *n.* The fourth month of the year : انگریزي چوتھا مہینہ - چیت بیساکھ

Apron, *n.* A covering for the front part of the body ; an article of clothing worn in front to protect the clothes from dust or injury : کپڑا جو پوشاک کو صاف رکھنے کے لئے کام کرتے وقت سامنے پہنا جاتا ھے - تہہ بند * **—string,** کردھني

Apropos (*ap-ro-po*), Opportune ; seasonable ; to the purpose ; fitting the occasion ; by the way : بر محل - موقع پر - مناسب حال - سمئي انوسار

Apt, *a.* Fit ; liable ; inclined ; liable ; having a tendency ; quick to learn ; ready ; prompt : معقول - مناسب - لایق - مایل - راغب ھونےوالا - تیز فہم - آمادہ - مستعد - مرغوب - اولین

Syn.—Meet, disposed, qualified, quick, ready, inclined.

Aptitude, Aptness, *n.* Fitness ; tendency ; readiness ; readiness in learning ; docility ; talent : قابلیت - رغبت - مستعدي - تربیت پزیري - استعداد

Aptly, *ad.* In a suitable manner ; pertinently ; readily ; cleverly : معقول طور سے - سلیقے سے - مستعدي سے - ھوشیاري سے

Aqua fortis, *n.* Nitric acid : شورہ کا تیزاب

Aquarius, *n.* The water-bearer : a sign in the zodiac which the sun enters about the 21st of Jan. : برج دلو - کمبھ راس

Aquatic, *a.* Living or growing in water : آبي - دریائي - جلچر

Aquatic, *n.* A plant which grows in water ; *pl.* Sports or exercises practised on or in water as rowing, swimming : آبي پودا - جل - بروا - پاني کے کھیل مثلاً تیرنا - کودنا وغیرہ

Aqueduct, (*ak'we-dukt.*) *n.* An artificial channel for water : نالي - موري

Aqueous, *a.* Watery : آبي - مرطوب * **—humour,** آنکھ کي رطوبت

Aquiline, *a.* Resembling an eagle's beak (nose) ; hooked : ٹیڑھا - انکڑي دار - عقاب کي چونچ سا

Arab, *n.* A native of Arabia : عرب کا باشندہ - عربي گھوڑا * **Street Arabs,** neglected or homeless boys or girls. لاوارث لڑکے

Arabesque, *a.* In the manner of Arabian architecture : عرب کي معماري کے موافق - نقشین - بیل بوٹے دار

Arabic, *n.* The language of the Arabians : اہل عرب کي زبان - عربي * **Gum—,** ببول کا گوند

Arable, *a.* Fit for ploughing or tillage : قابل زراعت - جوتنے لایق - کھیتي یوگ

Arbiter, Arbitrator, *n.* A person appointed or chosen by parties in controversy to decide their differences ; an umpire ; a judge : ثالث - منصف - پنچ

Arbitrament, *n.* Award ; decision determination ; settlement : فیصلہ - فیصلہ ثالث - فیصلہ پنچ

Arbitrarily, *ad.* In an arbitrary manner ; absolutely ; tyrannically ; capriciously : زبردستي سے - جبراً - سینہ زوري سے - خودسري سے

Arbitrary, *a.* Despotic ; not bound by rules ; absolute ; capricious : خودسر - خود مختار - بیقاعدہ - زبردستي کا - بے وجہ - دایر و سایر - ظالم * **—government,** خود مختار سلطنت - سلطنت مطلق الاعنان

Arbitrate, *v. t.* To hear and decide, as arbitrators : ثالثي کرنا - پنچایت کرنا - انصاف کرنا - چکانا

Syn.—Tyrannical, imperious, unjust.

Ant.—Compliant, docile, meek, submissive.

Arbitration, *n.* Act of arbitrating ; decision between two parties by someone whom they have chosen : فیصلہ - پنچایت - ثالثي - نبٹیرا - فیصلہ - بیچ بچاؤ

Arbitress, Arbitratrix, *n.* A female arbiter, پنچ (عورت)

Arborcial, Arboreous, *a.* Relating to trees ; like a tree, living on trees : درختوں کے متعلق - پیڑ جیسا - پیڑوں پر رھنے والا - شجري

Arbor, *n.* (*Mech.*) On axis or spindle : دھرا - دھري

Arboriculture, *n.* The cultivation of trees and shrubs : درخت و جھاڑي کي کاشت - پیڑ لگانا

Arbour, *n.* A bower ; a seat in the open air shaded by intertwining branches and climbing plants : کنج - مشجر - منڈپ - مانڈھا

Arc, *n.* Part of the circumference of a circle : قطعہ دایرہ - قوس - چکر ٹکڑا - کمان - دھنک

Arcade, *n.* A series of arches; an arched passage: محرابدار راستہ - سلسلہ محراب - کمانچہ

Arcanum, (*pl.* **Arcana.**) A secret; a mystery: راز - بھید - پوشیدہ بات

Arch, *n.* Part of a circle; a carved row of wedgeshaped stones covering an opening or supporting a wall kept from falling by their pressure against each other; a vault: قطعہ دایرہ - ڈاٹ - محراب - گمبد - گمٹ

——, *a.* (Principally used in composition as the first part of many words, as *arch*bishop &c.) (1) Chief; of the first class or rank. (2) Cunning; sly; shrewd: اول - سردار - سرگروہ - پر غمزہ - شوخ

Archæology, *n.* The science of antiquities; knowledge of ancient things, as arts, customs, &c. قدیم چیزونکا علم - زمانہ سلف کي دستکاري و عمارات وغیرہ تواریخي باتونکا علم

Archaic, *a.* Ancient; obsolete: قدیم - پرانا - متروک الاستعمال

Archaism, *n.* An antiquated phrase; a word no longer used in a certain sense: پرانا محاورہ - معني متروک الاستعمال

Archangel, *n.* An angel of the highest order in the celestial heirarchy: فرشتہ مقرب - ملک الموت

Archbishop, *n.* A chief bishop: بڑا پادري - لاٹ پادري

Archdeacon, *n.* A bishop's deputy: بڑے پادري کا نائب

Arch-duke, *n.* A grand duke (*esp.*) in the Austrian royal family: امیر اعظم

Arch-enemy, *n.* A chief enemy; Satan: خاص دشمن - شیطان

Archer, *n.* One who is skilled in the use of bow and arrow; a bowman: تیرانداز - دھنش دھاري

Archery, *n.* The art of shooting with bows and arrows: تیراندازي

Archetype, (—ke-tip), *n.* The original pattern: اصل نمونہ

Archipelago, *n.* A sea abounding in small islands; a group of isles: مجموعہ الجزائر - ٹاپوؤں کا جھنڈ

Architect, *n.* A professor of the art of building; a master-builder; a contriver: معمار - راج - موجد - کاریگر

Architectural, *a.* Relating to the art of building: فن عمارت کے متعلق

Architecture, *n.* The art or science of building; structure: فن عمارت - معماري - علم تعمیر - ساخت - ڈول

Architrave, *n.* That part of an entablature which rests on the column: چھت اور کھمبے کے درمیان کي عمارت - مرغول کگر

Archives, *n. pl.* Repository of government records; ancient records: سرکاري کاغذات کا دفتر - پرانے کاغذات

Archivist, *n.* The keeper of records: محافظ دفتر

Archivilain, *n.* A thorough rascal: پکا شہدا

Archway, *n.* A passage under an arch: راستہ جو محراب کے بھیتر سے ہو

Arctic, *a.* Northern; surrounding or lying near the north pole: شمالي - اُتري - بارید

Ardency, *n.* Eagerness; zeal; warmth; ardour: اشتعاق - سرگرمي

Ardent, *a.* Hot; vehement; passionate; fervent: * گرم - تند - پرجوش - دلسوز - سرگرم - کمال
—desire, کمال آرزو

Syn.—Burning, intense, eager, keen, vivid, zealous.

Ant.—Cool, indifferent, listless, calm.

Ardour, *n.* Heat; warmth of passion; eagerness: گرمي - جوش - گرم جوشي - شوق - سر گرمي

Arduous, *a.* Difficult; hard (task or employment); laborious: مشکل - دشوار - سخت - محنت طلب

Syn.—Trying, painful, wearisome.

Are, (The present tense plural of the verb *to be.*) ھیں - ھو

Area, *n.* Any plane surface; a court; the superficial contents of any space; a surface, as given in square inches, feet, yards, &c.; scope: سطح - صحن - رقبہ - عرض و طول - گنجایش

Areca-nut, *n.* Betel-nut: سپاري - چھالیا - ڈلي

Enumerate, *v. t.* To number ; to reckon singly ; to detail : گننا - شمار کرنا - تفصیل کرنا - ایک ایک بیان کرنا یا سنانا

Enumeration, *n.* Act of numbering : شمار - گنتي - حساب تذکرہ

Enunciate, *v. t.* To declare ; to proclaim ; to utter : بیان کرنا - دعوی بیان کرنا - اعلان کرنا - مشتهر کرنا - ظاهر کرنا

Enunciation, *n.* Declaration ; utterance of words : دعوی - اظهار - اعلان - تلفظ - بیان

Envelop, *v. t.* To inclose ; to cover ; to hide : ملفوف کرنا - ڈھانکنا - گھیرنا - چھپانا

Envelope, *n.* A covering for a letter ; a wrapper : لفافہ - غلاف

Envelopment, *n.* Entanglement, perplexity : پیچ و تاب - پھنساؤ - الجھن

Envenom, *v. t.* To poison : زہر آلودہ کرنا - زہر ملانا - زہر میں بجھانا - تلخ کرنا * To taint with bitterness or malice : متنفر کرنا - عداوت پیدا کرنا - کسي کي طرف سے دل میلا کردینا

Enviable, *a.* Exciting envy : حسد انگیز * Desirable : قابل رشک - مرغوب خاطر

Envious, *a.* Feeling envy : jealous ; spiteful ; malicious : کینہور - حاسد - بداندیش

Environ, *v. t.* To surround ; to encompass : گھیرنا - محاصرہ کرنا

Environment, *n.* The act of surrounding ; that which encompasses ; a surrounding : چوگردہ - حوالي - نواح - پڑوس

Environs, *n. pl.* Places that lie around a town : suburbs : قرب و جوار - اطراف - مفصل - گرد نواح - حوالي

Syn.—Neighbourhood, vicinity.

Envoy, *n.* A public minister sent from one power to another ; a diplomatic agent ; a plenipotentiary : ایلچي - سفیر

Envy, *v. t.* To grieve at another's good ; to grudge : حسد کرنا - رشک کرنا - ڈاہ لیجانا - دیکھہ نہ سکنا - دیکھہ دیکھہ کے جلنا * *n.* Pain excited by another's prosperity ; jealousy ; malice ; spite : حسد - بغض رشک - کینہ

Enwrap, *v. t.* To wrap up : to envelop : لپیٹنا - ڈھانکنا

Epact, *n.* The difference in length between solar and lunar time : قمري اور شمسي مہینے کا فرق

Epaulet, *n.* A badge worn on the shoulder by military and naval officers : جوبا جو فوجي اور بحري حاکموں کي وردي میں کندھے پر ہوتا ہے - جوبا - بلا

Ephemera, *n.* An insect that lives one day only ; a fever that lasts but one day : ایک کیڑا جو صرف ایک روز زندہ رہتا ہے - دن بھر کا بخار

Ephemeral, *a.* Lasting one day ; short-lived : یکروزہ - قلیل الحیات - سریع الزوال - جلد مرجانے والا

Ephemeris, *n.* An astronomical almanac ; a journal : ستاروں کا روزنامچہ - تقویم

Epic, *a.* Containing heroic narration:- رزم کا بیان - آلا - کڑکا - سا کہا * *n.* An epic or heroic poem : نظم رزمیہ یا بہادرانہ

Epicene, *a.* Common to both sexes : تانیث و تذکیر میں مشترک

Epicure, *n.* A luxurious and dainty eater : شکم پرور - پیٹو - عیاش - خوش خوراک - نعمت شناس نفس پرست

Epicurean, *a.* Luxurious ; sensual :- چٹورا نفساني کہاوارا - عیاش

Epicycle, *n.* A little circle whose centre is on the circumference of a greater circle ; ایک چہوٹا دائرہ جسکا مرکز بڑے دایرے کے محیط میں ہو

Epidemic, *a.* Affecting great numbers ; generally prevailing : - (مرض) بہتیرو نکو گرفتار کرنیوالا - جہانگیر - عالم میں پھیلنے والا - اڑني - پھیلني - لگني - متعدي * *n.* A disease generally prevailing : عام وبا - مہا ماري

Epidermis, *n.* The outer skin of the body : جلد کي اوپر کي پرت - جہلي

Epigram, *n.* A short, witty poem ; any concise and pointed saying : لطیفہ - غزل - چٹکلہ - نکتہ

Epigrammalist, *n.* A writer of epigrams : لطیفہ نویس

Epigrammatic, *a.* Like an epigram ; concise and pointed : لطیفہ کے متعلق - نکتہ پرداز -- شستہ رفتہ - تلا و دلا

Epigraph, *n.* An inscription on a building, tomb, &c. ; a motto at the commencement of a book or its parts : نوشتہ جو کسي عمارت یا قبر وغیرہ پر کہدا ہو - کتبہ - لوح - مقولہ - کلام

Epilepsy, *n.* The falling sickness : مرگي - صرع

Epileptic, *a.* Afflicted with or pertaining to epilepsy ; convulsed : مرگي والا -- صرع کے متعلق

Epilogue, *n.* A speech at the end of a play ; conclusion of a book : تقریر جو نقل یا تماشہ کے آخر میں حاضرین سے کہي جاے - خاتمہ - تقریض

Episcopacy, *n.* Government of the church by bishops : سردار پادري کي حکومت کلیسیہ

Episcopal, *a.* Governed by bishops ; vested in bishops : سردار پادري کے ماتحت یا اختیار میں

Episcopate, *n.* Office of a bishop : سردار پادري کا عہدہ

Episcopicide, *n.* The murderer of a bishop : پادري کا قاتل

Episode, *n.* An incidental narrative ; a digression : اتفاقي ماجرا - داستان در داستان

Epistle, *n.* A writing sent to a person ; a letter : خط - رقعه

Epistolary, *a.* Relating to an epistle : - مکتوبي خط کتابت کے متعلق

Epitaph, *n.* A commemorative inscription on a tomb : کتبه - لوح قبر - نوشته

Epithalamium, Epithalmy, *n.* A nuptial song : جلوه کا گیت - شادیانا - گھوڑي بدھائي

Epithet, *n.* An adjective denoting a quality ; a title : صفت - لقب

Epitome, *n.* An abridgment ; a compendium : انتخاب - خلاصه

Syn. - **Abstract, summary, synopsis.**

Epitomize, *v. t.* To shorten or abridge ; to summarise ; to make an extract : - اختصار کرنا انتخاب کرنا - خلاصه کرنا - چھانٹنا - لب لباب نکالنا

Epoch, *n.* A fixed point of time or period ; age : زمانه - عهد - جگ - دور - تاریخ - قابل یاد گار زمانه

Syn. -- **Era, time, date, period.**

Epode, *n.* The last part of an ode : قصید کا آخري حصه - قطعه - چوپاي

Epopee, *n.* The history or action of an epic poem : تواریخ رزمیه - ساکھا

Epsom-salt, *n.* The sulphate of magnesia ; a useful purgative medicine : ایک قسم کا نمک جو جلاب کے کام آتا هے

Equable, *a.* Equal and uniform ; even : - برابر هموار - یکساں

Equal, *a.* Having the same magnitude, dimensions, value, or degree ; adequate ; just : مساوي - برابر - هموار - موافق - مناسب * *n.* One of the same age, rank, or merit : - همسر همرتبه - همقدر - برابري والا * *v. t.* To be equal to ; to recompense fully ; to make equal : یکساں هونا - برابر هونا - پورا کرنا - مساوي کرنا

Equality, *n.* Likeness ; uniformity ; sameness ; evenness : - برابري - همواري - یکساني - همسري موافقت

Equalization, *n.* Act of equalizing : - برابري مساوات - یکساني

Equalize, *v. t.* To make equal ; to make even : برابر کرنا - هموار کرنا

Equally, *ad.* In the same degree ; uniformly : اُسیقدر - اتناهي - برابر برابر - ایساهي

Equanimity, *n.* Evenness of mind : - استقلال قرار - تحمل - مزاج کي یکساني - متحمل مزاجي

Equation, *n.* A making equal ; equal division : مساوات - برابري - تقسیم مساوي

Equator, *n.* A great circle passing round the middle of the globe, at an equal distance from the two poles : خط استوا - خط اعتدال

Equatorial, *a.* Pertaining to the equator : خط استوا کا - استوا کے متعلق

Equerry, *n.* One having the nobleman : داروغه جسکے بادشاه یا امیر کے گھوڑونکي نگراني سپرد هو - داروغه اصطبل - میر اخور

Equestrian, *a.* Pertaining to horses or horsemanship ; riding on horseback habitually : گھوڑوں سے متعلق یا منسوب - شهسواري کا - چابک سواري میں مشاق * *n.* A horseman ; a rider : شهسوار - سوار

Equiangular, *a.* Having equal angles : مساوي الزاویة - سمکون

Equidistant, *a.* At an equal distance from the same point : هم فاصله - برابر

Equiform, *a.* Having the same form : همشکل

Equilateral, *a.* Having all the sides equal : متساوي الاضلاع

Equilibrate, *v. t.* To balance ; to counterpoise : هم پله کرنا - هم وزن کرنا

Equilibrium, *n.* Equality of weight ; level position : هم وزني - مساوات - برابري

Equinoctial, *a.* (*ekwi-nok'shal*), The great circle in the heavens, which answers to the equator : - معتدل النهار - متعلق سر زمین استواي اس موسم کے متعلق جب اعتدال لیل و نهار هوتا هے

Equinox, *n.* The precise time when the days and nights are equal : - نقطه اعتدال لیل و نهار رات دن کي برابری جو ۲۱ مارچ اور ۲۳ ستمبر کو هوتي هے

Equip, *v. t.* To fit out ; to prepare ; to furnish : مسلح کرنا - تیار کرنا - آراسته کرنا

Syn. - **Furnish, provide, fit out.**

Equipage, *n.* Furniture; fitting a carriage and attendants ; retinue : - اسباب - ساز و سامان - سواري - جلو - همراهي

Syn.—**Apparatus,** equipment, baggage.

Equipment, *n.* Act of equipping : آراستگي - سامان - تیاري * Any apparatus furnished : لوازمہ

Equipoise, *n.* Equality of weight or force : ھم وزني - استقلال

Equipollent, *a.* Equal in force or power ; equivalent : ھم قوت - برابر زور والا

Equiponderance, *n.* Equality of weight : ھموزني

Equiponderant, *a.* Of the same weight : ھم وزن

Equitable, *a.* Loving justice ; impartial ; upright : حق پسند - منصف - راست

Syn.—Just, fair, honest, reasonable.

Equity, *n.* Justice; according to common sense ; impartiality ; fairness : عام عقل کے رو سے انصاف - انصاف - حق رساني - عدل - راستي

Equivalence, *n.* The state of being equivalent : مساوات - برابري - معادلت

Equivalent, *a.* Equal in power or merit : مساوي - برابر - مساوي القوت - معتدل - ھم قدر چیز - ھم معني لفظ

Equivocal, *a.* Ambiguous ; uncertain ; doubtful ; unsatisfactory : ذو معني - مشتبہ - مذبذب

Equivocate, *v. i.* To use words of double meaning ; to speak ambiguously : ذو معني بات کہنا - مشتبہ الفاظ بولنا

Equivocation, *n.* Ambiguity of speech : ذو معني الفاظ - ابہام - تذبذب - ھیر پھیر - پیچ کي بات

Era, *n.* A fixed point of time, from which a series of years is reckoned : سن - سال - سمبت

Syn.—Epoch, period, date, age.

Eradicate, *v. t.* To root out ; to extirpate ; to destroy : جڑ سے اوکھاڑنا - نیست کرنا - رفع کرنا - بیخ کني کرنا - نیست کرنا * *v. i.* To shoot out like a ray of light : چمکنا - کرن نکلنا

Eradicative, *a.* Serving to eradicate : جڑ سے اوکھاڑنیوالا - معدم

Erase, *v. t.* To blot out ; to efface ; to scrape out : مٹانا - نیست و نابود کرنا - چھیل ڈالنا

Syn.—Extirpate, uproot, destroy.

Erasement, *n.* Expunction ; obliteration : چھیل چھال - مٹاؤ - محو

Erasure, *n.* Act of erasing : کاٹ کوٹ - چھیل چھال

Ere, *ad.* and *prep.* Before ; sooner than : قبل - پیشتر - قبل ازیں

Erect, *a.* Upright ; perpendicular ; directed upward ; bold : سیدھا - استادہ - مستقل - اونچا - اٹھا ھوا - بیباک - بہادر * *v. t.* To set upright ; to lift up ; to build : کھڑا کرنا - قایم کرنا - بلند کرنا - بنانا

Syn.—Set up, raise, elevate, build, found.

Erectile, *a.* That may be erected : جو کھڑا کیاجا سکے

Erection, *n.* A setting upright ; elevation ; a structure : استادگي - بلندي - تعمیر - عمارت

Syn.—Building, edifice.

Erelong, *ad.* Soon ; before long : جلد - تھوڑے عرصہ میں

Eremite, *n.* A hermit : گوشہ نشین - زاھد - تپشي

Erenow, *ad.* Before this time : اس سے پیشتر - قبل ازیں

Erewhile, *ad.* Some time ago ; before now : کچھہ عرصہ گذرا - قبل ازیں - اس سے پہلے

Ergo, *ad.* Hence ; therefore : پس - اس لئے - لھذا

Ergot, *n.* A protuberance on a horse's leg : ایک گھوڑے کي بیماري

Ermine, *n.* A species of animal and its fur : ایک چھوٹا جانور اور اسکا بال - قاقم

Erode, *v. t.* To eat away : کھا جانا - چاٹ جانا

Erosion, *n.* Act of eating away ; corrosion : کھا جانا - کاٹ - رگڑ

Erosive, *a.* Corrosive : کاٹنیوالي

Err, *v. t.* To wander ; to mistake ; to sin : گمراہ ھونا - غلطي کرنا - خطا کرنا

Errand, *n* A message ; mission : پیغام - سندیسا

Errant, *a* Wandering ; roving : گمراہ - سرگرداں - آوارہ

Erratic, *a.* Wandering ; deviating : آوارہ - سیلاني - منحرف * Irregular ; uncertain : بے قاعدہ - بے ٹھیک

Erratum, *pl.* **Errata,** *n.* An error in writing or printing : تحریر یا چھاپے کي غلطي - بھول

Erroneous, *a.* Containing error ; incorrect ; false ; misleading : غلط - نادرست - باطل - بھولانیوالا

Error, *n.* A mistake ; a blunder ; a sin : غلطي - بھول - گناہ * Errors and omissions. E. & O.

بهول چوک * Errors and omissions excepted, E. & O. E. : بهول چوک چهوڑ کے * Clerical—, کاتب کي غلطي - سهو کتاب

Erubescence, *n.* Redness ; blush : سرخي - لالي

Eruct, *v. t.* To belch : ڈکار لينا

Erudite, *a.* Learned : عالم - فاضل

Erudition, *n.* Knowledge gained by the study of books ; learning : فضيلت - علميت - لياقت

Syn.—Knowledge, learning, lore, scholarship.

Ant.—Imprudence, nonsense, foolishness, absurdity.

Eruption, *n.* Act of breaking forth ; emission ; explosion : دهڑک - پهوٹن - پهپهکار * The rash pustules accompanying a cutaneous disease : پهنسي - پهوڑا - اُبهار

Eruptive, *a.* Bursting forth ; having eruption : اُبهرنيوالا - پهوٹ نکلنے والا

Erysipelas, *n.* A disease called St. Anthony's fire : an inflammatory disease : سرخ باده

Escalade, *n.* An attack in which ladders are used to mount a rampart : حمله جسميں قلعه کي ديواروں پر سيڑهي يا کمند لگاکر چڑهيں - کمند اندازي

Escapade, *n.* A prank ; a mischievous freak ; the fling of a horse : - خلاف قاعدگي - شرارت - نٹکهٹي - پشتک اندازي

Escape, *v. t.* To flee from and avoid ; to be saved from ; to shun ; to run out or issue ; to free from one's self : - ٹهل بهاگنا - بهاگنا - بچنا - * گريز کرنا - فرار هونا - نکل جانا - - کهسک جانا **To—one's notice,** * نظر يا نگاه سے ره جانا * *n.* Act of avoiding ; flight ; evasion : - بچاؤ - گريز - بهگاؤ - - بريت - خلاصي * **To make an—,** فرار هوجانا - کافور يا رفو چکر هونا

Escapement, *n.* Act of escaping : بچت - گريز * A contrivance in a time piece : گهڑي کا ايک پرزه جس سے حرکت باقاعده هوتي هے

Escarp, *v. t.* To slope : ڈهالو بنانا

Escheat, *v. i.* To revert or become forfeited by failure of heirs : ضبط هونا - لاوارث مال هونا

——, *n.* Property that falls to the lord of the manor by forfeiture or for want of heirs : بيت المال - لاوارث مال - نزول

Eschew, *v. t.* To shun or avoid : کناره کرنا - دور رهنا - ترک کرنا

Escort, *n.* A guard : بدرقه - محافظ - نگهبان

Esculent, *a.* Good for food ; eatable ; edible : خوردني - کهانے کے قابل

Escutcheon, *n.* A family shield bearing a coat-of-arms : - ڈهال خانداني - اميري خاندان کي علامت - نام - ابرو

Esoteric, *a.* Secret and recondite : - پوشيده - مخفي اور دقيق

Especial, *a.* Principal ; chief ; particular : خاص - مقدم - مخصوص

Especially, *ad.* Chiefly : خصوصاً

Espionage, *n.* Secretly watching the words and actions of others ; the employment of spies : - پوشيده طور سے اوروں کے گهر کا بهيد لينا - جاسوسي - بهيدياپن

Esplanade, *n.* An open space before a fortification : قلعه کے سامنے کا ميدان

Espousal, *n.* Act of espousing ; betrothal ; adoption ; protection : - منگني - سگائي - پشتي - اختيار کرنا - اپنے اوپر لے لينا - حفاظت

Espouse, *v. t.* To marry ; to betroth ; to take up : سگائي کرنا - منگني کرنا - شادي کرنا - نکاح کرنا - لينا

Espy, *v. t.* To catch sight of ; to inspect narrowly ; to descry : - ديکهنا - تاڑنا - غور سے ديکهنا - نگاه کرنا - پهچاننا - ناگاه نظر کرنا

Esquire, *n.* The attendant of a knight : - سوار کا ملازم * A title of courtesy : ممتاز - تعظيم کا خطاب جو نام کے پيچهے لکها جاتا هے

Essay, *v. t.* To attempt ; to try ; to make experiment of : کوشش کرنا - جانچنا - کسنا - کسوٹي لگانا - آزمانا * *n.* An attempt ; a trial : - کوشش - سعي - تجربه - آزمايش * A short treatise : رساله

Syn.—Attempt, trial, endeavour.

Essayist, *n.* A writer of essays : رساله نويس

Essence, *n.* The nature of a thing ; predominant qualities ; being ; extracted virtue of any drug : - اصليت - جوهر - ست - عطر - ذات - ماده - وجود - هستي * Perfume ; scent : خوشبو

Essential, *a.* Necessary to existence ; very important ; rectified : ضروري - لازمي - خالص

Syn.—Vital, necessary.

Essential, *n.* Being something necessary : وجود - اصلي چيز - جزو اصلي

Establish, *v. t.* To settle firmly ; to ratify ; to confirm : قايم كرنا - مقرر كرنا - بنياد ڈالنا - مضبوط كرنا - مستقل كرنا

Establishment, *n.* A fixed state : قيام - برقراري * Confirmation : تقرري - بحالي - انتظام * Foundation : بنياد * An institution : كارخانه * —of right, ثبوت - حقيقت

Estate, *n.* Condition : حالت * Rank : درجه - رتبه * Order : مراتب - مهاتم * Landed property : جايداد - ملكيت * State : رياست * Realm : ملک * Government : نظم و نسق

Esteem, *v. t.* To value ; to regard ; to think : عزت كرنا - قدر كرنا - ماننا * *n.* Value ; regard ; respect : قيمت - قدر - توقير - عزت

Esthetics, *n.* Science of beauty : علم خوبصورتي

Estimable, *a.* Valuable ; respectable : قابل قدر - معزز - محترم

Estimate, *v. t.* To set a value on ; to appreciate: تخمينه كرنا - اندازه كرنا - قدر كرنا * *n.* A value set ; calculation ; estimation ; opinion of a thing's character : تخمينه - شمار - قدر - كسي چيز كي حقيقت يا وصف كي نسبت جو خيال هے

Estimation, *n.* A valuing ; calculation ; regard ; opinion : تشخيص - اندازه - حرمت - قدر - راے - تجويز

Syn. - Calculation, computation, honor, regard.

Estop, *v. t.* To impede ; to bar : روكنا - اٹكانا

Estoppel, *n.* A plea in bar : عذر - عارض - سماعت ايسے قول كي جو قايل كے فعل سابق كے خلاف هو

Estrange, *v. t.* To keep at a distance ; to alienate ; to withdraw ; to alienate the affection or confidence of : فاصله كرنا - دور كرنا - علحده كرنا - هٹا لينا - پرايا كرنا - انتقال كرنا - محبت كهينچ لينا - دل هٹا لينا

Estrangement, *n.* Alienation : علحدگي - بيگانگي - فرق

Estuary, *n.* An arm of the sea ; a firth : سمندر كي شاخ - كهاڑي

Etcætera, Etcetera, *Contr.* Etc. and &c. (Lat.) And so forth : على هذاالقياس - وغيره

Etch, *v. t.* To engrave on metal by means of *aqua fortis* : كسي دهات پر تيزاب ڈالكر نقش و نگار بنانا

Eternal, *a.* Without beginning or end of existence ; everlasting ; perpetual : ابدي - ازلي - مدامي - لازوال - استمراري

Eternise, *v. t.* To make eternal or endless : دائم كرنا - ابدي كرنا

Eternity, *n.* Duration without beginning or end : ابد و ازل - مداومت - هميشگي - قدامت - بقا

Syn. - Perpetuity, endless, duration.

Ether, *n.* The subtle fluid supposed to fill space : خالص هوا * (*Chem.*) جوهر شراب - ايک ماده لطيف - شراب كي روح

Ethereal, *a.* Consisting of ether : خالص هوا كا * Celestial : آسماني * Airy : هوائي * Spirit-like : روحاني

Ethic, *a.* Relating to ethics ; moral : علم اخلاق كے متعلق - اخلاقي

Ethics, *n.* The science of moral philosophy ; the doctrines of morality : علم اخلاق - اصول اخلاق - اصول عمل

Ethiopian, *n.* A native of Ethiopia : حبشي

Ethnic, Ethnical, *n.* Heathen ; pagan : مشرک - بت پرست

Ethnology, *n.* Science of the varieties of the human race : انسان كي مختلف نسلوں كا علم

Etiquette, *n.* Forms of ceremony ; decorum : تعظيم و تكريم - آداب تهذيب - مدارات - تكلفات - اخلاق همپيشگان

Etymological, *a.* Relating to etymology : متعلق بصرف - اشتقاقي

Etymology, *n.* That part of philology which explains the origin and derivation of words : صرف - اشتقاق

Eucharist, *n.* The sacrament of the Lord's Supper ; communion : مقدس عشاء رباني

Eulogise, *v. t.* To praise ; to commend : تعريف كرنا - ستايش كرنا

Eulogist, *n.* One who praises or commends : تعريف يا ثنا كرنيوالا

Eulogium, Eulogy, *n.* Commendation ; panegyric : تعريف - مدح - ثنا

Syn. -- Praise, encomium, panegyric.

Ant. - Calumny, vilification, abuse.

Eunuch, *n.* A man who has been castrated : خوجه - هجڑا

Eupepsia, *n.* Healthy digestion : درست هاضمه – صحیح تحلیل

Euphemism, *n.* A delicate way of expressing what might offend : نرم گوئي – ناشایستہ یا کریهه بات کو پهیر کے ساتهه یا ملایم الفاظ میں ظاهر کرنا – شکر ریزي

Euphony, *n.* An agreeable sound; smooth enunciation : خوش آوازي – حسن تلفظ

Euphuism, *n.* A high flown expression : بسیار لطیف زباني – لغت تراشي

Euphuist, *n.* نازک کلام – لغت تراش

Eurasian, *n.* A child of one European and one Asiatic parent : کراني – دوغلا – نسل جو هندوستاني عورت اور فرنگي مرد سے هو

European, *a.* Pertaining to Europe : یورپ کا – یورپ کے متعلق * *n.* A native of Europe : فرنگي – اهل یورپ

Eurus, *n.* The east wind : باد مشرقي

Euthanasia, *n.* An easy, peaceful death : وه موت جو بلا تکلیف هو – امن چین کي موت

Evacuate, *v. t.* To make empty; to discharge; to quit : خالي کرنا – ترک کرنا – چهوڑنا

Syn.—Vacate, quit, leave.

Evacuation, *n.* Act of emptying; discharge; voidance; excretion; withdrawal : اخراج – موقوفي – دست – قے

Evade, *v. t.* To escape from; to slip away; to elude; to avoid : بچنا – نکل بهاگنا – روپوش هونا – ٹال مٹول کرنا – حیله حواله کرنا * To — trouble, جي چرانا یا چهپانا – دقت سے گریز کرنا * —ing process, روپوشي از حکم عدالت

Evanescent, *a.* Vanishing; imperceptible : غایب هوجانیوالا – گذر جانیوالا

Evangel, *n.* The gospel : انجیل

Evangelical, *a.* Pertaining to the gospel; contained in the gospel; earnest for the preaching of the gospel : انجیل کے متعلق – داخل انجیل – سچا – کهرا – صاف – صادق القول

Evangelist, *n.* A writer of the history of the Saviour; a preacher of the Gospel : حضرت عیسی کي تواریخ لکهنے والا – واعظ انجیل – انجیل نویس

Evaporate, *v. i.* To pass off in vapour; to waste insensibly : بخار بنکر اڑ جانا – ابخرے اٹهنا – کافور هوجانا – اڑ جانا

Evaporation, *n.* Conversion of fluid into vapour : تبخیر – بخار – بهاپ

Evasion, *n.* Artifice; equivocation : حیله – بهانه – ٹال مٹول – فریب * —of process, کناره کشي از اجراء حکم نامه – عدول حکمي

Syn.—Shift, subterfuge, prevarication.

Evasive, *a.* Using evasion; elusive : دهوکهے باز – حیله باز – گول مول – مذبذب * —answer, گول جواب

Eve, *n.* Evening : شام – وقت مغرب * Wife of Adam : حضرت حوا

Evection, *n.* چاند کي گهٹتي بڑهتي کلا – چاند کا اوتار چڑهاؤ

Even, *ad.* Likewise; exactly; still; at the very time; emphatically : اسي طرح – ویساهي – حتی که – نیز – بهي – علي هذ القیاس – جونهي – في الفور * *a.* Level; smooth; equal : هموار – برابر – مستوي – یکساں – چورس * Not odd : جفت – عدد جو پورا دو پر تقسیم هوجاوے * —if, —though, گو – اگرچه – هرچند * *v. t.* To make level; to equalize : هموار کرنا – برابر کرنا – بے باق کرنا

Even-handed, *a.* Impartial; fair; just : برحق – منصف – راست – ٹهیک کانٹے کا تول – بلا رو رعایت * —justice, پورا انصاف

Evening, *n.* The close of the day : شام – سانجهه

Evenly, *ad.* Impartially; uniformly : بلا طرفداري کے – بلا رو و رعایت – سیدهے – هموار

Evenness, *n.* The state of being even : همواري – برابري – راستي – سنجیدگي

Even-pleached, *a.* Smoothly entertwined : سجل طور سے گتها هوا

Event, *n.* That which happens; an incident : واقعه – حادثه * Consequence; end; issue : حاصل – انجام – نتیجه * At all—s, in any case : بهر کیف – بهر حال * In the—of, اگر – در صورت

Eventful, *a.* Full of incidents and changes : پر از واقعات – سنگین – طویل – پر حوادث – پر انقلاب – گردشي

Eventual, *a.* Consequential; final : با نتیجه – قطعي – اخیر – عارضي

Eventually, *ad.* Ultimately; at last : آخر کار – انت میں

Eventuate, *v. i.* To happen; to terminate : واقع هونا – اخیر هونا – ختم هونا – انجام پانا

Ever, *ad.* At any time past or future : کبهي * At all times ; always : هميشه - مدام - سدا * For—, eternally : هميشه * —and anon, now and then ; again and again : کبهي کبهي - پهر پهر - اکثر * —so, never so, خواه کيساهي کيوں نه هو * Not—, هميشه نهيں * —changing, ڈهل مل يقين - نت بدلنے والا * —flowing, جاري - هميشه بهنے والا * —since, جب سے - تب سے * —so little, کتناهي تهوڑا * —so much, کتناهي * —young, سدا جوان * Ever spare and ever have, نت بچهاوے نت پاوے

Evergreen, *n.* A plant that is green throughout the year : سدا بهار - هميشه تروتازه

Everlasting, *a.* Lasting without end ; eternal : لازوال - ابدي - استمراري - دائم - قائم

Syn.—Eternal, endless, immortal.

Evermore, *ad.* Always ; eternally : هميشه - مدام - سدا

Evert, *v. t.* To subvert ; to destroy : پائمال کرنا - بگاڑنا - برباد کرنا

Every, *a.* Each one of a whole : هر ايک - هر نس - ايک ايک * —now and then, frequently : اکثر * —day occurrence, روزانه حالت

Everywhere, *ad.* In every place : هر کهيں - هر جگهه

Evict, *v. t.* To dispossess by legal process : قانوني حکم سے لے لينا و بيدخل کرنا

Eviction, *n.* Dispossession by judicial process : بيدخلي حسب ضابطه

Evidence, *n.* That which makes manifest ; conclusive testimony ; proof ; a witness : شهادت - گواهي - ثبوت صفائي - گواه - شاهد * —taken at the time, اظهار جو عندالمعامله ليا جاوے * Collateral—, ثبوت تائيدي * Documentary—, دستاويز - ثبوت تحريري * Ocular—, شهادت حضوري يا عيني

Evident, *a.* Plain ; clear ; manifest ; apparent : صاف - عياں - ظاهر - علانيه - صريح - معلوم

Syn.—Manifest, clear, obvious, plain.

Evidential, *a.* Affording evidence ; clearly proving : مثبت - موضح

Evidently, *ad.* Clearly ; manifestly : certainly : صاف - صريحاً - بديهي - ظاهر - ضرور - بلا شک - لا کلام تحقيق

Evil, *a.* Not good ; wicked ; sinful ; unfortunate : شرير - خراب - بد - فاسد - کمبخت - منحوس * —minded, بدانديش * —speaking, برائي - غيبت * King's—, کنٹھ مالا * To speak—of, بدگوئي کرنا

Syn.—Mischievous, hurtful, wicked, bad.

——, *n.* Wickedness ; injury ; calamity : شرارت - برائي - مصيبت * The—one, the devil : شيطان

Evince, *v. t.* To make evident ; to prove ; to show ; to overcome : آشکاره کرنا - ثابت کرنا - ظاهر کرنا - دلنشين کرنا - قائل کرنا - غالب آنا

Evincible, *a.* Capable of being proved ; demonstrable ; that may be made evident : ثابت هونے کے قابل

Evincive, *a.* Convincing : قايل کرنيوالي - يقين دلانيوالي

Eviscerate, *v. t.* To take out the bowels of : آنتيں نکالنا

Evitable, *a.* That may be avoided : قابل پرهيز - بچنے يوگ

Evitate, *v. t.* To shun ; to avoid : پرهيز کرنا - بچنا - ٹال جانا - باز رهنا

Evoke, *v. t.* To call or summon forth : پکارنا - بلانا

Evolution, *n.* Act of unfolding ; development ; a series of things unfolded ; (*Math.*) extraction of roots ; (*pl.*) orderly movements of a body of troops or of ships of war : انکشاف - کشادگي - نمايش - نمود - ترقي - الٹ پلٹ - نزول - فوج يا جنگي جهازوں کي با قاعده حرکت

Syn.—Unfolding, expansion.

Evolve, *v. t.* To unfold ; to disclose ; to expound : تهه کهولنا - ظاهر کرنا - سلجهانا - کهولنا - پهيلانا

Ewe, *n.* A female sheep : بهيڑي

Ewer, *n.* A kind of pitcher : کروا - لوٹا - صراحي - بدهنا - گڑوا - آفتابه

Exacinate, *v. t.* To take out the kernel : گودا يا مينگي نکالنا

Exacerbate, *v. t.* To provoke ; to inflame ; to irritate ; to increase the violence or malignance of : غصه بهڑکانا - مشتعل کرنا - آگ لگانا - افروخته کرنا - شدت يا سوزش کو بڑهانا

Exact, *a.* Closely correct ; punctual ; precise ; honest ; careful : درست - ٹھیک - برابر - صحیح - پر - مکمل - دیانت دار - ہوشیار - سچا - کھرا - صاف

Syn.—**Accurate, methodical.**

Exact, *v. t.* To demand ; to extort : طلب کرنا - جبراً وصول کرنا - مانگنا

Exaction, *n.* Act of extorting ; compelling to pay or yield unjust demand ; tribute : مطالبہ - دست درازی - اخذ بالجبر - زیادہ ستانی - اخذ بیجا - اخذ بالجبر * Compulsory—, محصول - خراج

Exactly, *ad.* Accurately nicely : درستی سے - ٹھیک ٹھیک - ہوبہو - بعینہ - جیسا کا تیسا

Exactness, *n.* Accuracy : precision ; careful observation : صحت - درستی - تحقیق - چوکسی - ہوشیاری - احتیاط

Exaggerate, *v. t.* To heighten in representation ; to magnify unduly ; to intensify ; to amplify : حد سے زیادہ کہنا - مبالغہ کرنا - بڑھا کے کہنا - لمبی چوڑی ہانکنا

Exaggeration, *n.* Representation beyond truth ; hyperbole : زیادہ گوئی - مبالغہ

Exalt, *v. t.* To raise high ; to elevate ; to dignify ; to praise ; to elate ; to extol : بلند کرنا - بڑھانا - ترقی دینا - اعلیٰ رتبہ دینا - سرفراز کرنا - تعریف کرنا - ثنا کرنا

Exaltation, *n.* Act of exalting ; elevation ; dignity : سرفرازی - ممتازی - ارتفاع - بلندی - عروج - ترقی - تعریف

Examination, *n.* A scrutiny ; inquiry ; trail ; test of capacity : امتحان - آزمایش - تفتیش - تحقیقات - جانچ * To go up for an—, امتحان میں بیٹھنا

Examine, *v. t.* To scrutinize ; to search into ; to question : امتحان کرنا - آزمایش کرنا - سوال پوچھنا - تحقیق کرنا - دریافت کرنا * To—a house, خانہ تلاشی کرنا * To—and scrutinize, چھان بین کرنا * To—the person, تلاشی یا جھاڑا لینا

Syn.—Discuss, debate, explore.

Examinee, *n.* One who undergoes an examination : امتحان دینے والا

Example, *n.* A pattern ; an instance ; a specimen ; an illustration ; a warning : بانگی - نمونہ - نقل - مثال - نظیر - باعث عبرت * For—, مثلاً - جیسے کہ - چنانچہ * To set an—, عبرت دلانا * To make an—of one, دوسروں کے لئے نظیر بنانا

Exanimous, *a.* Dead ; lifeless : مردہ - بیجان - بے قوت

Exasperate, *v. t.* To provoke ; to enrage ; to worry : برہم کرنا - بھڑکانا - غصہ کرنا - برانگیختہ کرنا - آگ ببولا کرنا

Exasperation, *n.* Provocation ; aggravation : خفگی - برانگیختگی - برہمی - شدت

Excavate, *v. t.* To make hollow : کھوکھلا کرنا - کھودنا - پولا کرنا

Excavation, *n.* Act of hollowing ; a cavity : کھودائی - کھوکھلاپن - غار - گڑھا

Exceed, *v. t.* To go beyond ; to surpass : حد سے باہر جانا - بڑھ جانا - تجاوز کرنا - سبقت لیجانا - ترجیح یا غلبہ پانا

Exceedingly, *ad.* Very highly ; excessively ; beyond measure ; uncommonly : بہت ہی - بہت بڑھ کر - بہتایت - ازحد - از بس - بدرجہ غایت

Excel, *v. t.* To exceed ; to surpass : ترجیح رکھنا - فائق ہونا - سبقت لیجانا

Excellence, *n.* Goodness ; eminence ; superiority ; worth : خوبی - فضیلت - شرف - فوقیت - بزرگی - شان - رتبہ - گن - جوہر

Excellency, *n.* A title of honor : جنابعالی - حضرت - خداوند نعمت

Excellent, *a.* Eminent in any good quality : عمدہ - افضل - معقول - خوب

Syn.—Worthy, choice, prime, select.

Except, *v. t.* To leave out ; to object to : مستثنیٰ کرنا - چھوڑ دینا - اعتراض کرنا - خارج کرنا - فرو گذاشت کرنا * *prep.* With exclusion of ; leaving out ; but : ماسوا - چھوڑ کر - الا - بجز - قطع نظر

Except, *con.* Unless ; if not : سوائے - مگر - ہرگاہ - الا

Excepting, *prep.* Leaving out : چھوڑکر

Exception, *n.* Act of excepting exclusion ; the thing excluded ; objection : استثنا - اخراج - منہائی - اعتراض - گرفت - حجت * To take—, to find fault with : اعتراض کرنا - حجت نکالنا - جرح کرنا

Exceptionable, *a.* Liable to exception ; objectionable : قابل استثنا - قابل اعتراض

Exceptional, *a.* Forming an exception ; peculiar : اجب الترکی - نادر - خاص

Excerpt, *n.* An extract from an author : انتخاب - خلاصہ

Excess, *n.* More than enough ; superfluity ; intemperance ; remainder : - زیادتی - فراوانی - بہتایت - بد پرہیزی - نکلتا - فاضل

Excessive, *a.* Beyond due bounds ; extreme ; over much ; violent : - زیادہ - افزوں - بہت - فضول - سنگین

Exchange, *v. t.* To give or take in return for something else ; to interchange : - مبادلہ کرنا - بدلنا - عوض معاوضہ کرنا - ایک چیز کے بدلے دوسری چیز دینا

Syn. -Barter, commute, bargain, truck.

——, *n.* Act of giving and receiving reciprocally : عوض - معاوضہ * **Balance of money** : ہنڈاون - ہنڈی کا نرخ - بھاؤ - در * A place where merchants meet : چوک جہاں سوداگر لوگ جمع ہوتے ہیں - سرافا - ساہوکارا * **Bill of—,** An order for money drawn by one banker on another : ہنڈی * **—above par,** ہنڈاون چڑھتی * **—operations,** ہنڈی کا لین دین

Exchequer, *a.* A court in England which tries questions of the king's revenue ; the public treasury : - انگلستان کی عدالت مال - خزانہ - بیت المال * **Chancellor of—,** دیوان خالصہ

Excise, *n.* A tax on commodities ; department concerned with this tax : - چنگی - محصول آبکاری - محکمہ تحصیل آبکاری

Syn.—Duty, tax.

——, *v. t.* To lay a duty on goods ; to cut : محصول لگانا - کاٹ ڈالنا

Exciseman, *n.* An officer who inspects the commodities, and rates the excise upon them : محصول لگانیوالا - داروغہ آبکاری

Excision, *n.* A cutting off ; removal by surgical operation ; extirpation : کاٹ - عمل جراحی سے نکالنا - تراش ڈالنا - بربادی - بیخ کنی

Excitable, *a.* Capable of being roused into action ; irascible ; quick-tempered : ترغیب پذیر - تحریک پذیر - زود رنج - قابل استعمال - جلد جوش میں آجانے والا - آتش مزاج

Excitation, *n.* The act of exciting : - ترغیب - تحریک - جنبش

Excite, *v. t.* To rouse ; to stir : - تحریک کرنا - ابھارنا - ترغیب دینا

Syn.—Incite, awaken, animate, rouse, inflame.

Excitement, *n.* Act of exciting ; agitation ; that which excites ; commotion ; sensation : برانگیختگی - جنبش - تحریک - چھیڑ - افروختگی - ولولہ - موجب تحریک - ابھر

Exciting, *a.* Enlivening ; thrilling ; criminating ; generating : زندہ دل کرنے والا - تھر تھرانے والا - روح افزا - بھڑکانے والا - محرک - پیدا کرنے والا - متعدی

Exclaim, *v. t.* To cry out : چلانا - پکارنا - غل مچانا

Exclamation, *n.* A loud outcry ; clamour ; a mark (!) indicating emotion : - فریاد - نالہ - واویلا - غل - شور - تعجب کا یہ (!) نشان

Exclamatory, *a.* Containing exclamation : پر شور و شغب

Exclude, *v. t.* To shut out ; to debar ; to prohibit ; to reject : - نکالنا - باز رکھنا - منع کرنا - خارج کرنا

Exclusion, *n.* Rejection ; a shutting out ; ejection : ممانعت - اخراج - روک - استرداد - محرومی

Exclusive, *a.* Shutting out ; debarring ; sole ; not taking into account : - بلا شرکت - غیر - علاوہ - باستثناء - ماسوا - بجز - بلا شرکت غیر

Exclusiveness, *n.* Debarring : علیحدگی - جدائی

Excogitate, *v. t.* To invent ; to devise : ایجاد کرنا - غور کرکے نکالنا

Excommunicate, *v. t.* To expel from communion especially of the church : مذہب کے حقوق سے خارج کرنا - مردود کرنا - ملعون کرنا

Excommunication, *n.* An ecclesiastical interdict ; expulsion : - مسیحی دین کے حقوق سے اخراج - مردودی

Excoriate, *v. t.* To strip off the skin : کھال کھینچنا - چمڑہ ادھیڑنا

Excoriation, *n.* Act of stripping of skin : پوست کنی - کھال کھینچائی - رگڑ - خراش

Excorticate, *v. t.* To strip the bark of : چھال اتارنا

Excrement, *a.* That which is discharged from the animal body ; dung : غلیظ - فضلہ - گوبر

Excrementitious, *a.* Containing excrement : پر آلایش - غلیظ سے بھرا ہوا

Excrescence, *n.* A tumour; a morbid growth, an inconvenient outgrowth: پھوڑا - پھنسی - مسا - ددوڑا - گانٹھہ - گلٹھی - بتوڑی - ازدیاد ناگوار - افزود نامعقول

Excretion, *n.* Throwing out matter from the animal system; matter excreted; excrement: اخراج - آلایش - گوبر - میلا

Excretory, *a.* Throwing off: نلی جسکے وسیلہ سے آلایش نکلتی ھے - مخارج مادہ ناکارہ یا مضر

Excruciate, *v. t.* To torture: دق کرنا - ستانا - اذیت دینا

Excruciating, *a.* Torturing; racking: شدید - جان کن - اذیت دہ

Excruciation, *n.* Torture; extreme vexation: اذیت - عذاب - آزار

Exculpate, *v. t.* To clear from a charge of fault or crime: بیگناہ یا بے جرم ٹھہرانا - معذور کرنا - بری کرنا

Syn.— Exonerate, absolve, excuse.

Exculpation, *n.* Act of clearing from blame: الزام سے مخلصی - بیگناہی - بے جرمی

Excursion, *n.* A trip for pleasure or health; an expedition; ramble; digression: ھوا خوری - سیر سپاٹا - سیر گشت - یورش - تاخت - حملہ - چڑھائی - طول کلامی

Syn.— Journey, tour, ramble.

Excursive, *a.* Wandering; rambling; digressive; enterprising: بھٹکتا - رمتا - غیر مستقل - مہم جو - صاحب ھمت

Excusable, *a.* That may be excused; pardonable; admitting of justification: عذر پذیر - قابل عفو - واجب الرعایت - در گذر کرنے کے قابل - قابل پردہ پوشی

Excuse, *v. t.* To exculpate; to ask or give pardon for; to overlook: بری کرنا - معافی مانگنا یا معاف کرنا - در گذر کرنا - چھوڑ دینا * **To—one self,** الا بلا بتانا - جواب نہ دینا * **He excused himself off,** عذر یا بہانہ کرکے نکل گیا * *n.* Apology; remission; pretext: معافی - عذر - رہائی - بہانہ - حیلہ * **False—,** lame; frivolous: جھوٹھا عذر - عذر نامعقول

Exeat, *n.* A formal leave: باھر جانے کی اجازت

Execrable, *a.* Detestable; accursed: مکروہ - مردود - ملعون

Execrate, *v. t.* To abhor; to curse: نفرت کرنا - لعنت کرنا - کوسنا

Execration, *n.* Imprecation of evil; curse; an abomination; utter detestation: لعنت - نفرین - سراپ - اظہار تنفر - مکروہ چیز - استکراہ بے غایت

Syn.— Curse, malediction.

Excect, *v. t.* To cut out: کاٹ ڈالنا - خارج کرنا

Execute, *v. t.* To carry into effect; to perform: عمل میں لانا - پورا کرنا - تعمیل کرنا * To put to death: پھانسی دینا - قتل کرنا

Syn.—Accomplish, effect, fulfil, finish.

Execution, *n.* Performance: بجا آوری - اختتام - انجام دہی - تعمیل * Capital punishment; a judicial writ: پھانسی - سولی - قرقی - اجرا * **—of duty,** بجا آوری فرض * **—of orders,** تعمیل حکم * **About to be taken in—,** قرق ھونے والا * **A writ of—,** قرقی نامہ * **In—of decree,** ڈگری کی عمل میں * **Non—,** عدم تعمیل * **Place of—,** پھانسی گھر - مقتل * **Sue out—,** ڈگری جاری کرانا * **Take out—,** ڈگری جاری کرنا * **To take property in—,** جایداد قرق کرنا

Executioner, *n.* One who puts criminals to death: جلاد - قاتل

Executive, *a.* Carrying into effect: عامل - کارکن * *n.* The person or power that executes the law; governing person or body: عامل - کارکن - حکمران - مختار کار

Executor, *n.* Person appointed by a testator to carry into effect his will: وصی - کارکن

Executrix, *n.* A female executor: وصیہ

Exegesis, *n.* The science of interpretation; exposition; interpretation; a critical commentary: علم تفسیر - تشریح - شرح - ٹیکا - تفسیر بہ تشریح عیب و ثواب

Exegetical, *a.* Explanatory: تشریحی - تفصیل وار - مشرح

Exemplar, *n.* A pattern; a copy; a model: نمونہ - نظیر

Exemplary, *a.* Worthy of imitation: تقلید کے قابل - معقول - عبرت انگیز

Syn.— Meritorious, good, worthy.

Exemplify, *v. t.* To illustrate by example; to copy: مثال دینا - نظیر دینا - نقل کرنا

Exempt, *v. t.* To free from ; to grant immunity : آزاد کرنا - بري کرنا - چھوڑ دینا - معاف کرنا * *a.* Free by privilege ; not liable : معاف - بري الذمہ - خارج - مبرہ

Exemption, *n.* Freedom ; immunity : - بريت - معافي - چھٹکارا

Exenterate, *v. t.* To take out the bowels : آنتیں نکالنا

Exequies, *n.* Funeral rites : - رسومات تجہیز و تکفین - کریا کرم کي رسمیں

Exercise, *n.* Labour ; practice ; bodily exertion; drill ; a lesson or task ; religious service : ریاضت - مشقت - مشق - ورزش - مشقي قواعد - سبق براے مشق - عبادت - ریاضت - دعا بندگي * *v. t.* To set in action : چلانا - جاري کرنا - نافذ کرنا * To train by use ; to task : مشق کرنا - استعمال کرنا * To—powers, اختیارات عمل میں لانا * To take—, ریاضت کرنا - کثرت کرنا - پھرنا

Exert, *v. t.* To put forth ; to perform ; to strain : زور مارنا * To—one's self, هاتھه پیر مارنا

Exertion, *n.* Act of exerting ; effort : جانفشاني - کوشش - جد و جہد

Exfoliate, *v. i.* To scale off : چھلکے اُتارنا - پرت اُتارنا

Exhalation, *n.* Evaporation ; vapour : تبخیر - بھاپھه

Exhale, *v. t.* To emit as vapour ; to evaporate : اُڑانا - اُٹھنا - تبخیر کرنا - ابخرے بنانا - اُڑانا

Exhaust, *v. t.* To drain off completely : بالکل خالي کر ڈالنا * To expend entirely : کل خرچ کر ڈالنا * To weary : تھکانا * To enfeeble : ناتوان یا ناطاقت کر دینا

Syn.—Spend, empty, tire out, consume.

Exhaustion, *n.* Act of exhausting ; state of being emptied or wearied ; complete fatigue or loss of strength : - کھنچاؤ - صرف - تھکاوٹ - ضعف - سستي - کمزوري

Exhaustive, *a.* Serving to exhaust : سر کھنے والا - خرچ کرنیوالا * Thorough ; complete : - تمام - پورا - مکمل - ایسا کہ کوئي دقیقہ باقي نہ چھوٹے

Exhibit, *v. t.* To offer to view ; to show ; to display : ظاهر کرنا - دکھلانا - پیش کرنا * To—a prize, انعام مقرر کرنا * To—a complaint, نالش دائر کرنا * *n.* Any paper produced as a voucher, or in proof of facts : - سند - شهادت نامہ - دستاویز - ثبوت

Exhibition, *n.* Act of exhibiting ; manifestation; public show : نمایش - اظهار - تماشا * A university grant to a student : وظیفہ

Syn.—Display, show, manifestation.

Exhilarate, *v. t.* To make cheerful ; to enliven : خوش کرنا - شاد کرنا - مسرور کرنا

Exhilaration, *n.* Act of exhilarating : - خوشي - خرمي - تفریح - فرحت

Syn.—Animation, joyousness, gladness, cheerfulness.

Exhort, *v. t.* To incite to good ; to advise ; to admonish : نیکي کي ترغیب دینا - پند دینا - نصیحت کرنا

Exhortation, *n.* A persuasive discourse ; counsel ; a religious discourse : نیکي کي ترغیب - وعظ - نیک صلاح - پند

Exhumation, *n.* Removing from the grave ; disinterment : قبر سے مردے کو نکالنا - کھود کر نکالنا

Exhume, *v. t.* To unbury ; to disinter : قبر کھودنا - کھود کر نکالنا

Exigency, *n.* Urgent demand ; pressing necessity : ضرورت - حاجت - احتیاج - تنگي

Syn.—Demand, emergency, necessity, urgency.

Exigent, *a.* Pressing : ضروري - اهم

Exile, *v. t.* To banish ; to transport : - جلاوطن کرنا - شهر بدر کرنا - دیش نکالا دینا * *n.* Banishment ; one away from his native country : - جلاوطني - تارک الوطن - بن باسي

Exist, *v. i.* To have being ; to be ; to live : هستي رکھنا - موجود رهنا - زنده رهنا - جان رهنا - رهنا

Existence, *n.* Being ; life : وجود - هستي - زندگي

Existent, *a.* Having existence or being : - موجود - زنده

Exit, *n.* A going out ; departure ; a way or passage : - روانگي - کوچ - رحلت - راه - راستہ - نکاس

Exodus, *n.* Departure from a place ; the second book of Moses in the Holy Bible : - روانگي - کوچ - توریت کي دوسري کتاب

Ex-officio, (Latin) By virtue of one's office : باعتبار عهده - بلحاظ منصب

Exonerate, *v. t.* To disburden ; to acquit ; to free from the burden of a charge or obligation : بوجھ اُتارنا - سبکبار کرنا - بری کرنا - بے قصور ٹھہرانا - چھوڑنا

Syn.—Absolve, acquit, exculpate, clear.

Exoneration, *n.* Act of exonerating : - سبکباری آزادی - بریت - تہمت سے خلاصی

Exorable, *a.* Capable of being moved by entreaty : عذر معذرت سے نرم ہونیوالا

Exorbitance, *n.* Deviation from rule or right ; extravagance ; enormity : - تجاوز - گمراهی فضولی - زیادتی - بے اندازی

Exorbitant, *a.* Excessive ; extravagant : نہایت بے اندازہ - بے حد - زیادہ - فضول

Exorcise, *v. t.* To expel evil spirits ; to call forth as a spirit : جھاڑنا - پھونکنا - بھوت اتارنا دم کرنا - اوجھائی کرنا

Exorcism, *n.* Expulsion of evil spirits : جھاڑ پھونک - منتر - جنتر - اوجھائی

Exordial, *a.* Introductory : شروع کا - تمہیدی

Exordium, *n.* The beginning ; the introduction ; the preface : ابتدا - دیباچہ - تمہید

Exoteric, *a.* Open external ; public : - عیاں بیرونی - عام

Exotic, *a.* Foreign : غیر ملکی اجنبی

Expand, *v. t.* To lay open ; to spread out ; to dilate : - کھولدینا - پھیلانا - بچھانا - پسارنا - بکسانا فراخ کرنا

Expanse, *n.* Wide extent of space or body ; the firmament : - پھیلاؤ - وسعت - کشادگی فضا آسمان - فلک

Expansible, *a.* That may be expanded : پھیلنے کے قابل - وسعت پذیر - وسیع

Expansion, *n.* Act of spreading out ; dilatation; extention : پھیلاؤ - کشادگی - امتداد - وسیع سطح

Expansive, *a.* Diffusive ; dilative ; wide ; reaching many : پھیلانے والا - پھیلا ہوا - فراخ - بہتوں کو پہونچانے والا

Exparte, *a.* Partial ; prejudiced ; upon hearing one party only : ایک طرفہ - غیر حاضر تجویز

Expatiate, *v. i.* To move at large ; to wander ; to enlarge in discourse or writing : کھلے بندوں پھرنا - گھومنا - تفسیر کرنا - تفصیل وار کہنا - مفصل لکھنا - مشرح بیان کرنا

Expatiation, *n.* Enlarging in discourse or writing : شرح وار یا تفصیل وار اظہار

Expatriate, *v. t.* To banish from one's country : شہر بدر کرنا - جلاوطن کرنا

Expect, *v. t.* To look or wait for ; to anticipate : * راہ دیکھنا - انتظار کرنا - اُمید رکھنا - منتظر رهنا **It is—ed,** گمان ھے * **It was—ed,** قرین عقل تھا - گمان غالب تھا

Syn.— Look for, hope, await.

Expectancy, *n.* A state of waiting : - امیدواری انتظار * **Estate in—,** حقیت جو وقوع میں آنا چاھئے * **In—,** آس سے - حاملہ - پیر بھاری

Expectant, *a.* Looking for ; waiting : - ملتجی مترصد - منتظر * *n.* One who waits in expectation : امیدوار - منتظر .

Expectation, *n.* Hope ; prospect of good to come : انتظار - اُمیدواری - توقع - اُمید * **With breathless—,** منہ کھولے یا پھاڑے

Syn. – Anticipation, confidence, trust.

Expectorant, *n.* A medicine that promotes discharges from the lungs : بلغم نکالنے والی دوا

Expectorate, *v. t.* To eject from the lungs : کھنکارنا - بلغم گرانا

Expectoration, *n.* Act of discharging from the lungs : کف یا بلغم کا چھٹاؤ - اخراج کف

Expedience, Expediency, *n.* Advisability (under existing circumstances) ; suitableness to immediate gain or self-interest ; haste ; speed-expedition ; fitness ; propriety : مصلحت بلحاظ صورت حال - مناسبت - حال کے یا اپنے فائدہ کے خیال - عجلت - جلدی - مہم - عظیمت

Expedient, *a.* Fit ; proper ; suitable ; expeditious ; rapid : لایق - مناسب - لازم - شتاب تیز - دھارے کا * *n.* Means to an end : تدبیر - علاج - چارہ - صورت

Syn.—Shift, resource, resort, contrivance.

Expediently, *ad.* Suitably ; conveniently ; quickly ; at once : جیسا چاهئے - سہولیت سے - اسی دم - فوراً - جلدی

Expedite, *v. i.* To hasten forward ; to accelerate ; to send forth : - تعجیل کرنا - جلدی کرنا سہل کرنا - چلتا کرنا - روانہ کرنا - ارسال کرنا

Syn.—Despatch, hurry, quicken.

Expedition, *n.* Haste ; despatch : عجلت - شتابی * A voyage : کوچ - سفر دریائی * An enterprise : عزم - مہم - یورش

Expeditious, *a.* Speedy ; quick ; nimble : پھرتیلا - تیز - چست * **—method,** سہل ترکیب

Expel, *v. i.* To drive or force out ; to eject ; to banish : نکالنا - خارج کرنا - جلاوطن کرنا

Syn.—**Banish, drive out.**

Expend, *v. t.* To lay out ; to disburse ; to employ ; to waste : خرچ کرنا - صرف کرنا - لگانا - برباد کرنا

Expenditure, *n.* Act of spending ; sum expend : تصرف - خرچ - صرفہ - لاگت

Expense, *n.* Cost ; charge ; money expended : خرچ - صرفہ - لاگت - اخراجات * **—s incurred,** خرچ دینا پڑا * **At another's—,** دوسرے کے ذمہ یا سر پر * **To suffer needless—,** زیر بار ہونا - غیر واجبي خرچ سہنا * **To put to—,** خرچ کروانا * **To cover the —of,** خرچ کو کافي ہونا

Expensive, *a.* Costly ; dear : قیمتي - گران - مہنگا - گراں بہا

Expensiveness, *n.* Dearness ; costliness : گراني - مہنگا پن

Experience, *n.* Practical trial ; knowledge ; actual trial ; experiment : تجربہ - آزمودہ کاري - آزمایش - اِمتحان - عمل - جہاندیدگي

Syn.—**Trial, proof, test, experiment.**

——, *v. t.* To know by practice ; to try ; to feel ; to suffer or enjoy ; to undergo : تجربہ کرنا - معلوم کرنا - اِمتحان کرنا - برداشت کرنا - مزہ چکھنا - سہنا - اٹھانا

Experiment, *n.* Trial ; practical proof ; a scientific test : اِمتحان - آزمایش - عمل - جانچ - تجربہ * *v. i.* To test by trial : جانچ کرنا - آزمایش کرنا

Experimental, *a.* Founded on experiment : اِمتحاني - تجربہ پر موقوف - آزمودہ

Expert, *a.* Experienced ; skilful ; dexterous ; ready : تجربہ‌کار ہوشیار - چالاک - مستعد - مشاق - ہنرمند

Syn.—**Skilful, adroit, ready, prompt.**

——, *n.* A scientific or professional witness : تجربہ‌کار - ماہر

Expiate, *v. t.* To atone for at crime ; to appease: کفارہ دینا - توبہ کرنا

——, *p.p.* Terminated ; at hand : منقضي ہوگیا - آگیا ہے - سرپر ہے

Expiation, *n.* Atonement ; compensation : کفارہ - صدقہ

Expiatory, *a.* That makes expiation ; atoning : کفارہ کا - گناہ مٹانیوالا

Expiration, *n.* Act of breathing out ; end ; termination : دم زني - تنفس - اختتام انقضا - اخراج نفس

Expire, *v. t.* To exhale ; to emit ; to breathe out : سانس چھوڑنا - دم خارج کرنا - نکالنا * *v. i.* To die ; to cease ; to become extinguished ; to breathe one's last : دم چھوڑنا - مر جانا - معدوم ہونا - ختم ہونا - دم توڑنا - فوت ہونا

Expiry, *n.* Conclusion ; end : خاتمہ - تمامي

Explain, *v. t.* To make plain ; to elucidate ; to give an account of ; to state clearly : ظاہر کرنا - تفسیر کرنا - سمجھانا - معني کہنا - تشریح کرنا - صفائي سے کیفیت دینا

Syn.—**Expound, interpret, clear up.**

Explanation, *n.* Act of explaining ; definition ; elucidation ; interpretation ; exposition ; account ; a settlement of misunderstanding : تفسیر - تشریح - بیان - کیفیت - توضیح - صراحت - رفع رنجش یا غلط فہمي

Explanatory, *a.* Serving to explain : بیاني - تفصیلي - مشرح

Expletive, *n.* A word inserted to fill a space: تکیہ کلام - بھرتي

Explicate, *v. t.* To unfold the meaning of ; to explain ; to show : کھولنا - بیان کرنا - ظاہر کرنا

Explication, *n.* Interpretation ; explanation : تشریح - بیان - تفصیل - تعبیر

Explicit, *a.* Plain ; clear ; distinct : صاف - مشرح - ظاہر - واضح

Syn.—**Express, clear, plain.**

Explode, *v. i.* burst with a loud report ; to blaze up ; to be violent ; vented : بھک ہو جانا - پھوٹنا - زور وشور سے پھٹنا - اڑنا تڑکنا یا بھڑک اٹھنا (غصہ کا)- پھوٹ پڑنا

Exploit, *n.* A heroic deed ; an achievement ; military service : دلیري کا کام - مہم - بڑے معرکہ کا کام - جنگي نوکري - سپہ گري

Exploration, *n.* Act of exploring ; an examination (of an unknown region); a close search:

a scrutiny : - سر زمین نا معلوم کا دریافت حال - جستجو - تجسس - کھوج

Explore, *v. t.* To search through ; to scrutinize ; to try : تلاش کرنا - کھوجنا - جانچنا - آزمانا

Explosion, *n.* A sudden bursting with noise : بھڑاکا - دھڑاکا پھوٹنا - بھک

Explosive, *a.* Causing explosion ; بھک سے اڑ جانیوالا - پھوٹنے والا - جل اٹھنے والا

Exponent, *n.* One who or that which sets forth ; an expounder ; a representative : - مظہر - علامت - سرور - سرغنہ * An algebraic letter or number : جبر مقابلہ میں قوت کی علامت یا عدد

Export, *v. t.* To carry or send out of a country : دساور کو لادنا - ملک سے باہر لیجانا - بھرتی کرنا چالان کرنا (مال تجارتی) * *n.* Act of exporting ; thing exported : - بھرتی - روانگی مال - چالان - رفتنی - سوداگری مال

Exportation, *n.* Sending goods abroad : - ادائی - روانگی مال کی

Expose, *v. t.* To lay open ; to disclose ; to put in danger : کھولنا - آشکارا کرنا - خطرہ میں ڈالنا

Exposition, *n.* Exhibition ; explanation : - افشا - انکشاف - تشریح - بیان ٹیکا

Syn. **Explanation, interpretation, elucidation.**

Expositor, *n.* An interpreter : مفسر - شارح - معنی کہنیوالا

Expostulate, *v. i.* To remonstrate earnestly ; with ; to explain ; discuss : حجت کرنا - شکوہ کرنا - رد و بدل کرنا - سمجھانا - منت اور دلیلوں سے باز رکھنے کی کوشش کرنا - مفصل بیان کرنا - روشن کرنا

Expostulation, *n.* Earnest remonstrance : حجت - تکرار - گلہ گذاری گفت وشنید

Exposure, *n.* Act of exposing ; state of being exposed : اظہار - افشا - پردہ فاشی - دکھاؤ

Expound, *v. t.* To explain ; to interpret : شرح کرنا - بیان کرنا

Syn.—**Declare, indicate, exhibit.**

Express, *v. t.* To press or squeeze out : دبا کر نکالنا - نچوڑنا * To declare ; to show ; to utter ; to exemplify : - بیان کرنا - ظاہر کرنا - ملقب کرنا - بتانا * نمونا دکھانا **To—one's self,** اپنی راے یا خیال ظاہر کرنا * *a.* Clear : صاف - ظاہر - ٹھیک - موزوں * *n.* A special messenger or message : قاصد - پیغام * A **fast railway train :** تیز ریل گاڑی

Expressible, *a.* That may be uttered : - قابل اظہار - ادا پذیر

Expression, *n.* A pressing out : نچوڑ * **Feature :** صورت - وضع * Utterance or representation ; a phrase or mode of speech : - بیان اظہار - جملہ - کلمہ - محاورہ

Expressive, *a.* Indicative ; significant : - مظہر - پر مطلب - پر معنی

Expressly, *ad.* In direct terms ; plainly ; especially : - بے لگاؤ - ظاہراً - صریحاً - صاف صاف - خاصکر

Expugn, *v. t.* To conquer ; to take by assault فتح کرنا - حملہ کرکے لیلینا

Expulsion, *n.* Act of driving out : - اخراج - دفع - راندگی

Expunction, *n.* **Act of** erasing : - کاٹ کوٹ - استحکاک

Expunge, *v. t.* **To blot out ; to efface ; to cancel :** محو کرنا - مٹانا - چھیلنا - کاٹ ڈالنا - قلم پھیرنا

Expurgate, *v. t.* **To cleanse ; to purify ; to expunge ; to clear off objectionable passages :** صاف کرنا - پاک کرنا - خارج کرنا - نقلب سے بیجا یا فاحش قطعات کو خارج کرنا

Expurgation, *n.* **A cleansing :** - صفائی - شستگی - پاکیزگی

Exquisite, *a.* **Very fine ; excellent ; delicate ; exceeding ; fastidious :** نفیس - لطیف - باریک * زاید - افزوں - شدید - دقیقہ رس - عالی دماغ - نازک **—workmanship,** پھند - نادر صنعت

Syn.—**Nice, delicate, exact, accurate.**

Exquisite, *n.* One over-nice in dress or ornament ; a fop : چھیلا - بانکا

Syn.—**Dandy, fop, beau.**

Exquisitely, *ad.* Most finely ; delicately ; with consummate art : نہایت نزاکت - نفاست - صنعت کی کمال لطافت سے

Exscind, *v. t.* To cut off : کاٹ ڈالنا

Extant, *a.* **Now in being ; not lost :** - مروج - قائم - موجود

Extemporaneous, *a.* **Uttered without previous study :** - عین وقت پر کہا گیا - بر محل یا برجستہ کہا گیا

Extempore, *ad.* Without previous study or meditation : برجستہ - بیغور - بلا سوچے - برمحل

Extemporize, *v. i.* To speak extempore : فی البدیہہ کہنا - بلا تامل بولنا - برجستہ کہنا

Proviso, *n* A conditional stipulation : شرط - عبارت شرطي - شرطي دفع

Provisory, *a.* Temporary ; conditional : چند روزه - شرطي

Provocation, *n.* The act of exciting anger ; incitement ; stumulus : غصه دلانيكا كام - جوش دهي - اشتعال - تحريك

Provocative, *a.* Exciting : جوش دلانيوالا - محرك

Provoke, *v. t.* To challenge ; to excite ; to arouse ; to irritate ; to enrage ; to offend : للكارنا - اشتعال دينا - اوبهانا - چهيڑنا - ناراض كرنا - غصه دلانا - بيزار كرنا

Provost, *n.* The chief officer or magistrate of a city ; the warden of a prison : شهر كا اعلى حاكم - كوتوال - قاضي القضات - جيل داروغه

Prow, *n.* The forepart of a ship : جهاز كا اگلا حصه

Prowess, *n.* Bravery ; gallantry ; military courage : دليري - بهادري - شجاعت - جوانمردي - جرات

Syn. Valour, interpidity, courage, bravery.
Ant.—Timidity, weakness.

Prowl, *v. t.* To wander stealthily in search of prey : * شكار كے لئے چپكے چپكے پهرنا - ڈهونڈهتے پهرنا
n. A roving for prey : شكار كي تلاش

Proximate, *a.* Nearest ; immediate : قريب - نزديك - تقريبي - متصل

Proximately, *ad.* By immediate relation ; immediately : قرابت سے - نزديكي سے - تقريباً - آس پاس

Proximity, *n.* Immediate nearness : نزديكي - قرب - قرابت

Proximo, *n.* A day of the next of the coming month : دوسرے يا آينده ماه كي تاريخ

Proxy, *n.* The agency of a substitute ; the person who acts for another ; the writing by which he is deputed : عوض - قايم مقام - كسي كے بجاے كچهه كرنے كا اختيار - عيوضي نامه

Prude, *n.* A woman of affected modesty and reserve ; one who pretends extreme propriety. وه عورت جو دكهانے كے لئے بهت حجاب اختيار كرے - مكاره - گهونگهٹي

Prudence, *n.* Practical wisdom ; carefulness : پيش بيني - احتياط - هوشياري - عقل

Prudent, *a.* Sagacious ; discreet ; wary ; economical : دانه - دور انديش - هوشيار - كفايت شعار - جزرس

Prudently, *ad.* Wisely ; frugally : عقلمندي سے - كفايت شعاري سے - دانائي يا عاقبت انديشي سے

Prudery, *n.* Affected modesty ; affectation of virtue ; coyness ; excessive scrupulousness of conduct : دكهلاوے كي - پارسائي - بناوٹ - شرم - حيا - چال چلن كي از حد خبرداري

Prune, *n.* A dried plum : * آلو بخاره - كنار خشك
v. t. or *i.* To lop ; to dress ; to trim : كاٹنا - سنوارنا - چهانٹنا - تراشنا - قلم كرنا

Pry, *v. i.* To look closely : بغور ديكهنا - جهانكنا

Psalm, *n.* A scared song or hymn : بهجن - سرود عارفانه

Psalmist, *n.* A writer of sacred songs : بھجن گانیوالا

Psalmodist, *n.* One who sings psalms : بھجن گانیوالا

Psalmody, *n.* The art of singing sacred songs : بھجن گانیکا هنر

Psalter, *n.* The book of psalms : بھجنونکي کتاب

Pshaw, *int.* Expressing contempt : هش - چھي چھي

Psychologic, *a.* Pertaining to the doctrine or study of the soul : روحاني

Psychologist, *n.* One who is versed in psychology : روحاني علم کا جاننے والا

Psychology (*si-kolo'-ji*) *n.* The science of the human soul : علم روح انساني - آتم و دیا

Puberty, *n* Ripe age in the sexes ; maturity : بلوغ - جواني - شباب

Pubescence, *n.* The state of puberty : بلوغ - شباب

Public, *a.* Pertaining to state or community ; open ; common ; notorious ; open to common use : خلقت یا رعایا کے متعلق - ظاهر - عالم - مشهور - عام لوگوں کے واسطے - رعایا کا *—**house,** a shop for the retail of liquor : شرابخانہ - سرائے * **In—,** in open view : کھلے خزانے - سب کے سامنے - علانیہ * **—functions,** کار سرکاري - کار ملکي *—**place,** سرکاري مکان - کھلي یا بے قید جگهہ *—**resort,** شارۂ عام - گذرگاہ عام *—**right,** حق الناس *—**tranquility,** عافیت خلایق *—**works,** گتّہ کپتاني *—**works department,** گتّہ کپتاني کا محکمہ - صیغہ تعمیرات سرکاري *—**weal,** رفاہ عام * *n.* The people at large : خلقت - خلق اللہ - عوام الناس

Publican, *n.* An inn-keeper ; a tax collector ; one licensed to retail spirituous liquors : سرائے کا مالک - محصول وصول کرنیوالا - شراب کا لیسنس دار

Publication, *n.* The act of publishing ; proclamation ; a work printed and offered for sale : طبع - شهرت - اِشتهار - چھپي هوئي کتاب بیچنے کے لیئے

Publicity, *n.* General currency ; notoriety : شهرت - ظهور

Publicly, *ad.* Openly : علانیہ - ظاهرا

Publish, *v. t.* To make known ; to promulgate ; to print and offer for sale : ظاهر کرنا - پھیلانا - چھاپ کر بیچنا - شایع کرنا

Syn.—Announce, proclaim, advertise, disclose.
Ant.—Hide, conceal, suppress, hush up.

Publisher, *n.* One who publishes : شایع کرنیوالا - مشتهر کرنیوالا

Puce, *a.* Of a brownish purple colour : ارغواني - سیاهي مایل

Pucker, *v. t.* To gather into small wrinkles ; to rumple : چننا - سکوڑنا - بٹورنا

Pudding, *n.* An intestine : آنت * A kind of food variously compounded : گلگلا - ایک قسم کا پکوان

Puddle, *n.* A small muddy pool : پوکھر - گڑھیڈا * *v. t.* To make turbid ; to stop up with clay : گندلا کرنا - مٹي سے بند کرنا

Puerile, *a.* Childish trifling : طفلانہ - لڑکونکا سا - هلکا - حقیر

Puerility, *n.* Childishness : لڑکپن - اوچھاپن

Puerperal, *a.* Pertaining to childbirth : جاپے کا - پرسوت * **—fever,** سوهر کا

Puff, *n.* A slight gust of wind ; a whiff : هوا کا جھونکا - جھکورا * An empty expression of praise : جھوٹا بڑھاوا - خالي باتیں

Puff, *v. t.* or *i.* To inflate with air ; to praise with exaggeration ; to pant ; to blow : هوا سے پھولانا - هوا بھرنا - مبالغہ کرنا - دم بھرنا - پھونکنا * **To—away,** to blow away : پھونک سے اُڑانا * **To—out,** to blow out ; to swell out : بجھانا - پھلانا * **To—up,** to swell up : پھولنا * **Puff, not against the wind,** آسمان کا تھوکا منھہ پر آتا ھے

Puffy, *a.* Swelled out ; bloated ; bombastic : پھولا هوا - هوا بھرا هوا - لفاظ

Pug, *n.* A monkey ; a lap-dog : بندر - چھوٹا کتا

Pugh, *int.* Expressing contempt : هش - چھي چھي

Pugilist, *n.* A boxer : مشت زن - گھونسا باز

Pugnacious, *a.* Disposed to fight ; quarrelsome : لڑاکا - جھگڑالو

Syn.—Contentious, fighting.
Ant.—Pacific, considerate.

Pugnacity, *n.* Inclination to fight : لڑائي کي رغبت - جھگڑالوپن - لڑنے کا شوق

Pugnose, *n.* A short thick nose : چھوٹي موٹي ناک * A snub : بد مزاج شخص

Puisne, (*pu'-ne*) *a.* Younger inferior : ادنی - چھوٹا - کہتر

Puissance, *n.* Strength ; might : طاقت - زور - قوت - توانائي

Puissant, *a.* Strong ; mighty : قوي - مضبوط - طاقت ور - زور آور

Puke, *v. i.* To vomit ; to retch : قے کرنا - رد یا اولٹي کرنا * *n.* A vomit : قے - رد

Pule, *v. t.* To whine like a child ; to whimper : لڑکے کي طرح ٹھنکنا - بچے کي طرح رونا - رولانا

Pull, *v. t.* or *i.* To draw ; to tug ; to haul ; to pluck ; to rend ; to move by pulling : کھینچنا - گھسیٹنا - تاننا - توڑنا - اکھاڑنا - نوچنا - پھاڑنا - کھینچکر لیجانا - کھینا * **To—down,** to demolish ڈھانا - گرانا * To subvert : پست کرنا - موقوف کرنا * **To—off,** to pluck : توڑنا * To take off : اتارنا * **To—on,** to draw on : چڑھانا * **To—one through,** to help one through a difficulty : نکال لیجانا * **To—on,** to draw out ; to extract : کھینچنا - نکالنا * **To—the long bow,** to exaggerate : مبالغہ کرنا * To boast : ڈینگ مارنا * **To—through,** to get thuough with difficulty : دقت سے نکل آنا * **To—up,** to tear up by the root : جڑ سے اکھاڑنا * To stop : روکنا * **To—a finch,** کسي بھولے کو مونڈنا * **To—apart,** ٹوٹ جانا - پھسکنا * **To be—ed down,** گرجانا - لاغر ھوجانا * **To—up stakes,** کسي جگھہ سے روانہ ھونے کي تیاري کرنا

Pull, *n.* The act of pulling ; an effort ; a pluck ; a twitch : کھینچ - کشمکش - کوشش - جھٹکا - مروڑ - اینچا تاني

Pullet, *n.* A young hen or chicken : مرغي - چوزہ - مرغي کا بچہ

Pulley, *n.* A small wheel for a running cord : چرخي - گھرني - گراري

Pulmonary, *a.* Pertaining to the lungs ; affecting the lungs : پھیپھڑیکے متعلق - پھیپھڑے پر اثر کرنیوالي

Pulp, *n.* The soft, succulent part of a fruit ; marrow : گودا - مغز - ملگوبا * *v. t.* To reduce to a soft mass ; to deprive of pulp : نرم کرنا - گودا نکال لینا

Pulpit, *n.* An elevated place of desk in a church for a preacher : ممبر - گرجے میں واعظ کے لئے اونچي جگھہ

Pulpy, *a.* Soft ; fleshy : ملائم - نرم - گودے دار - پلپلا

Pulsate, *v. i.* To beat or throb : دھڑکنا - چلنا - اچھلنا - پھڑکنا

Pulsation, *n.* A beat or throb : دھڑک - جنبش - ٹپک - حرکت - چال

Pulse, *n.* The beating of arteries ; vibration : نبض - ناڑي - حرکت * Peas, beans, etc. : مٹر - ارھر وغیرہ * **To feel one's pulse,** نبض یا ناڑي دیکھنا

Pulverisation, *n.* The act of reducing to power : چور کرنا - سفوف بنانا

Pulverise, *v. t.* To reduce to dust or fine powder : سفوف کرنا - چور کرنا - پیسنا

Pumice, *n.* A sort of porous stony substance frequently ejected from volcanoes : جھانواں

Pump, *n.* A machine for raising water of other fluids : پاني اٹھانیکي کل - پمپ - پچکاري * **Suction —,** دمکش * *v. t.* or *i.* To raise with a pump : پچکاري سے کھینچنا * To draw out by artful questions ; to work a pump : بھید لینا - ڈبے سے پاني نکالنا - پچکاري چلانا

Pumpkin, *n.* A well-known plant and its fruit : لوکي - کدو - کھنڈا - پیٹھا

Pun, *n.* A word or expression with two different meanings : ذومعني لفظ - دو ارتھي * *v. i.* To quibble on words : ذومعني کھنا - لطیفہ کھنا

Punch, *n.* A tool for making apertures : چھیني - برما * A well-known beverage composed of spirits, water and sugar : شراب اور چیني کا شربت * A buffoon : مسخرہ * An instrument for stamping holes : سوراخ کرنیکا آلہ مثلاً ٹکٹ تراش * *v. t.* To perforate ; to strike ; to poke : چھیدنا - مارنا - ڈھکیلنا - دھکا لگانا

Puncheon, *n.* A perforating tool ; a cask : چھیني - برما - پیپا

Punchinello, *n.* A buffoon ; a puppet : مسخرا - بھانڈ

Punctillio, *n.* A nice point in behaviour or ceremony : باریکي - موشگافي - تکلف

Punctilious, *a.* Very nice in behaviour ; very formal : تکلف مزاج - مھذب - نازک طبع

Punctual, *a.* Exact ; prompt : ٹھیک - مستعد - وقت کا پابند - منضبط

Punctually, *ad.* Exactly ; scrupulously : ٹھیک وقت پر - صحت سے - ٹھیک طور سے

Punctuate, *v. t.* To mark with stops : وقف کي علامات لکھنا

Punctuation, *n.* The act or method of pointing a writing or discourse : عبارت میں وقف کے علامات لکھنے کا عمل

Punctum, *n.* A point ; full stop : نقطہ - پورے ٹھہراؤ کا نشان

Puncture, *n.* A small hole or wound made by a pointed instrument ; a prick : سوراخ - سال * *v. t.* To prick : گڑونا - چبھونا

Pungency, *n.* Sharpness ; tartness ; causticity : تیزي - ترشي - چرپراهٹ - جلن

Pungent, *a.* Sharp ; biting ; acrid ; caustic ; pricking ; severe : تیز - چرپرا - ترش - کھار - جلانیوالا - چبھتا ھوا - گھستا ھوا - سخت - بھاري

Punish, *v. t.* To afflict with pain for a fault or crime ; to chastise ; to correct : سزا دینا - سیاست کرنا - تعزیر کرنا - نصیحت کرنا - دھارنا - درست کرنا

Syn.—Chastise, correct, scourge.

Ant.—Recompense, reward.

Punishment, *n.* The infliction of pain or suffering for a crime or fault : سزا - تعزیر - سیاست - عقوبت * **Capital—,** سزا قتل - پھانسي * **Corporal—,** سزا جسماني * **Cumulative—,** سزاء متعدد

Punitive, *n.* Awarding or inflicting punishment : سزا کا - تعزیري

Punster, *n.* One who plays upon words ; a quibbler : ذو معني کہنے والا - جگتباز

Punt, *n.* A flat-bottomed boat : چپٹي ناؤ

Punt, *v. t.* To propel a boat by pushing with a pole against the bed of the water : لگوي سے کھینا

Puny, *a.* Small and weak ; petty : چھوٹا اور کمزور - خورد - کوچک - ننھا - کم رتبہ

Pup, *v. i.* To bring forth whelps : بچہ دینا - بیانا * *n.* A puppy ; a whelp : کتے کا بچہ - پلا - درندہ جانور کا بچہ

Pupa, *n.* A chrysalis : کیڑے کے پیدایش کي تیسري حالت

Pupil, *n.* A scholar ; a ward ; a disciple : شاگرد - نابالغ - چیلا * The apple of the eye : آنکھہ کي پتلي - مردمک چشم

Pupilage, *n.* The state of being a pupil or ward : شاگردي - طالبعلمي - طالبعلمي - نابالغي

Pupilary, *a.* Pertaining to pupil or ward : شاگرد یا نابالغ کے متعلق * Of the pupil of the eye : آنکھہ کي پتلي کا

Puppet, *n.* A doll ; a small image moved by wires in a show : گڑیا - کٹ پتلي - لعبت * One meanly under the control of another : جو شخص کٹ پتلي کي طرح کسي کے اختیار میں ھو

Puppy, *n.* A whelp : پلا * A conceited and insignificant fellow : مغرور - حقیر شخص

Purblind, *a.* Near-sighted ; dim-sighted : جسکو قریب سے دکھلائي دیوے - چندھا

Purblindness, *n.* Shortness of sight : چندھا پن - دھند

Purchase, *v. t.* To acquire ; to buy ; to obtain by outlay of money or labour : حاصل کرنا - خریدنا - محنت یا روپیہ کے عیوض میں لینا * *n.* Buying ; property ; acquisition ; pursuit : خریداري - مال - حصول - تعقب * **His life is not worth a day's purchase,** اسکي جان بڑے خطرہ میں ھے * **Free—,** خوش خرید

Purchaser, *n.* A buyer : خریدار - گاھک - مشتري

Pure, *a.* Clear ; unpolluted ; sheer ; absolute ; genuine ; innocent ; chaste : صاف - بے داغ - نرا - بالکل - خالص - کھرا - کورا - مبرا - بے گناہ - پاک دامن - عفیفہ * **A—villain,** پورا حرامزادہ - پکا دغاباز

Syn.—Unmixed, clear, true, chaste, undefiled.

Ant.—Mixed, impure, foul.

Purely, *ad.* Innocently ; merely ; chastely : بے گناھي سے - صرف - پاک دامني سے - صفائي سے

Purgation, *n.* The act of cleansing ; purification ; evacuation of the bowels : صفائي - اسھال - بریئت

Purgative, *n.* Cleansing ; cathartic : مصفي - جلاب * *n.* A cathartic : مسہل

Purgatory, *n.* A place after death where souls are supposed to be purged from impurity : دوزخ - نرک - اعراف * *a.* Cleansing : صاف کرنیوالا

Purge, *n.* A cathartic medicine : مسہل - جلاب * *v. t.* or *i.* To cleanse ; to purify ; to clarify ; to evacuate the bowels : صاف کرنا - پاک کرنا - آلایش دور کرنا - مسہل لینا - جلاب لینا

Purification, *n.* The act of making pure; a cleansing; lustration : طهارت - صفائي - پاکي

Purifier, *n.* A cleanser; a refiner : صاف کرنیوالا - میل دور کرنیوالا

Puriform, *a.* Like pus : پیپ کا سا

Purify, *v. t.* or *i.* To make clear; to refine; to become pure : صاف کرنا - میل دور کرنا - شستہ کرنا - گناہ یا آلودگي سے پاک کرنا - پاک هونا

Purist, *n.* One excessively nice in the choice of words : موشگاف - نکتہ سنج - بهت چیدہ الفاظ استعمال کرنے والا منشي - مصنف - شستہ نویس

Purity, *n.* Cleanness; innocence; chastity : صفائي - معصومیت - پاک دامني - عصمت - تقوي - نکوئي - عفت - پاکیزگي

Purl, *v. i.* To flow with a gentle murmur; to eddy : آهستہ آهستہ بهنا - بهنور پڑنا - لهرانا * *n.* A ripple; a gentle murmur : لهر - بهنے کي آواز * An embroidered border; lace : گوٹا - کناري - لیس

Purlieu, *n.* An enclosure; environ; district : احاطہ - گرد نواح - ضلع

Purloin, *v. t.* To steal; to filch : چوري کرنا - چورانا - دزدي کرنا

Purple, *a* Red tinctured with blue : لال نیلا ملا هوا - ارغواني - بیجني * Regal : بادشاهي - سلطاني * *n.* A colour compounded by the union of blue and red : نیلا اور لال ملکر بنا هوا رنگ - بیجني - ارغواني * A purple robe or dress : ارغواني پوشاک - جامہ سلطاني - خلعت * **Born in the—,** شاهي رتبہ یا خاندان کا

Purport, *n.* Meaning; tenor; tendency : معني - مطلب - منشاء - مدعا - مراد - مقصد * *v. t.* To import; to signify : معني رکهنا - مراد رکهنا - ظاهر کرنا

Purpose, *n.* End; aim; design; intention : انجام - ارادہ - منصوبہ - مقصد - غرض * **On—,** intentionally : قصداً * **To the—,** to the matter in question : برسر مطلب * **An answer to the—,** جواب با ثواب * **On—,** ارادہ سے * **Public—,** سرکاري یا ملکي کار * **To no—,** بے فایدہ - لاحاصل - بے مصرف - نکما * **To what—,** کس لئے - کاهے کو * *v. t.* or *i.* To intend; to mean; to wish; to design : ارادہ کرنا - مطلب رکهنا - خواهش کرنا - منصوبہ کرنا

Purposely, *ad.* Intentionally on purpose : ارادتاً - عمداً - دیدہ دانستہ

Purr, *n. See* **Pur.**

Purse, *n.* A small bag for money : تهیلي - کیسہ - همیاني - بٹوا * **A long—,** بهت روپیہ - دولت * **A light—,** کم مایہ - غریبي - افلاس * **Sword and —,** فوج اور روپیہ - تیغ و دیغ * **Let your —be your master :** جتني چادر دیکهو اتنے پانون پسارو * **Keep your —and your mouth close,** تهیلي اور منهہ دونو بند رکهو * *v. t.* To put in a purse; to pucker : تهیلي میں رکهنا - تهہ کرنا - سکوڑنا

Purse-pride, *n.* Pride of money : روپیہ کا غرور - روپیہ یا پیسہ کا گهمنڈ

Purser, *n.* The paymaster of a ship : جهاز کا تحویل دار

Purslain, *n.* A succulent potherb : ایک قسم کي سبزي - لونیا - خرفہ - کلفا

Pursuance, *n.* A following after; prosecution; consequence : پیروي - تعقب - تعمیل - نتیجہ * **In—of,** in execution of : بہ تعمیل

Pursuant, *a.* Done in consequence; conformable : موجب - موافق - مطابق - حسب

Pursue, *v. t.* To chase : تعاقب کرنا * To seek; to prosecute; to carry on : تلاش کرنا - درپے هونا - بجالانا * To follow : پیچها کرنا * **To pursue a sensible course,** عاقلانہ طریق اختیار کرنا * How long will you *pursue* such a line of conduct : تم کب تک ایسي چال چلوگے * *Pursue* your studies : کتابوں کے مطالع میں لگے رهو

Syn.- Follow, chase, seek, persist.

Pursuit, *n.* The act of following; course of business or occupation; prosecution : تعاقب - شغل - کار و بار - درپے هونا - پیچهے پڑنا - کوشش - تلاش - تفتیش * The *pursuit* of knowledge : تلاش علم - مشغلہ علم و هنر * **Literary—s,** اشغال علمي

Pursuivant, *n.* A state messenger : شاهي پیغامبر - سفیر

Pursy, *a.* Swelled; fat and short winded : پهولا - موٹا - جسکا دم جلد پهول اوٹهے - دم چڑها - شیر دم

Purtenance, *n.* Appurtenance : لوازمہ * The pluck of an animal : حیوان کا کلیجہ جگر اور شش

Purulence, *n.* The generation of matter ; pus : پیپ کي پیدایش - ریم - مواد

Purulent, *a.* Consisting of matter : پیپھا - ریم سے بھرا ھوا

Purvey, *v. t.* or *i.* to provide ; to buy in provisions ; to cater : بھم پہنچانا - رسد خریدنا - کھانیکا سر انجام کرنا

Purveyance, *n.* Procurement ; management ; بھم رساني - انتظام رسد

Purveyor, *n.* One who provides victuals ; a caterer : رسد یا خوراک بھم پہنچانیوالا- بھنداري - مودي

Purview, *n.* The body of a statute ; scope : مضامین آئین - منشا یا اختیار کي حد - وسعت - حد

Pus, *n.* The matter of an abscess : ریم - پیپ - مواد

Push, *v. t.* or *i.* To impel by pressure ; to butt ; to drive ; to press ; to importune ; to make a thrust : ڈھکیلنا - ٹکر مارنا - گاڑنا - دبانا - تنگ کرنا - پیلانا * **To—on,** to urge forward : آگے بڑھانا-جلدي کرنا * **To—up,** to slide up ; to raise : اُٹھانا * **To—down,** دے مارنا - پٹک دینا * **To—out,** نکال باھر کرنا * *n.* A thrust ; emergency ; an attack ; a vigorous effort : - ھول - بھو نکا - کھونچا - ریل - ضرورت - حملہ - جهد * A pimple : پھنسي

Pushing, *a.* Enterprising ; energetic : - الوالعزم - صاحب ھمت - چست و چالاک - کاروبار میں اپني ھمت سے خوب ترقي کرنے والا

Pusillanimity *n.* Cowardice ; timidity : - بزدلي - نامردي

Syn.—Cowardliness, fear, timidity.

Ant.—Bravery, fortitude.

Pusillanimous, *a.* Mean-spirited ; timid ; feeble : نامرد - بے ھمت - ڈرپوک - بزدل - کمزور

Puss, Pussy, *n.* A cat ; a hare : بلي - خرگوش

Pustulate, *v. i.* To form into blisters : - آبلہ ڈالنا - پھپھولا پڑنا

Pustule, *n.* A small blister : چھالا - پھپھولا

Put, *v. t.* To place ; to set ; to offer ; to apply ; to express ; to urge ; to oblige ; to propose : - رکھنا - بیٹھالنا - درخواست کرنا - لگانا - ظاھر کرنا - اُسکانا - تحریک دینا - مجبور کرنا - پیش کرنا * **To—about,** to change the course of : رخ پھیرنا - گھومانا * To cause inconvenience : تکلیف دینا * **To—an end to,** to stop : روکنا - موقوف کرنا * **To—away,** to renounce : ترک کرنا * To divorce : طلاق دینا * **To—back,** to delay ; to hinder : دیر کرنا - روکنا * **To—by,** to save : پس انداز کرنا * **To—down,** to deposit : جمع کرنا * To suppress : مغلوب کرنا - دبانا * To write down : قلمبند کرنا * To degrade : ذلیل کرنا * **To—forth,** to propose : پیش کرنا * To hold out : بڑھانا * To shoot out : خوشہ نکالنا * To exert : کام میں لانا * **To—in,** to insert : داخل کرنا * **To—in mind,** to remind : یاد دلانا * **To—in practice,** کام میں لانا - استعمال کرنا * **To—the case,** حالت فرض کرنا * **To—the hand to,** پکڑنا - مصروف ھونا * **To—this and that together,** نتیجہ نکالنا * **To—to a stand,** روکنا - ٹھہرانا * **To—to rights,** دوست یا باترتیب کرنا * **To—up to,** اطلاع دینا * **To—off,** to laid aside : اُتار ڈالنا * To defer or postpone : ملتوي کرنا * To leave the shore : انگر اُٹھانا * **To—on,** to wear : پھننا * To assume : بناوت کرنا * To encourage : آمادہ کرنا * **To—out,** to extinguish : بجھانا * To exert : کام میں لانا * To place at interest : سود پر لگانا * To sprout : خوشہ نکالنا * To publish : شایع کرنا * **To—together,** to unite, to add together : ملانا - جوڑنا * **To—up,** to offer : دینا * To start from a cover : نکل آنا * To raise up : اُٹھانا * To hoard : جمع کرنا * **To—up at,** to take lodgings at : ٹھہرنا - ٹکنا * **To—up with,** to endure patiently : برداشت کرنا - ضبط کرنا * **To—one on a false scent,** to misdirect : بہکانا * **To—one's best leg foremost,** to walk quickly : جلدي جلدي چلنا * **To—one's shoulder to the wheel,** to help another in the doing of a work : سہارا دینا * **To—out of countenance,** to make one abashed : شرمندہ کرنا

Putative, *a.* Supposed ; reputed : - قیاسي - فرضي - مشہور

Putid, *a.* Mean ; worthless ; vile : - حقیر - نکما - کمینہ

Put-off, *n.* An evasion ; an excuse : - حیلہ - بہانا - عذر - حیلہ حوالہ

Putredinous, *a.* Stinking ; rotten : - گندہ - سڑا - متعفن

Putrefaction, *n.* Rottenness : سڑاھند - بوسیدگي

Putrescent, *a.* Becoming putrid ; growing rotten : بوسیدہ - بدبو دار - بسا ہوا

Putrefy, *v. t.* or *i.* To render putrid ; to rot : سڑانا - سڑنا

Putrid, *a.* Decomposed ; rotten ; corrupt : اوبسا ہوا - سڑا ہوا - گندہ - فاسد

Putter-on, *n.* Instigator : اُسکانے والا - فتنہ انگیز

Putter-out, *n.* One who puts out money at interest : وہ جو روپیہ سود پر چلاتا ہے - مہاجن

Puttock, *n.* The kite : چیل

Putty, *n.* A kind of paste or cement used by glaziers : پٹین * *v. t.* To cement with putty : پٹین سے جوڑنا -

Puzzle, *n.* Perplexity ; a kind of riddle ; an ingenious toy : حیرانی - پریشانی - معما - گورکھ دھندا *—**headed,** having confused ideas : جسکے خیالات گڑبڑ ہوں - پریشان دماغ * *v. t.* To confuse ; to perplex ; to entangle : حیران کرنا - گھبرانا - چوکڑی بھلا دینا - سراسیمہ کرنا - اولجھانا

Pygmy, *n.* A dwarf : بونا

Pyramid, *n.* A solid structure standing on a triangular square or polygonal base and ending in a point at the vertex : مینار - مخروطہ منارہ

Pyre, *n.* A funeral pile : چتا - سوختنی چیز کا انبار

Pyriform, *a.* Having the form of a pear : ناشپاتی کی شکل کا

Pyrogenous, *a.* Igneous : آتشی - آتش دار

Pyrology, *n.* The science of heat : علم حرارت

Pyromancy, *n.* Divination by fire : شگون یا فال جو آگ سے لیا جاوے

Pyrometer, *n.* An instrument for measuring degrees of heat : پیمانہ حرارت

Pyrotechnics, *n.* The art of making fireworks : آتشبازی بنانے کا فن

Pyrotechnist, *n.* A manufacturer of fireworks : آتشباز

Python, *n.* A genus of long nonvenomous serpents : اجگر

Q

Quack, *v. i.* To cry like a duck : بطخ کی طرح بولنا - قاں قاں کرنا * To boast : شیخی کرنا - لاف زنی کرنا * *n.* An empty pretender ; a charlatan ; a mountebank : شیخی باز - لافزن - جھوٹا طبیب - نیم حکیم - بط کی اواز

Quackery, *n.* Ignorant pretension to skill in medicine ; imposture : جھوٹی طبابت - فریب - دغابازی - پاکھنڈ - کٹھ بیدی

Quadragenarian, *a.* Consisting of 40 ; forty years' old : چالیسہ - چالیس سال کا

Quadrangle, *n.* A quadrilateral figure : ذواربعتہ الاضلاع - ذواربعتہ الزاویا - شکل چوگوشہ

Quadrangular, *a.* Having four angles : چوگوشیہ - ذواربعتہ الزاویا

Quadrant, *n.* The quarter of a circle : ربع دایرہ * The fourth part : چوتھائی * An instrument for measuring altitudes : بلندی ناپنے کا آلہ

Quadrat, *n.* A block of type-metal lower than the letters : ایک چوپہل ٹکڑا جو ٹایپ کی خالی جگہہ میں کام آتا ہے

Quadrate, *a.* Square ; divisible by four ; suitable : مربع - چار برابر حصوں میں تقسیم ہونے کے لایق - مطابق - موزوں - سجل

Quadratic, *a.* Of a square : مربع کا

Quadrature, *n.* The act of squaring ; a square : تربیع - مربع

Quadrennial, *a.* Comprising or occurring once in four years : چوسالہ - چوبرکھی

Quadrilateral, *a.* Having four sides and four angles : ذواربعتہ الاضلاع و زاویا - چوگوشیہ

Quadrille, *n.* A kind of dance : ایک طرح کا ناچ

Quadripartite, *a.* Divided into four parts : چار حصوں میں تقسیم کیا گیا

Quadruped, *n.* An animal having four feet : چوپایہ

Quadruple, *a.* Four-fold : چارگنا - چہار چند

Quadruplicate, *a.* Four-fold : چوگنا - چوچند * *v. t.* To double twice over : چوگنا کرنا - دونے کو دونا کرنا

Quaff, *v. t.* or *i.* To drink copiously ; to drink luxuriously : چڑھا جانا - خوب پینا - بکثرت پینا - سرک جانا

Quaggy, *a.* Boggy ; spongy : دلدلدار - دلدلا - سوراخدار

Quagmire, *n.* A shaking marsh : دلدل - دهسان

Quail, *n.* A bird : بٹیر - اورا * *v. t.* or *i.* To sink ; to lose heart ; to give way ; to shrink : - ڈوبنا - همت هارنا - دبانا - جهجهکنا - سمٹنا

Quaint, *a.* Odd ; singular ; fanciful ; nice neat : عجیب - انوکها - نفیس - اچها - ستهرا

Quaintness, *n.* Nicety : لطافت - انوکهاپن - خصوصیت

Quake, *v. i.* To shudder ; to shake ; to tremble : کانپنا - هلنا - تهرتهرانا - لرزنا * *n.* A shake ; a shudder : لرزه - تهرتهراهت

Qualification, *n.* Legal power or ability : - مجاز - لیاقت - خوبي - وصف - کمالیت - استعداد * Modification ; diminution : ترمیم - تخفیف - کمي

Qualify, *v. t.* or *i.* To fit : موافق یا قابل کرنا - سزاوار کرنا - بنانا * To vary ; to limit ; to soften ; to diminish : تبدیل کرنا - محدود کرنا - ملایم کرنا - گهٹانا .

Quality, *n.* A distinguishing attribute : - خاصیت - صفت - گن * A trait ; a character ; rank ; accomplishment ; superior birth ; skill ; profession : خاصه - ڈهنگ - رتبه - قابلیت - شرافت - هنر - حکمت - پیشه - صیغه فن * **The quality,** اعلی درجه کے لوگ - نجبا - امرا - شرفا - صاحبان والا مرتبت

Qualm, *n.* A throe ; nausea ; compunction ; nausea : مروڑ - اُبکائي - خدشه - مطلي - خلش - پشیماني

Qualmish, *a.* Sick at the stomach ; squeamish : متلایا هوا - تنگ مزاج

Quandary, *n.* A state of perplexity ; doubt : حیراني - شبهه

Quantitative, *a.* Relating to quantity : متعلق به مقدار

Quantity, *n.* Greatness ; extent ; measure ; bulk ; amount : - عظمت - حد - اندازه - جسامت - مقدار

Quantum, *n.* Quantity ; amount : - معداد - تعداد - مقدار * **—valebat,** بیچي هوئي چیز کي مالیت کي نالش

Quaq, *v. i.* To quiver ; to throb : هلنا - دهڑکنا

Quarantine, *n.* Inhibition of intercourse with the shore : ساحل یا بندر گاه تک آمدو رفت کي ممانعت - قرنطینه - وبائي مرض کے سبب کسي شخص مقام دیهه وغیره کي علحدگي

Quarrel, *n.* A brawl ; a wrangle ; a dispute : جهگڑا - قضیه - تنازعه - ناچاقي - ان بن * *v. i.* To dispute violently ; to wrangle ; to cavil ; to antagonize : جهگڑنا - قضیه کرنا - نقطه چیني کرنا - خلاف هونا * **To quarrel with one's bread and butter,** اپني روزي کے دشمن هونا - اپني روزي کو خود نقصان پهونچانا

Quarrelsome, *a.* Apt to quarrel ; irascible ; petulant : جهگڑالو - غصه ور - جهکي - نقتے باز

Quarry, *n.* A place where stones are dug : مقام جهاں سے پتهر کهودا جاے * Game ; a heap of game killed : شکار - صید * *v. t.* To dig stones ; to prey : پتهر کهودنا - شکار کرنا

Quarryman, *n.* One who works in a quarry : کان میں کام کرنے والا

Quart, *n.* The fourth part of a gallon : چوتهائي گیلن

Quartan, *a.* Of the fourth : چوتهیا * Occurring every fourth day : چهار روزه - چوتهیا

Quartan, *n.* An ague which occurs every fourth day : بخار - بخار جو چوتهے دن آتا هے

Quarter, *n.* A fourth part : ربعه - چهارم - پاؤ * The fourth part of a hundredweight, *i. e.*, 28lbs : ۲۸ پونڈ کا ایک وزن * A measure of 8 bushels : ۸ بشل کا پیمانه * One of the four cardinal points : اطراف اربعه میں سے کوئي ایک * A particular region of a town or city : محله * The fourth part of the carcass of a quadruped : کسي ذبح کئے هوے جانور کا چوتهائي ٹکڑا * Mercy shown by a conqueror to the enemy : پناه - شرن *—pl. Residence : - قیام - سکونت * **To keep—,** کسي حد کے اندر رهنا - قابو * دوستانه طور پر - صلح یا رفاقت سے **—n,** * میں رهنا **To keep fair—,** کسي کا وفادار رهنا * **Close—s,** قول یا روبرو * **Head—,** صدر مقام * **To ask—,** پناه مانگنا - جان بخشي چاهنا * **To give or show—,** جان بخشي کرنا - جان کي امان دینا

Syn.—District, region, tract.

Quarter, *v. t.* or *i.* To divide into four equal parts ; to cut to pieces ; to station soldiers ; to lodge : چار برابر حصے کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - سپاهیونکو متعین کرنا - ٹهرانا - ٹکانا

Quarterage, *n.* A quarterly allowance : سه ماهي تنخواه

Quarter-day, *n.* The day when quarterly payment of rent or interest is made : قسط سه ماهي کا آخر روز

Quarterdeck, *n.* The short upper deck : جہاز کي چھوٹي اوپر کي منزل

Quarterly, *a.* Recurring every three months : سه ماهي * *a.* Once in a quarter of the year : تين مهينه ميں ايک بار * *n.* A periodical published once in a quarter of a year : سه ماهي رساله

Quartermaster, *n.* An officer whose duty is to provide quarters, provisions, etc., for the army : افسر فوج جو خيمه و رسد وغيره کا انتظام کرتا هے

Quartern, *n.* A gill ; the fourth of a pint : چوتھائي پنٹ دو چھٹانک - آدھه پاؤ

Quarters, *n. pl.* Military station ; residence : فوجي مقام - سکونت - مسکن - رهنے کي جگهه * **To beat up the—of,** خلل دينا - حرج کرنا * **To come to close—,** گھمسان کي لڑائي پڑنا * **Winter quarters,** موسم سرما کي چھاوني

Quartette, *n.* A stanza of four lines : رباعي - قطعه - چوبولا - چو مصرع

Quarto, *n.* A book in which a sheet is folded into four leaves : چو ورقه

Quartz, *n.* Rock crystal : ايک قسم کا پتھر - پتھوري بلوري پتھر

Quash, *v. t.* To crush ; to quell ; to extinguish ; to make void ; to annul : توڑنا - دبانا - فرو کرنا - باطل کرنا - منسوخ کرنا - کل عدم کرنا

Quatern,
Quaternary, } *a.* Consisting of four as quatern leaves : چوکڑا - چوپتيا

Quaternion, *n.* A set or group of four : چار کي صف يا قطار

Quatrain, *n.* A stanza of four lines rhyming alternately : رباعي - سورٹھا

Quaver, *v. i.* To vibrate ; to shake in vocal utterance : تھرتھرانا - لغزش کرنا - لرزنا * *n.* A rapid vibration : تيز تھرتھراهٹ - لغزش

Quay, (*ke*) *n.* A mole ; a wharf : پشته - گھاٹ

Quayage, *n.* Wharfage : گھاٹ کي اوترائي - گھاٹ پر مال اتارنے يا چڑھانيکا محصول

Queachy, *a.* Shaking ; moving : هلتي هوئي - متحرک - جنبش کرتي هوئي

Queasy, *a.* Stick ; qualmish ; fastidious : جسکا جي متلاتا هو - متلايا هوا - متلي لانے والي - مقي - قئي آور - نازک پسند - عالي دماغ

Queen, *n.* The consort of a king ; a female monarch : شاه بيگم - ملکه * A piece in chess : شطرنج کا وزير * **Queen dowager,** بيوه بادشاه بيگم * **—mother,** راج ماتا * **—regent, —regnant,** راج راني - ملکه حکم راں * **—bee,** چھتے کي مادين مکھي

Queer, *a.* Odd ; singular ; whimsical : عجيب - طرفه - نادر * **A—fish,** آدمي جسکي عجيب عادتيں هوں - عجيب آدمي - طرفه معجون

Queerly, *ad.* Oddly ; singularly : طرفه طور پر - عجيب طور پر

Quell, *v. t.* To subdue ; to crush ; to quiet ; to calm : دبانا - فرو کرنا - مطيع يا پامال کرنا - تخفيف کرنا - تسکين دينا

Quench, *v. t.* To extinguish ; to slake ; to put out ; to destroy : سرد کرنا - ٹھنڈا کرنا - بجھانا - گل کرنا - برباد کرنا - تکلف کرنا

Quenchless, *a.* Inextinguishable ; irrepressible : ناقابل فرو - لازوال - امٹ - نه بجھنے والا

Querimonious, *a.* Quarrelsome : complaining : جھگڑالو - شاکي

Querist, *n.* One who asks questions : سوال پوچھنے والا - مستفسر

Quern, *n.* A stone hand mill for grinding corn : چکي - جانتا

Querulous, *a.* Habitually complaining ; peevish : شاکي - گله کرنيکا عادي - تنگ مزاج

Query, *n.* A question : سوال * The sign of interrogation : علامت سوال * Doubt : شک *v. t.* or *i.* To make inquiry ; to ask a question ; to doubt : استفسار کرنا - سوال پوچھنا - شک کرنا

Quest, *n.* The act of seeking ; search ; request ; desire ; examination : تلاش - جستجو - التجا - درخواست - خواهش - امتحان - تحقيقات

Question, *n.* An interrogation : سوال - استفهام * Disquisition : تحقيقات * Doubt ; controversy : جھگڑا - شک - شبهه - مباحثه * Trial : تفتيش - آزمايش * Matter to be inquired into : وه شئي جسکي تحقيقات کي جاے - امر مباحثه طلب - معامله * **Begging the—,** assuming something without proof : کسي بات کو بلا ثبوت فرض کر لينا * **In—,** under discussion : زير مباحثه * Above mentioned : مذکوره بالا * **Out of—,** undoubtedly : بے شک * **Out of the—,** not worthy of consideration : ناقابل

لحاظا * To call in—, to doubt : شک کرنا * —of decision, امر تنازع * To call in—, جرح کرنا - حجت لانا * Leading—, سوال اشاري * Out of the—, خراج از مقدمه * To beg the —, استدلال کرنا - دعوی کو فرض ماننا * To obey orders without—, سپاهي کو لازم هے که بلا چون و چرا حکم احکام مانے * v. t. or i To ask a question ; to debate ; to doubt ; to challenge : سوال کرنا - پوچھنا - بحث کرنا - جھگڑا کرنا - شبهه کرنا - شک کرنا - جرح کرنا - حجت کرنا

Questionable, *a.* Doubtful ; uncertain ; disputable ; admitting of heing questioned : – مشتبه مشکوک - بے قابل پرسش - ٹھيک - بحث طلب - سوال طالب

Syn.—Disputable, debatable, doubtful.

Questioner, *n.* An inquirer : سوال کرنيوالا - مستفسر

Questionless, *a.* Doubtless ; certain : بے شک و شبهه - يقيني - لاريب

Quib, *n.* A sarcasm ; a gibe : طنز - طعنه - تشنه – ملامت

Quibble, *n.* An evasion of the truth ; a prevarication : راستي سے گريز - حيله حواله - بهانه - ٹال مٹول * A low conceit : غرور – گھمنڈ * A cavil : عيب جوئي - حرف گيري * *v. i.* To evade ; to prevaricate ; to pun : بچنا - گريز کرنا - حيله حواله کرنا - ٹال جانا - مغالطه دينا - ذومعني کهنا

Quibbler, *n.* A punster : لطيفه گو - جگت باز - سخن ساز

Quick, *a.* Alive ; nimble ; prompt ; rapid ; hasty ; sensitive ; pregnant : زنده - تيز - مستعد - جلد - پھرتيلا - شتاب - ذي حس - باحس - ذي هوش - حامله - باردار *ad.* Nimbly ; soon : تيزي سے - شتابي سے - جلد - بلا توقف *n.* A living animal or plant : زنده جانور يا درخت * The living flesh ; the sensitive part : جيتا گوشت - جاندار حصه

Quicken, *v. t.* To make alive ; to cheer ; to accelerate ; to refresh : زنده کرنا - خوش کرنا – تروتازه کرنا - تيز چلانا - تيز کرنا

Quicklime, *n.* Lime unquenched : بري – اهک کاي - چونا - سفيدي

Quickly, *ad.* Speedily ; nimbly : جلدي سے - تيزي سے

Quickness, *n.* Speed ; celerity ; briskness ; keenness ; acuteness of perception ; pungency of taste : جلدي – تيزي - شتابي – چالاکي - زود - زود فهمي - تيز طبعي – چرپراهٹ - - تلخي - تيزي

Syn.—Swiftness, fleetness, rapidity, velocity.

Ant.—Slowness.

Quick-sand, *n.* Sand sinking under the feet : ريگ روان - چور بالو – دلدل – بھبھن - دھسان

Quickset, *n.* A living plant set to grow for a hedge : مهندي وغيره کي قسم کا درخت جو ٹٹي گھيرنے کے لئے لگايا جاتا هے

Quicksighted, *a.* Acute of perception : تيز نظر - تيز نگاه

Quicksilver, *n.* Mercury : پاره - سيماب

Quick-witted, *a.* Of ready wit : حاضر جواب - زيرک - تيز فهم

Quiddle, *v. i.* To waste time in trifling employments : لهو لعاب ميں وقت ضايع کرنا - تضييع اوقات کرنا

Quiescence, *n.* Rest ; repose ; silence : سکون – آرام - راحت - چين - اسايش - خاموشي

Quiescent, *a.* Calm ; unruffled ; silent : مطمئن – ساکت - استهر - غير متحرک

Quiet, *a.* Still ; free from alarm or disturbance ; calm ; smooth ; peaceable ; retired : ساکت - بے شور وفساد - باقرار - خاموش - هموار - صلح پسند - گوشه نشين * *n.* Repose ; security ; tranquillity : آرام - آسايش - قرار * *v. t.* To still ; to pacify ; to allay : تسکين دينا - فرو کرنا - دھيرج دينا

Quietism, *n.* Tranquillity of mind : اطمينان - دھيرج

Quietly, *ad.* Peaceably ; patiently : چپکے سے صبر سے

Quietness, *n.* Stillness ; tranquillity ; silence : سکوت - آرام - چين - خاموشي - چپ

Quietude, *n.* Rest ; tranquillity : آرام - قرار - تسکين

Quietus, *n.* Rest : آرام - آسودگي * Death : موت * A final settlement : آخري تصفيه

Quill, *n.* A large strong feather ; a pen : بڑا مضبوط پر – پر کا قلم * **A—driver,** صاحب قلم - منشي * **To arry a good—,** خوش خط لکھنا * *v. i.* To plait ; to wind on a quill : بابڑ موڑنا - پر پر لپيٹنا

Quilt, *n.* A thick cover for a bed : توشک - گدا – رضائي - سوزني * *v. t.* To stitch one cloth upon another : ايک کپڑے پر دوسرا کپڑا سينا – توشک بنانا - رضائي بنانا

Quinary, *a.* Consisting of five; arranged by fives : پانچ کا پچوترا

Quince, *n.* A tree and its fruit : ایک قسم کا درخت اور اوسکا پھل - بہي

Quinine, *n.* An alkaloid obtained from trees of the genus : کونین

Quinquangular, *a.* Having five angles or corners : پنج گوشہ - مخمس

Quinquennial, *a.* Happening every five years : پنج سالہ

Quinsy, *n.* An inflammation of the tonsils : خناق - گلے کي گلتھي کا پھولنا - کنٹھ مالا

Quintain, *n.* A figure or object to be tilted at : نیزہ بازي کا نشانہ

Quintal, *n.* A weight of hundred pounds : سو پونڈ کا وزن

Quintan, *n.* A fever occurring every fifth day : بخار جو هر پانچویں روز آوے

Quintessence, *n.* (L. quintaessentia, the fifth essence) the highest essence; concentrated extract : اعلي جوهر - ست - هیرا - لب لباب

Quintuple, *a.* Fivefold : پانچ پرت - پنچ گنا *v. t.* To multiply by five; to make fivefold : پانچ سے ضرب دینا - پنچ گنا کرنا

Quip, *n.* A sarcasm; a jibe; a jeer : - طعن طعنہ - طنز *v. t.* or *i.* To sneer at; to scoff; to jibe : بولي مارنا - طعن کرنا - طنز کرنا - تمسخر کرنا

Quire, *n.* A body of singers : گانیوالونکا طایفہ * 24 sheets of paper : کاغذ کا دستہ - ۲۴ تختے

Quirk, *n.* An artful subterfuge; a shift; a quip; smart taunt : - جگت - حیلہ - ٹالا بٹالا - رمز آوازہ - طعن

Quit, *v. t.* To absolve; to abandon; to forsake; to repay; to perform : رھا کرنا - آزاد کرنا - چھوڑ دینا - ترک کرنا - ادا کرنا - انصرام دینا - بجا لانا * **To quit cost,** لاگت یا مول دینا * **To—scores,** حساب بے باق کرنا - چکتا کرنا * **To be—with,** برابر هونا

Syn.—Leave, relinquish, resign, surrender.

Ant.—Occupy, seek.

Quit, *a.* Absolved; free; clear : - بري - آزاد مبرا - پاک

Quitclaim, *n.* Relinquishment of a claim; a deed of release : باز دعوی - دعوی چھوڑ دینے کي دستاویز

Quite, *ad.* wholly; perfectly : - بالکل - تمام - پورا سراسر

Quit-rent, *n.* A small reserved rent : - لگان مقررہ مقررہ خراج

Quits, *ad.* Square; on equal terms : - تصفیہ چکتا - انفصال

Quittance, *n.* Discharge from a debt or obligation; recompense : باز دعوی - چھٹکارا - فارغخطي عوض - معاوضہ - اجر

Quiver, *n.* A sheath for arrows : ترکش * A shiver : لرزہ * *v. t.* To shake; to shiver; to be agitated : هلنا - کانپنا - تھرتھرانا - گھبرا جانا

Quixotic, *a.* Aiming at an impossible ideal, Romantic; absurd : ناممکن خیال کو پورا کرنے کے درپے - متجاوز خیالي - عجیب - بے سروپا

Quixotism, .. Romantic and absurd notions; visionary schemes · عجیب خیالات - خیالي پلاؤ

Quiz, *n.* A riddle, a jest; an odd fellow : * چیستان - پہیلي - معمہ - لطیفہ - هزل - عجیب شخص *v. t.* To puzzle; to banter; to hoax; to spy or peer into : گھبرانا - چھیڑنا - هنسي کرنا - ٹھٹھا کرنا - جھانکنا یا تاکنا

Quizzical, *a.* Comical : - خندہ آور - خوش کرنیوالا دلگي باز

Quodlibet, *n.* A nice point; a subtility : باریک بات - دقیقہ - رمز

Quoif, *n.* A cap or hood : برقع - ٹوپي

Quoin, *n.* A wedge; an external angle : - کونہ گوشہ بیروني

Quoit (*koit*), *n.* A circular iron ring to be pitched at a mark : لوھیکا چکر جو نشانہ مارنیکے لئے دور گاڑا جاتا ھے * *v. t.* To throw or play at quoits : چکر میں نشانہ مارنا

Quondam, *a.* Former : سابقہ - پیشینہ - آگے کا

Quorum, *n.* A bench of justices; a number for transacting business : اجلاس عدالت - اتنے اشخاص جو اجراے کار کے لئے کافي هوں

Quota, *n.* A proportional share; a part assigned to each : حصہ رسدي - حصہ - بخرا

Quotation, *n.* The passage cited : عبارت جسکا حوالہ دیا جارے * The price of an article named or specified : حوالہ - کسي خاص شے کي نرخ - مول

Quote, *v. t.* To cite : حوالہ دینا * To name the current price of : نرخ بتانا - دام بتلانا

Quoth, *v. i.* Said ; spoke : کہا - بولا

Quotidian, *a.* Daily ; occurring every day : روزمرہ - یومیہ - روزانہ - ھمہ یومي * *n.* A fever which returns every day : روزانہ تپ

Quotient, *n.* The number resulting from the division of one number by another : حاصل قسمت - خارج قسمت - لبدہ

R

Rabbet, *n.* Groove in the edge of a board : چول - چوڑي - چول کا سوراخ - سال - جوڑ کي جھري - درز - پتیام

Rabbi, *n.* A Jewish teacher or doctor of the law ; a chief : پیر یہود - یہودي قانون داں سردار

Rabbit, *n.* A well-known animal of the hare kind : خرگوش - کھرھا

Rabble, *n.* A noisy crowd ; a mob : گنواروں یا رذیلوںکي بھیڑ - اژدھام - ھجوم - تیلي تنبولي - رمدو پھٹو - دھنئے جولاھے - عوام - چھوٹي قوم

Rabid, *a.* Furious ; mad : غضب ناک - دیوانہ - باولا - پاگل - سودائي - غضب ناک

Rabidness, *n.* Furiousness ; madness : غضب ناکي - دیوانگي - باولا پن

Race, *n.* A rapid course ; a running ; a contest in running ; progress : تیز رفتار - دوڑ - شرط بدي - دوڑ - ترقي * Family ; a breed ; a root ; flavour : خاندان - نسل - پیڑھي - جماعت - جڑ - اصل - بنیاد - ذائقہ - مزہ * Course of life : *دور زندگي - روش - رفتار

Race, *v. i.* To run swiftly ; to contend in running : جلد دوڑنا - شرط بدکر دوڑنا

Race-ginger, *n.* Ginger in the root : سونٹھہ - ادرک

Race-ground, *n.* A place set apart for racing : گھوڑ دوڑ کا میدان - چوگان

Race-horse, *n.* A horse bred for running : گھوڑ دوڑ کا گھوڑا

Raceme, *n.* A cluster ; a bunch : جھنڈ - گچھا - خوشہ

Racer, *n.* A race-horse : گھوڑ دوڑ کا گھوڑا

Racial, *a.* Pertaining to lineage or breed : نسل یا خاندان کے متعلق

Raciness, *n.* Peculiar and piquant flavour : عجیب تیز مزہ - خاص طرحکي نمکیني یا لطف

Rack, *n.* An engine of torture : شکنجہ * Anguish : سیاست * A grate : آتش دان * A wooden frame for hay : جانوروںکو گھاس کھلانیکا کٹھورا * Flying, broken clouds : اوڑتا ھوا بادل کا ٹکڑا * A frame-work on which articles are arranged : کپڑا رکھنے کي کھونٹي - گھوڑي * **Rack and rum,** تہس نہس * **To go to—,** غارت یا برباد ھونا * **To put to rack,** ستانا - دکھہ دینا

Rack, *v. t.* To stretch unduly ; to twist ; to torture ; to heighten : حد سے زیادہ تاننا - نچوڑنا - مروڑنا - تکلیف دینا - طول دینا - بڑھانا

Racket, *n.* Noisy talk ; din ; شور - غل غپاڑا * A bat used in tennis : ٹینس کھیلنے کا ڈنڈا

Rack-rent, *n.* An annual rent raised to the utmost : سالانا کرایہ انتہا درجہ کا - سخت لگان

Racy, *a.* Strong ; rich ; piquant ; spirited : تیز مسالحدار - مزہ‌دار - شوخ - زندہ دل

Syn.—Spicy, spirited, lively, smart.

Ant.—Cold, dull, insipid, stupid.

Raddle, *n.* A hedge : ٹٹي * A weaver's tool : جولاھیکا اوزار * *v. t.* To twist together ; to interweave : ملاکر بٹنا - بٹنا - گوندھنا - بننا

Radiance, *n.* Brilliancy ; brightness : چمک - تاب - انعکاس - روشني - تجلي

Syn.—Lustre, brilliancy, splendour, glare.

Ant.—Dimness, dulness, opaque, obscurity, shade.

Radiant, *a.* Giving out rays ; shining ; sparkling : نور افشاں - چمکدار - روشن - چمکیلا - منور - نوراني - متجلي

Radiate, *v. t.* or *i.* To emit beams ; to issue in a direct line from a point : پرتو ڈالنا - نور افشاں ھونا - چمکنا - تاباں ھونا - درخشاں ھونا - شعاع کا سیدھے خط میں انعکاس کرنا

Radiation, *n.* Emission of rays ; beamy brightness : نور انشاني - منور تجلي - جلوہ - انعکاس - شعاع ريزي - اخراج و افشاني

Radiator, *n.* A body from which rays proceed : جسم جس سے شعاع يا کرن نکليں

Radical, *a.* Original ; fundamental ; thorough going : پورا - اصلي - ذاتي - بنيادي * Innate ; primitive : جبلي - طبعي - قديمي - ابتدائي * **—heat,** حرارت عزيزي - اصلي گرمي * **—moisture,** رطوبت اصلي - تراوت اصلي **—sign,** علامت جزر * *n.* A primitive word : اصلي لفظ - مادہ - دهاتو * A democrat : جمهوري حکومت کا طرفدار - حامي آزادي

Radically, *ad.* Originally ; fundamentally ; essentially : بالاصل - بالذات - ضرورتاً - في الحقيقت

Radication, *n.* The act of taking root : جڑ پکڑنا - مضبوطي - استحکام

Radicle, *n.* That part of the seed of a plant which becomes a root : بيج کا وہ حصہ جو جڑ هو جاتا هے - انکور

Radish, *n.* An annual plant : مولي - ترب

Radius, *n.* The semi-diameter of a circle : نصف قطر - اردہ بياس

Radix, *n.* A primitive word ; the root : اصل لفظ - مادہ - جڑ - بيخ

Raff, *n.* A jumble : خلط - ملط * Refuse : کوڑا - آخور * The scum of society ; the rabble : چهوٹے لوگ - عوام * *v. t.* To sweep : بهارنا - جهاڑنا * Tho rob : چهين لينا - چوري کرنا

Raffle, *v. t.* or *i.* To dispose of by means of a raffle ; to engage in a raffle : چٹهي چهوڑنا - قرعہ اندازي کرنا - پاسہ پهينکنے ميں شريک هونا * *n.* A petty kind of lottery : چٹهي - لاٹري - جوا - قرعہ اندازي

Raft, *n.* A float of logs : لٹهونکا بيڑا - کڑيونکا بيڑا * *v. t.* To carry on or in a raft : بيڑے پر ليجانا

Rafter, *n.* A roof-timber : کڑي - دهني - ترک

Rag, *n.* A torn piece of cloth ; a shred ; a fragment : چیتهڑا - گودڑ - لتا - ٹکڑا

Ragamuffin, *n.* A paltry fellow ; a blackguard : گدڑيا - پاجي آدمي - چیتهڑيا بير

Rage, *n.* Furry ; vehemence ; extreme violence ; violent desire : غضب - خشم - تيزي - شدت - تندي - جذبہ - شوق * **To vent one's—on a person,** بخار نکالنا - غصہ اُتارنا

Syn.—Anger, vehemence, excitement.

Ant.—Softness, mildness, patience.

Rage, *v. i.* To be furious with anger : جهنجهلانا - غصہ ميں هونا * To ravage : غارت کرنا * To prevail with fatal effect, as an epidemic : بشدت پهيلنا - برپا هونا - عالمگير هونا

Ragged, *a.* Tattered ; uneven ; jagged ; dressed in rags : پهٹا پرانا - ناهموار - کهرکهرا - دندانہ دار - چیتهڑے لپيٹے هوئے - پر نشيب و فراز * **—voice,** پهٹي آواز

Raging, *a.* Furious ; violent : تند - قهر ناک - شديد

Ragout, *n.* A highly seasoned dish of meat and herbs ; a stew : مسالحہ دار گوشت اور ترکاري - قورمہ - نيم پخت گوشت

Raid, *n.* A hostile incursion ; a foray : يورش - چڑهائي - حملہ - دهاوا

Rail, *n.* A bar of wood or metal : لکڑي يا لوهے کي پٹري يا چهڑ * Railway : ريل کي سڑک * *v. t.* To inclose with rails ; to send by rail : کٹهرا لگانا - لوهے کي سڑک کے ذريعہ سے روانہ کرنا * *v. t.* To travel on a railway : سڑک آهني يا ريل پر سفر کرنا * *v. i.* To utter reproaches ; to scold : ملامت کرنا - گالي گلوج کرنا - جهڑکنا * **To—at one another,**

Railing, *n.* A fence ; a series of rails : کٹهرا - پٹرياں * Insulting and reproachful language : دشنام - طعنہ - گالي

Raillery, *n.* Banter ; jesting language : تشنيع - هزل - دل لگي - مذاق - تمسخر - هجو مليح - ظرافت

Railway, *n.* A road on which bars of iron are laid for wheels to run on : سڑک جسپر لوهے کي پٹرياں بچهي هوں - ريل

Raiment, *n.* Clothing in general vestments : کپڑا - پوشاک - جامہ - لباس

Rain, *n.* Water falling in drops : برکها - مينهہ - بارش - باراں * **To—cats and dogs,** موسلادهار برسنا - بڑي شدت سے برسنا * *v. t.* or *i.* To pour or fall in drops : بارش هونا - مينهہ پڑنا - برسنا - ترشح هونا

Rainbow, *n.* A many-coloured bow or arch formed by the refraction and reflection of rays of light from drops of rain : قوس قزح - دهنش

Rainfall, *n.* The water that falls in rains : برسات کا پاني - مينهہ کا پاني - بارش

Rain-guage, *n.* An instrument for measuring the rain fall : برسات کا پڑني ناپنے کا آله - مقياس بارش

Rainy, *a.* Abounding with rain ; wet : - برساتي - بهيگا * **A—day,** (Fig.), Evil times : گاڑهے دن

Raise, *v. t.* To lift upward : اوپر اٹهانا - اونچا کرنا * To exalt : ترقي دينا - سرفراز کرنا * To increase : بڑهانا - زياده کرنا * To excite : برانگيخته کرنا - بهڑکانا * To recall from death : مرده کو جلانا * To set upright ; to erect : برپا کرنا - کهڑا کرنا * To levy : تحصيل کرنا * To breed ; to grow ; to swell ; to heave - پيدا کرنا - جمنا - اوگنا - اوپجنا - پهولنا * To cause to grow : اوگانا - بونا - اوپجانا - پهولانا * To bring into being : هستي ميں لانا - وجود دينا - To give rise to : پهيلانا - عام کرنا - مشتهر کرنا - اڑانا - شور و غل مچانا - اٹهانا * **To—a blockade or a siege,** to terminate operations : حمله يا محاصره ختم کرنا * **To—a false report,** جهوٹي خبر اڑانا * **To—the wind,** - هوا باندهنا - ساکهہ جمانا - ادهر لينا

Syn.- Lift, elevate, erect, originate.

Ant. Cast, lower, reduce.

Raisin, *n.* A dried grape : - خشک انگور - منقى - کشمش - داکهہ - آب جوش - مويز

Rajah, *n.* A native prince : راجه

Rake, *n.* An implement with teeth used for dressing the soil in gardens, and for gathering light substances : گهاس وغيره جمع کرنيکا آله - پانچا * A loose disorderly person : - اوباش - شهدا - عياش * *v. t.* or *i.* To level or gather with a rake : جندرے سے برابر کرنا يا جمع کرنا * To ransack ; to search through : تلاش کرنا - ڈهونڈهنا * To lead a dissolute life : آواره زندگي بسر کرنا - اوباشي کرنا **To—up,** - آگ راکهہ سے ڈهاکنا - آگ دبانا * **To—up old scores,** گڑے کويلے اکهاڑنا * *v. i.* To scrape : کريدنا - ڈهونڈهنا - ٹٹولنا * To pass with violence گذرنا - جلدي جانا * To lead a debauched life : اوباشي کرنا - آوارگي اختيار کرنا To incline : خط عمود سے جهکنا

Rakish, *a.* Loose ; dissolute : - تماش بين - عياش - آواره - لوند

Rake-hell, *n.* A profligate : - رنڈي باز - شهدا - تماش بين

Rally, *v. t.* or *i.* To collect and put into order scattered forces : بکهري هوئي فوج کو اکٹها کرنا * To reunite ; to joke ; to banter : - پهر ملنا - مذاق کرنا - ٹهٹها کرنا - دل لگي کرنا * To renew vigour : - تهامنا - سنبهالنا - زور بڑهانا يا دينا * *n.* The act of reuniting troops : سپاه کي از سر نو ترتيب * A good-humoured jest : مذاق

Ram, *n.* A male sheep : بهيڑا - مينڈها * The Aries ; one of the signs of the zodiac : برج حمل - ميکهہ * A war-like instrument of battering walls : ديوار گرانے کي جنگي کل

Ram, *v. t.* To drive down ; to force in ; to batter ; to stuff ; to butt against : - کسنا - داب کر بهرنا - ٹهوسنا - ٹکر مارنا

Ramble, *n.* A roving ; an irregular excursion : گشت - هرزه گردي * *v. i.* To wander ; to think or talk in an incoherent manner ; to grow without restraint : پهرنا - هرزه گردي کرنا - سير کرنا - بهکي هوئي باتيں کرنا - خود رو اوگنا

Ramification, *n.* The act of dividing into branches : شاخ در شاخ کرنيکا کام * A branch or division : شاخ - شعبه - حصه

Ramify, *v. t.* or *i.* To shoot or spread out into branches : شاخ پهوٹنا - شاخ در شاخ کرنا - منشعب کرنا

Rammer, *n.* An instrument for driving down ; a ramrod : دهرمس - موگرا - گهن - توپ کا سنبا - گز

Ramous, *a.* Branchy ; full of branch : - شاخ دار - پر شاخ

Ramp, *v. i.* To jump ; to bound ; to climb : اوچهلنا - کودنا - چڑهنا * *n.* A leap ; a bound ; a robber : - پهلانگ - کود پهاند - زغند - ذقن - قزاق - لٹيرا

Rampancy, *n.* Exuberance ; excessive growth : افراط - کثرت - فراواني

Rampant, *a.* Overgrowing the usual bounds ; exuberant ; rank : حد سے زياده - کثير - فراوان

Rampart, *n.* A bulwark ; a defence ; an elevation or mound of earth round a fortified place : پناه - بچاؤ - شهر پناه - فصيل - ديوار - قلعه - دهس

Ramrod, *n.* A rammer : بندوق کا گز - توپ کا سنبا

Rancid, *a.* Having a rank smell ; musty ; strong-scented : بدبو دار - گنده - متعفن - سڑا هوا - تيز بو دار

Rancour, *n.* Malignity ; implacable enmity ; deep-seated hate : عداوت - بغض - کینہ - عناد - سخت کینہ - دلي عناد

Rancorous, *a.* Malignant ; spiteful : کینہ ور - پر عناد

Random, *a.* Done at hazard ; fortuitous : اتفاق - ناگہاني * **At—,** without settled aim ; at hazard : اتفاقیہ - یونہي * *n.* Want of direction ; chance ; range : بے قاعدگي - اتفاق - ٹپا - پہنچ - دوڑ - زد * **At—,** اتفاق سے - اٹکل پچو - الل ٹپو - بے ٹھور ٹھکانے

Uninvited, *a.* Not invited ; not solicited : بے بلائے - بے دعوت - بلا درخواست

Union, *n.* Junction ; concord ; a confederation : * ملاپ - اتصال - یکدلی - ایکا - اتفاق - متحد جماعت

Union Jack, سلطنت انگلشیہ کا نشان

Syn.—Combination, unity, junction.

Ant.—Division, separation, severance.

Unionist, *n.* One who advocates or promotes union : اتفاق کا ترقی خواہ - اتحاد کو مصلحت سمجھنے والا

Uniparous, *a.* Producing one at a birth : ایک بار میں ایک بچہ جننے والا جانور

Unique, *a.* Sole ; being without an equal : - یکتا - بے نظیر - لاثانی - بے مثل - تاق

Syn.—Unmatched, unequalled, rare, single, unexampled, singular, ucommon.

Ant.—Common, usual, ordinary.

Unirrigated, *a.* Not irrigated : بے سینچا ہوا

Unison, *n.* Agreement ; harmony ; melody : اتفاق - ہم آواز - ایک سر

Unisonius, *a.* Being in unison : آہنگ - ہم ساز

Unit, *n.* A single thing or person ; the last whole number ; one : واحد - اکائی - ایک

Unitarian, *n.* One who denies the doctrine of the Trinity : منکر تثلیث - موحد

Unite, *v. t.* or *i.* To put together or joint : to attach ; to associate ; to become one ; to grow or act together : — شامل کرنا - ملانا - پیوستہ کرنا - وصل کرنا - متفق کرنا - ایک ہونا - ایک ساتھہ اوگنا یا کام کرنا

Unitedly, *adv.* With union or joint efforts : ملکر - اتفاق سے - باہم ایکا کر کے - مل جل کے

Unity, *n.* Oneness ; concord ; harmony : - وحدت - توحید - اتفاق - یگانگت - میل - ہم آہنگی

Univalve, *n.* Having one valve only : ایک پرت کا - ایک تہہ والا

Universal, *a.* Unlimited whole : total :- عالم گیر - کل - جملہ

Syn.—All-reaching, catholic, general.

Ant.—Local, partial.

Universalist, *n.* One who holds the doctrine that all men will be saved : جسکا یہہ عقیدہ ہے کہ سب عاقبت میں نجات پاوینگے

Universality, *n.* State of extending to the whole : کلیت - عمومیت عالمگیری

Universally, *adv.* With extension to the whole : عموما - ہر جگہ

Universe, *n.* The whole system of created things : مخلوقات - جہان - عالم

University, *n.* An institution where all the sciences and arts are taught and where degrees are conferred : وہ مدرسہ جس مین جملہ علوم کا درس ہوتا ہو اور فضیلت کے خطاب ملتے ہوں - یونیورسٹی

Univocal, *a.* Having one meaning only : ایک معنی کا - ایک ارتھی - غیر مبہم

Unjust, *a.* Not just : نا مناسب - بیجا - غیر واجب - بے انصاف

Unjustifiable, *a.* Not to be vindicated or defended : غیر واجب

Unkempt, *a.* Uncombed ; unpolished : کنگھی نہ کیا ہوا - بکھیرا ہوا - پریشان - الجھا ہوا

Unkind, *a.* Not kind ; cruel :- نا مہربان - بے شفقت - بے درد

Unknown, *a.* Not known : نامعلوم - انجان

Unlaboured, *a.* Not produced by labour ; natural ; easy : - بے محنت طبع خیز - خداداد - آسان

Unlace, *v. t.* To loose the dress of : پوشاک کھولنا - ڈوری کھولنا

Unlade, *v. t.* To unload : کشتی یا جہاز سے بوجھہ اتارنا

Unlawful, *a.* Not lawful ; illegal : خلاف قانون - خلاف شرع - ناجائز - نا مشروع - ناروا * —**assembly,** وہ مجمع جس سے حفظ امن کا اندیشہ ہو - مجمع خلاف قانون

Syn.—Illegal, illicit, unlicensed.

Unlearn, *v. t.* To forget what has been learned ; to lose from memory : — سیکھا ہوا بھول جانا - فراموش کرنا

Unlearned, *a.* Illiterate ; ignorant : ناخواندہ - جاھل

Unless, *conj.* Except ; if not ; but : الا - ورنہ - اگر بجز اسکے - بدون اسکے

Unlettered, *a.* Unlearned ; ignorant : - ان پڑھہ جاھل

Unlike, *a.* Not like ; dissimilar : - غیر مشابہہ نا موافق

Unlikelihood, *n.* Improbability : عدم احتمال

Unlikely, *a.* Improbable : خلاف قیاس

Unlimited, *a.* Not limited ; undefined : - بے حد بلاقید - غیر مقرر

Unlink, *v. t.* To separate the links of ; to disjoin ; to detach : کڑي کڑي علحدہ کرنا - جدا کرنا - کھولنا

Unload, *v. t.* To disburden : بوجھ اُتارنا - ھلکا کرنا

Unlock, *v. t.* To unfasten what is locked : تالا کھولنا - قفل کھولنا

Unlucky, *a.* Unfortunate ; ill-omened : - کم بخت بد نصیب - بدشگون - فال بد

Syn. Luckless, ill-starred, ill-fated, unsuccessful.

Ant. - Fortunate, auspicious.

Unmake, *v. t.* To destroy ; to deprive of being : خراب کرنا - میت دینا

Unman, *v. t.* To emasculate ; to dishearten : نامرد کرنا - بے ھمت کرنا - بے دل کرنا

Unmanageable, *a.* Not manageable ; uncontrollable : - بے قابو - منھہ زور - بے ضبط - غیر طابع بد لگام - سر کش

Unmanly, *a.* Unbecoming a man : خلاف وضع انسانی * Cowardly : بزدلا * Effeminate : - مردا زنانہ بودا

Unmannerly, *a.* Not having good manners ; ill-bred : گستاخ - بد اخلاق - بے لحاظ

Syn.—Impolite, uncivil, uncourteous, ungracious, rude, rough, ill-bred.

Unmarried, *a.* Not married ; single : - ان بیاھا کوارا - مجرد

Unmask, *v. t.* To lay open : آشکارا کرنا - افشاں کرنا

Unmatched, *a.* Having no equal : بے نظیر - لاثاني

Unmeaning, *a.* Having no meanings : - بے معني مھمل

Unmeasured, *a.* Infinite ; immense : - بے انداز بے حساب

Unmentionable, *a.* Not to be spoken of : ناقابلِ ذکر

Unmerciful, *a.* Not merciful ; cruel : - بے رحم سنگدل

Unmerited, *a.* Undeserved : ناسزاوار - نالایق

Unmindful, *a.* Not mindful ; careless : غافل - بے خبر - اچیت - بے فکر - لاپرواہ

Syn.—**Heedless, inattentive, regardless, negligent, forgetful.**

Unmolested, *a.* Not molested : بلا مزاحمت - بے کھٹکے

Unmoor, *v. t.* To loose from anchorage : لنگر اُٹھانا - جہاز کھولنا

Unmoved, *a.* Not moved ; not affected : غیر متحرک - بے حرکت - غیر موثر

Unmuffle, *v. t.* To take the covering off : غلاف دور کرنا

Unnatural, *a.* Not natural ; artificial : ساختہ مصنوعي - مجازي - غیر طبعئي - خلاف طریق فطرت

Unnecessary, *a.* Needless ; useless : - غیر ضروري فضول

Unneeded, *a.* Not needed : غیر ضروري - جسکي احتیاج نہو

Unneighbourly, *a.* Not becoming a neighbour ; unkind : جو ھمسایہ کو نہ چاھے - نا مہربان

Unnerve, *v. t.* To deprive of nerve, force or strength : ناتوان کرنا - کمزور کرنا - ناطاقت کرنا

Unnoticed, *a.* Not noticed ; unobserved : بلا اطلاع - نا معلوم - بے توجھہ

Unobjectionable, *a.* Not liable to objection : ناقابل اعتراض

Unobservable, *a.* Not to be observed : جو نظر میں نہ آئے

Unobtainable, *a.* Not within reach : غیر ممکن الحصول

Unobtrusive, *a.* Not forward ; modest : - حلیم سلیم - شرمگین - صاحب حجاب - باادب

Unoccupied, *a.* Not engaged in business ; not possessed : نامشغول - بیکار - غیر مقبوضہ

Unpack, *v. t.* To open things packed up : گٹھري کھولنا

Unpalatable, *a.* Not palatable : بے سواد - بے مزہ - ناگوار

Syn.—Vapid, savourless, unsavoury.

Unparalleled, *a.* Having no parallel or equal : بے نظیر - لاثاني - بے مانند

Unpardonable, *a.* Not to be forgiven :- ناقابل عفو - جو معاف کرنے کے لایق نہو

Unperceived, *a.* Unobserved ; unnoticed : نامعلوم - نادیدہ - خفیہ

Unpleasant, *a.* Not pleasant ; displeasing : ناپسندیدہ - ناخوش

Syn.—Displeasing, disagreeable, unwelcome, unacceptable, repulsive, obnoxious, offensive, painful.

Unpopular, *a.* Not having the public favour : بدنام

Unpractised, *a.* Not skilled by use or experience ; unskilful ; raw : ناتجربہ کار - ناآزمودہ - کچا - اناڑي

Unprecedented, *a.* Having no precedent : جسکي نظیر نہو - غیر معمولي - بے مثل

Unprejudiced, *a.* Not prejudiced ; impartial : غیر متعصب - بے تعصب - بے طرفدار

Unpremeditated, *a.* Not premeditated : بے پیش بندي - پیشتر سے نہ سوچا ھوا

Unprepared, *a.* Not prepared : ناتیار - نامستعد

Unpretending, *a.* Not pretending ; modest : بے زعم - حلیم

Syn. Modest, unassuming, unostentatious, unpretentious.

Unprincipled, *a.* Not having good moral principles : بد اطوار - بے اصول - کسي اصول پر نہ چلنے والا

Unproductive, *a.* Not productive ; barren : بے منفعت - اوسر بنجر - ناززخیز

Unprofessional, *a.* Having no profession ; unbecoming one's profession : غیر پیشہور - اپنے پیشہ کے ناموافق

Unprofitable, *a.* Not profitable ; useless : لا حاصل - بے حصول - بے سود - عبث

Syn.—Fruitless, bootless, worthless.

Unpromising, *a.* Giving no promise of success : جو ھونہار نہو - نا خلف

Unpropitious, *a.* Unfavourable ; inauspicious : ناموافق - ناساز کار

Unprosperous, *a.* Not prosperous : - بدنصیب بد بخت - ناکامیاب

Unprotected, *a.* Not supported ; undefended : بے حمایتي - بے پناہ - بے حفاظت - بے والي وارث

Unproved, *a.* Not established by evidence or reasoning : بے ثبوت - غیر مثبتہ

Unprovoked, *a.* Not provoked : بے اشتعال - بے چھیڑ

Unpublished, *a.* Not published : غیر مطبوعہ

Unqualified, *a.* Not qualified ; not legally competent : ناقابل - نالایق - قانوناً لایق یا مجاز نہیں

Unquenchable, *a.* That cannot be quenched : جو بجھہ نہ سکے

Unquestionable, *a.* Nst questionable ; certain : لا کلام - کامل - لاریب - یقیني

Syn.—Indisputable, incontrovertible, indubitable, undeniable, incontestable, certain, evident, obvious.

Unquiet, *a.* Restless ; uneasy : مضطرب - بے آرام - بے چین

Unravel, *v. t.* To disentangle ; to unfold : سلجھانا - اُدھیڑنا - کھولنا

Unready, *a.* Not ready ; not prompt ; slow : ناطیار - مجہول - سست

Unreal, *a.* Not real ; unsubstantial : غیر حقیقي - ظاھري - بے وجود - بے بود

Unreasonable, *a.* Irrational ; excessive : نا معقول بعید از عقل - اندازہ سے زیادہ * Unreasonable silence is folly, بے موقع خاموشي بے وقوفي ھے

Unreasonableness, *n.* Quality of not being reasonable : نامعقولیت - زیادتي - بے عقلي

Unreclaimed, *a.* Not reclaimed ; not reformed : غیر مانوس - وحشي - غیر مہذب - نادرست

Unrecognised, *a.* Not recognised : - ناشناسا نامعلوم

Unrefined, *a.* Not refined or purified : - ناشایستہ ناصاف

Unregardful, *a.* Careless : غافل - بے پرواہ

Unregistered, *n.* Not recorded : نامندرج

Unrelenting, *a.* Not relenting ; cruel : - بے رحم بے درد - سنگدل

Syn.—Inexorable, implacable, pitiless, relentless, unmerciful, uncompassionate, hard, cruel, stern, severe.

Unreliable, *a.* That is not to be relied on : ناقابل اعتبار - بے ایمان

Unremitting, *a.* Not abating ; incessant : بلا ناغہ - متواتر - لگاتار

Unrepealed, *a.* Not repealed : غیر منسوخ

Unreported, *a.* Not officially stated : جسکي اطلاع نہ دي گئي ہو

Unreserved, *a.* Not reserved ; entire ; full : بے دریغ بے کپٹ - کلي - پورا

Unrestrained, *a.* Not hindered or checked : بے روک - بے ضبط - بے قید

Unrevealed, *a.* Not revealed or disclosed : نا ظاہر شدہ - پوشیدہ

Unriddle, *v. t.* To read the riddle of ; to explain : حل کرنا - شروع کرنا - سمجھانا - تعبیر کرنا

Syn. - Solve, explain, expound, unfold, unravel.

Unrighteous, *a.* Not righteous ; wicked ; unjust : سیہ باطن - فاسق - غیر صالح

Unripe, *a* Not ripe ; immature : - نہ پکا ہوا - کچا - خام

Unrivalled, *a.* Peerless : incomparable ; unequalled : لاثاني - یکتا - بے نظیر

Unrobe, *v. t.* To disrobe : کپڑے اُتارنا - لباس اُتارنا

Unroll, *v. t.* To open a roll ; to unfold ; to remove one's name from a register : - اُدھیڑنا کھولنا - کتاب یا رجسٹر سے نام خارج کرنا

Unroof, *v. t.* To strip of the roof : چھت یا چھپر اُتارنا

Unruffled, *a.* Calm ; not agitated : ساکن - بے حرکت - باقرار

Unruly, *a.* Ungovernable ; turbulent : - بے لگام منہ زور - سرکش - مگرا

Unsafe, *a.* Not safe ; dangerous : بے امن - بے سلامتي - خطر ناک

Unsatisfactory, *a.* Not giving satisfaction : جس سے تسکین نہ ہو - ناپسند خاطر - ناحسب دلخواہ

Unsavoury, *a.* Tasteless ; insipid : - بے ذائقہ بے مزہ

Unsay, *v. t.* To retract ; to recent : - بات پلٹنا مکرجانا - انکار کرنا

Unscrew, *v. t.* To draw the screws from : پیچ کھولنا

Unscrupulous, *a* Unprincipled : بد نیت - بے وسواسہ

Unsealed, *a.* Not sealed : بے مہر

Unseasonable, *a.* Not seasonable : untimely : بے موسم - بے وقت - بے موقع - بے جا

Syn.—Inopportune, ill-timed.

Unseat, *v. t.* To throw from a seat : کرسي سے گرا دینا

Unseemly, *a.* Unbecoming ; indecent : - ناشایستہ نا معقول - نازیبا

Syn.—Improper, indecorous, unbecoming, unmeet, indecent.

Unserviceable, *a.* Useful : نکما - ناکارہ

Unsettle, *v. t.* To unfix ; to disturb ; to derange : اُکھاڑنا - اُتھل پتھل کرنا - متزلزل کردینا - درہم برہم یا ترتیب کردینا - مضطرب کرنا

Unsettled, *a.* Uncertain ; wavering : غیر مستقل

Unshackle, *v. t.* To loose from bands : بیڑیاں کھولدینا - خلاص کرنا

Unshaken, *a.* Not shaken ; not removed : ثابت قدم - مستقل

Unsheathe, *v. t.* To draw from the sheath or scabbard as a sword : غلاف یا میان سے تلوار نکالنا

Unship, *v. t.* To take out of a ship : جہا سے اُتارنا

Unshrinking, *a.* Not recoiling from danger, toil, pain, &c. : بے باک - نڈر - بے جھجھک

Unsightly, *a.* Disagreeable to the sight ; ugly : بدنما - کریہہ منظر - بدشکل

Unskilful, *a.* Not skilful ; awkward : - بے ہنر ناواقف - بے سلیقہ - پھوہڑ

Unsociable, *a.* Not sociable ; solitary : انمیل - جو ملنسار نہو - اکیلا - گوشہ نشین

Unsolicited, *a.* Not asked : غیر مطلوب - بغیر مانگے

Unsophisticated, *a.* Not adulterated by mixture ; genuine ; simple : - بے میل - بے آلایش خالص -سادہ - پاک - مبرہ

Unsound, *a.* Not sound ; infirm ; sickly ; wrong , not honest ; defective : نادرست - ضعیف مریض - غلط - دغاباز - عیبدار

Unsparing, *a.* Not sparing ; liberal ; not merciful : فیاض- مصرف - فضول خرچ - بیرحم - افراط سے دینے والا

Unspeakable, *a.* That cannot be spoken : جو کہا نہ جاے - بیان سے باہر - ناگفتني

Syn. - Inexpressible, ineffable, indescribable.

Unspotted, *a.* Not spotted ; unstained ; unblemished : بے داغ - مبرہ - نردوش

Unstable, *a.* Not stable ; inconstant ; not secured : بے قیام - ناپائدار - بے قرار - متلون

Unstaid, *a.* Unsteady ; fickle : - ناپائدار - بے ثبات - بے قرار

Unstained *a.* Untinged : بے رنگ * Spotless : بے داغ

Unsteady, *a.* Not steady ; inconstant : - بے ثبات - ناپائدار - متغیر

Unstring, *v. t.* To deprive of strings ; to relax : تار دور کرنا - ڈھیلا کرنا

Unstudied, *a.* Upremeditated ; unversed : بغیر سوچا ھوا - بے غور

Unsubstantial, *a.* Not real ; not solid : - خیالي - بے وجود

Unsuccessful, *a.* Not successful ; unfortunate : ناکام - نامراد - بدنصیب

Unsuitable, *a.* Not suitable ; unfit ; unbecoming : ناموافق - بے جوڑ - بے میل - نامناسب

Syn.--Unfit, inappropriate, inapposite, unsuited.

Unsullied, *a.* Not stained or tarnished ; pure : بے داغ - صاف - پاک - مبرّہ

Unsupported, *a.* Not assisted : بے مدد

Uusurmountable, *a.* Not surmountable : لاحل

Unsurpassed, *a.* Not excelled : بلا سبقت - جسپر فوقیت نہوئي ھو

Unsuspecting, *a.* Unsuspicious ; credulous : غیر محتمل - غیر شک

Unsystematic, *a.* Wanting system : بغیر ترتیب

Untained, *a.* Unsullied : بے داغ صاف

Untamable, *a.* That cannot be tamed or subdued ; wild : غیر مانوس جو پالنے یا قابو مین لانے کے لایق نہو - وحشي

Untasted, *a.* Not tasted : ناچشیدہ بغیر چکھا ھوا

Untaught, *a.* Not educated or instructed : غیر تعلیم یافتہ - ناخواندہ

Untenable, *a.* Not to be held in possession ; that cannot be defended or maintained : جو قبضہ میں نہ رہ سکے - نامستحکم - جو دلیلوں سے قایم یا ثابت نہیں رہ سکتا

Untenanted, *a.* Having no tenant ; unoccupied : بے کرایہ دار - خالي

Unthankful, *a.* Ungrateful : نا شکر گذار

Unthinking, *a.* Thoughtless : بے فکر - غافل

Unthrifty, *a.* Not thrifty ; prodigal : فضول خرچ - مصرف

Untidy, *a.* Not tidy or neat ; not kept in good order : ناصاف - گندہ - ابتر - بے ترتیب

Syn.—Dirty, slovenly, sluttish.

Ant.—Clean ; pure ; spotless.

Untie, *v. t.* To loosen ; to unbind : کھولنا - بند دور کرنا - ازاد کرنا

Until, *prep.* or *conj.* To the time, point, or degree that : تک - جب تک

Untimely, *a.* Happening before the time : پیش ازوقت - بے وقت

Syn.—Unseasonable, premature, ill-tuned, inopportune.

Unto, *prep.* To : کو - تک

Untold, *a.* Not told ; not related : - بغیر کہا ھوا - ناگفتہ - بے گنتي - بلا شمار

Untouched, *a.* Not touched ; not affected : بے لمس - نہ چھوا گیا - بے تاثیر

Untoward, *a.* Forward ; perverse : - سرکش - ضدي - ھٹي

Untraced, *a.* Not marked by foot steps : بے نقش پا - جسپر کوئي چلا نہو

Untractable, *a.* Ungovernable ; stubborn : بے قابو - سرکش - مگرا - جو کسي قاعدہ سے نہیں لایا جاسکتا

Untrained, *a.* Not disciplined ; irregular : غیر تعلیم یافتہ - بے ترتیب

Syn.—Undisciplined, uninstructed, inexperienced, uneducated, untutored, uninitiated, undrilled, ignorant.

Untrodden, *a.* Not trodden ; not passed over : جس پر قدم نہ پڑا ھو

Syn.—Pathless, trackless.

Untrue, *a.* Not true ; false : جھوتھا - ناراست

Untruth, *n.* Falsehood : جھوتھہ - دروغ

Untune, *v. t.* To put out of tune ; disorder : بے تال یا بے سر کرنا - ابتر کرنا

Untwine, *v. t.* To disentangle ; to separate things involved : پیچ کھولنا - سلجھانا

Untwist, *v. t.* To separate after being twisted : اُدھیڑنا - کھولنا - پیچ کھولنا

Unused, *a.* Not used or accustomed : نامستعمل - غیر عادی

Unusual, *a.* Not usual ; uncommon ; rare : بے دستور - غیر معمول - شاذ و نادر

Unutterable, *a.* Incapable of being uttered or expressed : نہ کہنے کے لایق - ناگفتنی

Unvalued, *a.* Not valued or prized : جسکی قیمت کا تعین ٹہرا ہو - بے قدر

Unvaried, *a.* Not altered or diversified :- نا متغیر غیر متبدل - یکساں

Unvarnished, *a.* Not varnished ; plain : بے روغن - سادہ

Unvarying, *a.* Not liable to change ; constant : غیر متبدل - یکساں - غیر متغیر

Unveil, *v. t.* To uncover ; to disclose to view : پردہ دور کرنا - کھولنا - ظاہر کرنا

Syn.—Disclose, uncover, expose, show.

Ant. – Screen, hide, mask, veil.

Unwarily, *adv.* Heedlessly : غفلت سے - بے خبری سے

Unwarrantable, *a.* Not warrantable ; not justifiable : ناجائز - غیر واجب - خلاف انصاف

Unvariness, *n.* Heedlessness ; carelessness : غفلت - بے پرواہی

Unwary, *a.* Not cautious : غافل - بے خبر - بے احتیاط - لاپرواہ

Unwavering, *a.* Firm : قایم - مستقل - ساکن

Unwearied, *a.* Not fatigued or tired : نہ تھکا ہوا

Unwelcome, *a.* Not welcome : - نا مبارک - ناپسند - ناگوار

Unwell, *a.* Indiposed ; sick : علیل - بیمار

Unwholesome, *a.* Not wholesome ; insalubrious : مضر صحت - ناموافق - ناگوار - مخل تندرستی

Syn.—Unhealthy, noxious, deleterious, baneful, poisonous, injurious.

Ant.—Robust, sound, helpful.

Unwieldy, *a.* Bulky ; ponderous ; unmanageable : جسیم - بھاری - وزنی - بے قابو

Unwilling, *a.* Not willing : نا رضامند-بیدل - ناخوش

Syn.—Loathe, disinclined, reluctant, indisposed, opposed.

Unwillingness, *n.* Reluctance ; disinclination : نا رضامندی - ناخوشی - بیدلی

Unwind, *v. t.* To untwist : اُدھیڑنا - لپیٹ کو کھولنا

Unwise, *a.* Not wise : بے شعور - نادان

Syn.—Foolish, injudicious, indiscreet, imprudent.

Ant.—Prudent, wise, judicious.

Unwittingly, *adv.* Ignorantly ; unknowingly : بے خبری سے - نادانستہ

Unwonted, *a.* Unaccustomed ; uncommon : غیر معمول - غیر مانوس - شاذ - خلاف دستور

Unworthy, *a.* Not worthy ; undeserving ; base : غیر مستحق - ناقابل - نالایق - کمینہ

Unwritten, *a.* Not written ; oral : بلاتحریری - ان لکھا - زبانی

Unyielding, *a.* Unpliant ; obstinate : - کڑا - سخت - ضدی

Unyoke, *v. t.* To free from a yoke ; to disjoin : جوے سے کھولدینا - الگ کرنا - جدا کرنا

Up, *ad.* Aloft ; above ; in a higher place or position to ; wholly : اونچا - بالا - اوج پر - جانب بلندی - تک - تلک - بالکل * **To come—with,** to overtake : ملنا * **The time is—,** the allotted time is past : وقت معینہ گذر گیا * **—and down,** here and there : ادھر ادھر - تہہ و بالا * **—a stream,** towards the source : دریا کی چڑھائی پر

Upbraid, *v. t.* To reprove severely ; to chide : تہمت رکھنا - ملامت کرنا - ڈانٹنا - سرزنش کرنا - جھڑکنا

Upheave, *v. t.* To heave or lift up from beneath : اوپر اُٹھانا

Uphill, *a.* Difficult ; laborious : مشکل - دشوار - محنت طلب

Uphold, *v. t.* To hold up ; to support ; to maintain : سنبھالنا - اُٹھانا - قائم رکھنا - تھامنا - مدد کرنا - پشتی کرنا - جاری رکھنا

Upholsterer, *n.* One who furnishes houses with furniture, beds, curtains, and the like : اسباب و فرش و پردہ وغیرہ بیچنیوالا

Upholstery, *n.* Furniture supplied by upholosterers : اسباب خانہ

Upland, *n.* Elevated land : بلند زمین * *a.* Higher in situation : اونچی جگہہ کا

Uplift, *v. t.* To raise aloft : اونچا کرنا - اوٹھانا

Upmost, *a.* Highest : نہایت بلند - بالاتر

Upon, *prep.* On ; not under ; at or near to ; in besides ; after : اوپر - بالا - قریب - برلب - میں - بعد - علاوہ * —**my word**, really : في الحقيقت - سچ مچ

Upper, *a.* Higher in place, rank, or office : اعلي درجه کے - اوپر والا - اوپر کا - بالاتر * —**crust**, متمول لوگ - امیر لوگ - امرا * —**ten thousand**, امرا * **To have the — hand**, بالادست یا زبردست هونا

Upper-hand, *n.* Ascendency : فوقیت

Uppermost, *a.* Highest in place or power : بالاترین - سب سے اونچا - سب سے اوپر

Syn.—Highest, loftiest, supreme.

Upraise, *v. t.* To raise or exalt : اوٹھانا - اونچا کرنا - بلند کرنا

Upright, *a.* Perpendicularly erect ; honest ; just : مستقیم - سیدھا - استادہ سچا - کھرا

Uproar, *n.* Great tumult ; disturbance and noise : غوغا - فساد - هنگامه - شور و غل

Uproarious, *a.* Tumultuous ; turbulent : فتنه انگیز - پر آشوب - پرزور شور

Uproot, *v. t.* To tear up by the root : جڑ سے اکھاڑ ڈالنا - بیخ کني کرنا

Upset, *v. t.* To overturn ; to overthrow : - اوندھانا - اولت دینا - تلے اوپر گرنا * —**price**, the price at which anything is exposed to sale by auction : وہ قیمت یا دام جو نیلام کرنیوالا کسي چیز پر قایم کرکے بولي بولتا هے

Upshot, *n.* **Final issue ; conclusion ; end :** نتیجه - خاتمه - اختتام

Upstart, *n.* One suddenly raised to wealth, power or honour ; a parvenu : نو دولت - نیا بڑھا هوا - نو خیز

Upward, *a.* Directed to a higher place : اوپر کي طرف * *adv.* Toward a higher place ; above ; yet more : اوپر کي طرف - اوپر - اونچے - اور بھي

Uranus, *n.* **One of the primary planets :** ایک سیارہ - هرشل

Urban, *a.* **Belonging to a city or town :** - شهري - نگر کا

Urbane, *a.* **Courteous ; civil :** - صاحب مروت - خلیق - خوش خلق

Urbanity, *n.* Civility : politeness : - خوش اخلاقي - مروت - شایستگي - مرغوب اطواري

Syn.—**Politeness, suavity, courtesy, complaisance, amenity, elegance.**

Ant.—Discourtesy, rudeness.

Urchin, *n.* A little fellow ; a child : لڑکا - چھوکرا

Ureter, *n.* One of the excretory ducts of the kidney, conveying the urine to the bladder : پیشاب کي نلي

Urethra, *n.* The canal by which the urine is conducted from the bladder and discharged : نلي جسکي راہ سے پیشاب مثانه سے نکلتا هے - نلیزہ - موتني

Urge, *v. t.* To press ; to importune ; to incite ; to follow closely : - ناچار کرنا - دبانا - تقاضا کرنا - ترغیب دینا - پیچھے پڑنا

Urgency, *n.* Pressure of necessity ; importunity : ضرورت - تاکید - تقاضا

Urgent, *a.* Pressing with necessity ; importunate : ضروري - تاکیدي

Urinal, *n.* A bottle in which the urine of diseased persons is conveyed for medical inspection : قارورہ کي شیشي * A convenience for discharging urine : بولدان - پیشاب خانه

Urinary, *a.* Pertaining to urine : متعلق پیشاب

Urinate, *v. i.* To discharge urine ; to make water : پیشاب کرنا - مرتنا

Urine, *n.* An animal fluid secreted by the kidneys : بول - موت پیشاب

Urn, *n.* A kind of vase of a roundish form : ایک قسم کا گول برتن - صراحي - کوزہ

Ursa, *n.* A she-bear : خرس مادہ * **Ursa Major**, دب اکبر * **Ursa Minor**, دب اصغر

Ursine, *a.* Relating to or resembling a bear : متعلق ریچھه - مثل خرس

Us, *pron. pl.* The objective case of **We** : - همیں همکو

Usage, *n* Treatment ; long continued practice ; custom ; habitual use : - برتاؤ - سلوک - رواج - چلن - دستور - استعمال * **Family —**, رسم خاندان * **Judicial —**, دستور عدالت - ضابطه - سر رشته * **Local —**, مقامي چلن

Usance, *n.* **Use :** استعمال * **The time allowed for the payment of a bill of exchange ; interest of money :** مدت - میعاد تصرف - بیاج - سود

Use, *n.* Application ; necessity ; utility ; custom ; practice : استعمال - تصرف - ضرورت - فائده - نفع - رسم - دستور - محاوره - مشق * **—and wont,** The common practice : دستور - رواج * **of—,** useful : فايده مند - مفيد * **Use makes perfectness,** كرتا استاد هے * **Skill from—,** ربط - مهارت - دخل

Use, *v. t.* or *i.* To employ ; to treat ; to accustom ; to consume ; to be wont or accustomed : استعمال كرنا - كام لينا - سلوك كرنا - عادت ڈالنا - ربط كرنا - خرچ كرنا - عادي هونا * **To—up,** to consume entirely by using : بالكل خرچ كر ڈالنا * **It had been so used,** يهي دستور تها - ايسا هي هوتا تها

Useful, *a.* Serviceable ; profitable : كار آمد - فائده مند - مفيد

Syn.—Advantageous, beneficial, helpful, available, good, salutary, convenient.

Ant Injurious, hurtful, prejudicial, inconvenient.

Useless, *a.* Being of no use ; worthless : بے فائده - لاحاصل - نكما - بے مصرف

Uselessly, *ad.* Unprofitable : فضول - بے سود

Uselessness, *n.* Unprofitableness : لاحاصلي

Usher, *n.* An introducer ; an under teacher : ملاقات كرنيوالا - نائب مدرس * *v. t.* To introduce ; to forerun : ملاقات كرانا - آگے آگے چلنا

Usquebaugh, *n.* A kind of whisky : ايك قسم كي تيز شراب

Usual, *a.* Customary ; common : حسب دستور - معمولي - هميشه كا

Syn.- Ordinary, common, familiar, regular, general, frequent, habitual, wonted, accustomed, prevailing.

Ant.—Extraordinary, uncommon, rare, unusual.

Usually, *adv.* Commonly ; customarily : معمولي - بدستور - هميشه

Usufruct, *n.* Temporary use of land or property without power to alternate them : تصرف جايداد بلا مجاز انتقال

Usurer, *n.* One who receives exorbitant interest : بهت زياده سود پر روپيه چلانے والا - بڑا بياجو

Usurious, *a.* Practising usury : بهت سود لينے والا

Usurp, *v. t.* To seize and hold possession wrongfully : ناحق لينا - بجبر لينا - دبا بيٹهنا

Usurpation, *n.* Illegal seizure or possession : دست درازي - زبر دستي

Syn. - Seizure, assumption.

Usury, *n.* Exorbitant interest for the use of money : سود ناجايز

Utensil, *n.* An implement for domestic use : باورچيخانه كے برتن

Uterine, *a.* Pertaining to the womb ; born of same mother but by a different father : متعلق رحم - ايك ما سے پيدا هوئے ليكن جدے جدے باپ سے سهودر

Utilitarian, *a.* Consisting in or pertaining to utility : فايده مندي كا - اُس فلسفه كا جسكي بنا فعل كي فايده مندي هے

Utilise, *v. t.* To render useful ; to put to use : فائده اوٹهانا - كام ميں لانا

Utility, *n.* State of quality of being useful : سودمندي - مطلب براري

Syn.— Advantage, profit, usefulness.

Ant.—Futility, inutility, worthlessness.

Utmost, *a.* Furthest ; highest ; greatest : ازحد - غايت - نهايت * *n.* The most that can be : حتى المقدور - حتى الامكان

Utopian, *a.* Fanciful ; ideal : قياسي - خيالي

Syn.—Ideal, visionary, fanciful, imaginary, chimerical, unreal.

Utter, *v. t.* To speak ; to pronounce ; to publish ; to sell ; to put in circulation : كهنا - بيان كرنا - تلفظ كرنا - ظاهر كرنا - شايع كرنا - فروخت كرنا - جاري كرنا * *a.* Furthest out ; extreme ; entire ; absolute : باهر كي طرف - ازحد - غايب - بالكل - قطعي * **—destruction,** ستياناس * **—refusal,** انكار قطعي

Utterance, *n.* Act of uttering ; delivery : لهجه - تلفظ - گفتار

Utterly, *adv.* Fully ; entirely : تمام - سراسر - مطلق

Uttermost, *a.* Extreme ; most remote ; utmost : نهايت - غايت - تمامتر - بهت

Uveous, *a.* Like a grape : مثل انگور

Uvula, *n.* The fleshy conical body suspended from the middle of the soft palate : حلق كا كوا - كاك

Uxoricide, *n.* Murder or the murderer of a wife : قتل زوجه - زن کشي - زن کش

Uxorious, *a.* Excessively or submissively fond of one's wife : زن مريد - زن پرست - جورو کا غلام

V

Vacancy, *n.* Vacuity : خلا * Listlessness : بے شغلي * Gap شگاف * Unemployed time : فرصت * A post unfilled : خالي عهده يا اسامي

Syn.—Vacuity, emptiness.

Ant.—Repletion, fulness.

Vacant, *a.* Empty ; unemployed ; unoccupied ; thoughtless ; having no claimant :- خالي - بے شغل - غير مقبوضه - بے فکر - لاوارث

Vacate, *v. t.* To make vacant ; to annul : خالي کرنا - منسوخ کرنا

Vacation, *n.* Intermission ; leisure ; holidays ; act of making void : وقفه - فرصت - تعطيل - تنسيخ

Vaccinate, *v. t.* To inoculate with the cow-pox or a virus taken from cows, called **vaccine** matter : ٹيکا لگانا

Vaccination, *n.* Act of vaccinating : چيچک کے ٹيکے کا عمل

Vaccine, *a.* Pertaining to cows or to vaccination : متعلق گاے يا ٹيکا

Vacillate, *v. t.* To waver ; to fluctuate in mind : جهومنا - لهرانا - پس و پيش کرنا - شش و پنج کرنا

Syn.—Sway, reel, stagger, rock, waver.

Ant.—Adhere, abide, cohere.

Vacillation, *n.* Act of wavering ; fluctuation of mind ; fickleness : پس و پيش - تلون مزاجي - بے قراري - تزلزل

Vacuity, *n.* Emptiness ; vacuum : خلا - خالي جگهه - خلو - سون

Vacuous, *a.* Empty : خالي

Vacuum, *n.* Empty space : خلا

Vagabond, *a.* Wandering idly : اواره - هرزه گرد - خانه بدوش * *n.* One who wanders without the means of honest subsistence : آواره گرد - هرجائي

Syn.—Vagrant, outcast, castaway, loafer.

Ant.—Labourer ; toiler ; worker.

Vagary, *n.* A wild freak ; a whim : پريشان خيال - ترنگ - موج

Syn.—Whim, antic, prank.

Ant.—Decision, judgment, purpose.

Vaginal, *a.* Pertaining to a sheath : متعلق ميان

Vagrancy, *n.* State of a vagrant : کوچه گردي - آوارگي - خانه بدوشي

Vagrant, *a.* Wandering ; unsettled : آواره - خانه بدوش * *n.* A vagabond ; a beggar : آواره - هرزه گرد .. گدا - بهکاري

Vague, *a.* Wandering : کوچه گرد * Unsettled : بے ٹهکانے * Indefinite : غير محدود * Meaningless ; hazy ; uncertain : بے معني - مبهم - مشکوک - سروپا

Vagueness, *n.* Want of clearness ; uncertainty : ابهام - احتمال - شک

Vail, *n.* A concealing screen ; cover ; disguise : برقع - گهونگهٹ - پرده * *v. t.* To let fall ; to lower ; to conceal : گرانا - نيچا کرنا - پوشيده کرنا

Vain, *a.* Empty ; fruitless ; ineffectual ; false ; worthless : تهي - بے سود - بے تاثير - نمايشي - خود پسند - خفيف باتوں پر نازاں - خود بين - بے حاصل - جهوٹهه - بيهوده * To be—, اڑ چلنا - اپنے تئں اسمان پر پهينچنا

Syn.—Unreal, shadowy, unsubstantial, suppositions, dreamy, baseless, imaginary, empty, void.

Vainglorious, *a.* Boastful : شيخي باز - متکبر - لافزن

Vainglory, *n.* Excessive vanity ; empty pride : لاف گذاف - جهوٹا فخر - شيخي

Valance, *n.* Hanging drapery for a couch : پلنگ کي جهالر .

Vale, *n.* A low ground ; a valley : تهق - دره - گهاٹي

Valediction, *n.* A bidding farewell : الوداع - رخصت

Valedictory, *a.* Bidding farewell : الوداعي * *n.* A farewell address : رخصت کے وقت کا سلام

Valentine, *n.* A sweetheart chosen on St. Valentine's day ; a letter containing professions of love sent on St. Valentine's day : معشوق - معشوقه - عشق و محبت کے مضمون کا خط

Valet, *n.* A personal attendant : خدمتگار - نوکر - چاکر .

Valetudinary, *a.* Of infirm health; sickly: دایم المریض - جنم روگي

Valetudinarian, *n.* One who is infirm of health: دایم المریض - جنم روگي

Valiant, *a.* Stout; brave; gallant: دلیر - بہادر - جوانمرد

Syn.—Courageous, intrepid, valorous, chivalrous, heroic, daring, dauntless, bold, fearless.

Ant.—Timid, shy, bashful, fearful.

Valid, *a.* Sound; conclusive; legal: مضبوط - درست - قطعي - جائز - پکا - صحیح

Validity, *n.* Strength to prove or convince; soundness; justness: مضبوطي - درستي - صحت - واجبیت

Valise, *n.* A small sack or case for containing the clothes, etc of a traveller: جامداني - بقچہ

Vallation, *n.* A rampart; an intrenchment: شہر پناہ - فصیل - مورچہ

Valley, *n.* A hollow or low tract of ground between hills; a dale: دو پہاڑ کے بیچ کي تنگ جگہہ - گھاٹي - نشیب درہ

Valorous, *a.* Brave; gallant; fearless: بہادر - جوانمرد - نڈر

Valour, *n.* Bravery; courage; fearlessness: بہادري - شجاعت - مردانگي - دلیري - بے باکي

Valuable, *a.* Having value or worth; costly; estimable: قیمتي - بیش قیمتي - قابل قدر

Valuation, *n.* The act of estimating the value or worth; appraisement; estimated worth: تعین - تشخیص - تخمینہ - قیمت * —of standing crops, کنکوت - کنہاي

Value, *n.* Utility; import; price; worth: وصف - قدر - مطالب - قیمت - مالیت * *v. t.* To estimate the worth of; to hold in respect: قیمت لگانا - مول کرنا - قدر کرنا - عزیز جاننا

Valve, *n.* A folding door; a lid to an aperture opening only one way: دریچہ - دروازہ - سوراخ کا ڈھکنا جو صرف ایک طرف سے کھلے

Vamp, *n.* The upper leather of a shoe or boot: جوتي کا اوپر کا چمڑا * *v. t.* To repair; to mend: گانٹھنا - مرمت کرنا

Vampire, *n.* A blood-sucking spectre: شیطان - جن * A species of bat: ایک قسم کا چمگادر

Van, *n.* The front of an army: فوج کا مہرا - هراول * A winnowing machine: سوپ - چھاج * A light covered waggon: کرانچي

Vandal, *n.* One who is ignorant or barbarous: وحشي - جاهل

Vane, *n.* The web of a feather on the side of the shaft: تیر کا پر * A weathercock, placed on the top of a spire: بادنما

Vanguard, *n.* The front or first line of an army: هراول - طلایہ

Vanish, *v. i.* To disappear; to pass away; to pass out of view; exhale: نظر سے غائب هونا - اوپ هونا - ناپید هونا - تبخیر هونا

Vanity, *n.* Emptiness; ostentation; vain pursuits: هلکا پن - بیہودگي - خودنمائي - خود پسندي - بیہودہ کام - خیال باطل

Syn.—Egotism, pride, emptiness.

Ant.—Considerateness, modesty, reality.

Vanquish, *v. t.* To conquer; to refute: فتح کرنا - سر کرنا - قایل کرنا

Vantage, *n.* Superiority; advantage: فضیلت - فوقیت - فائدہ - سود

Vapid, *a.* Having lost its life and spirit; insipid: بے جان - بے ذائقہ - سیٹھا

Vapidity, *n.* State of being vapid: بے مزگي - سیٹھاپن

Vaporation, *n.* Act of converting into vapour: تبخیر

Vaporous, *a.* Full of vapours; windy; unreal: بخارات سے بھرا هوا - بادي - خیالي

Vapour, *n.* An elastic fluid rendered aeriform by heat; unreal; fancy: بخار - بھاپ - خیال خام * *v. t.* To pass off in fumes; to brag: بھاپ هو جانا - بخار بنکے اوڑنا - شیخي مارنا

Vapourise, *v. t.* To convert into vapour: بھاپ بنانا

Vapoury, *a.* Full of vapours; peevish: بخارات سے بھرا هوا - تنگ مزاج

Variable, *a.* Changeable; inconstant: تبدیل پذیر - متغیر - ناپایدار

Variableness, *n.* Inconstancy: تبدیل پذیري - بے ثباتي - تلون

Variance, *n.* Dissension; want of agreement: اختلاف - نا اتفاقي - پھوٹ * **At variance,** ان بن * **Mutually at variance,** کھاکشي - کھینچا تاني

Variation, *n.* Change ; deviation ; difference ; inflection ; rate of change ; musical embellishment : تبدیل - تجاوز - فرق - گردان - کمي بیشي یا گهٹ بڑهه - اوتار چڑهاؤ

Varicose, *a.* Enlarged ; dilated ; (applied only to veins) : بڑهي هوئي - پهولي (صرف آنت کے واسطے)

Variedly, *adv.* Diversely : مختلف طور سے

Variegate, *v. t.* To diversify ; to mark with different colours : گوناگوں کرنا - بوقلموں کرنا - رنگ برنگ کرنا - سترنگا کرنا

Variegation, *n.* Diversity of colours : - رنگ برنگي - بوقلموني

Variety, *n.* Difference ; change ; diversity ; deviation : فرق - تبدیل - تغیر - اختلاف - انحراف

Variola, *n.* The small-pox : چیچک

Variolous, *a.* Relating to small-pox : چیچک کے داغ والا

Various, *a.* Different ; changeable ; variegated : مختلف - طرح طرح کا - متلون - رنگ برنگ

Syn.-- Diverse, different, manifold.

Ant.-- Same, identical.

Varlet, *n.* A servant or attendant ; a rascal ; a knight's follower : - خدمتگار - نوکر - بدذات - غازي مرد کا جاودار

Varnish, *n.* A thick, viscid liquid laid on work to give it a gloss : روغن - وارنش - لک * *v. t.* To lay varnish on ; to give a fair appearance to ; to give a fair colour to : - روغن کرنا - لک کرنا * وارنش کرنا - عیب چهپانا - بات کو زینت دینا

Varnishing hides a crack, روغن میں عیب چهپا رهتا هے

Vary, *v. t.* or *i.* To alter ; to diversify ; to disagree ; to differ : تبدیل کرنا - بدل جانا - گونا گوں یا رنگا رنگ کرنا - ناموافق هونا - اختلاف کرنا

Vascular, *a.* Full of vessels : نسیلا - رگدار

Vase, *n.* An ornamental vessel of an ancient pattern ; an ornament of sculpture representing one of the vessels of the ancients : - برتن - ظرف - گلدان - گلاس

Vassal, *n.* A tenant ; a bondsman ; a servant : رعیت - اسامي - وابستہ - غلام - ملازم - نوکر

Vassalage, *n.* Dependence ; slavery : - رعیت گري - تابعداري - غلامي

Vast, *a.* Very spacious ; very great in number ; mighty : وسیع - کشاده - بے شمار - عظیم

Syn.-- Enormous, huge, immense.

Ant --Close, solid, narrow.

Vastly, *ad.* Immensely : بهت زیاده - غایت - نهایت

Vastness, *n.* Great extent ; immensity : - کشادگي - وسعت - زیادتي - عظمت - کثرت

Vastation, *n.* A laying waste : ویراني - تباهي

Vat, *n.* A large vessel or cistern for holding liquors ; a measure : - جام - حوض - چه بچه - مات - ایک پیمانه

Vatican, *n.* The residence of the Pope : پوپ کا محل

Vaticide, *n.* The killing of a prophet : نبي کشي

Vaticinate, *v. t.* or *i.* To prophesy ; to foretell : پیشین گوئي کرنا - آگم کهنا

Vault, *n.* An arched roof : a cellar ; a leap : گنبد - تہ خانہ - گوپها - غار - چهلانگ - ذقند * *v. t.* or *i.* To arch ; to leap : محراب بنانا - چهلانگ مارنا

Vaunt, *n.* Boast ; vain ostentation : - لافزني - شیخي - گزنگ - ڈینگ * *v. i.* To brag ; to boast : لاف زني کرنا - کله درازي کرنا - ڈینگ مارنا

Veal, *n.* The flesh of a calf killed for the table : بچهڑے کا گوشت

Vedette, *n.* A sentinel, usually on horse-back : سنتري جو اکثر سوار رهتا هے

Veer, *v. t.* or *i.* To turn about ; to change direction : موڑنا - گهومنا - مڑنا - پهرنا * **—away,** چلنے دینا - ڈهیل دینا

Vegetable, *n.* A plant for the table : - نباتات - ترکاري

Vegetable, *a.* Having the nature of plants : نباتاتي * **—kingdom,** عالم روئیدگي - ترن جاتي

Vegetarian, *n.* One who abstains from animal flesh and lives on vegetables, milk, &c. : وه شخص جو گوشت سے پرهیز کرے اور نباتات وغیره پر گذر کرے

Vegetate, *v. i.* To grow as plants ; to germinate : اُگنا - جمنا - نکلنا

Vegetation, *n.* Growth : بالیدگي - روئیدگي - نشونما

Vegetative, *a.* Growing : اُگنے والا

Vehemence, *n.* Violence ; impetuous force ; fervour ; passionate ardour : تندي - سختي - زور یا غلبه - جذبه - سرگرمي - شدت کي سرگرمي - جوش

Vehement, *a.* Forcible : very ardent : - تیز - تند - سرگرم

Vehicle, *n.* A carriage ; a conveyance : – سواري - مرکب - بار برداري - گاڑي - چھکڑا

Veil, (*val*), *n.* A thin cover to conceal the face ; a curtain ; diguise : نقاب - گھونگھٹ - پردہ - بھیش * *v.t.* To cover with a veil ; to conceal : – نقاب ڈالنا - گھونگھٹ مارنا - چھپانا

Vein, *n.* A vessel in animal bodies which returns the blood to the heart ; a fissure ; course ; humour : رگ - شگاف - سلسلہ - طبیعت

Vellicate, *v. t.* To twitch ; to pluck : – جھٹکا - جھٹکا مارنا

Vellum, *n.* A fine kind of parchment or skin prepared for writing : صاف کیا ھوا چرم جو لکھنے کے کام آتا ھے

Velocipede, *n.* A light conveyance impelled by the feet : پیر گاڑي

Velocity, *n.* Rapidity ; swiftness ; rate of motion : جلدي - تیزي

Velvet, *n.* A rich silk stuff with a nap : مخمل * *a.* Made of velvet ; soft : مخملي - ملائم

Velveteen, *n.* Cotton velevet : سوتي یا نقلي مخمل

Venal, *a.* Mercenary ; held for sale : کرایہ کا طامع زر - خریدا ھوا

Vend, *v. t.* To sell : فروخت کرنا - بیچنا

Vendee, *n.* One to whom a thing is sold :- مشتري - خریدار

Vender, Vendor, *n.* One who vends ; a seller : بیچنے والا - فروشندہ

Vendible, *a.* Saleable : قابل فروخت - بیچنے کے لایق

Veneer, *v. t.* To cover with thin pieces of wood or other material : لکڑي یا دیگر چیزوں کي پٹري چڑھانا * *n.* A thin layer of a valuable material over an inferior one : قیمتي دھات کي پٹري جو اوپر سے چڑھائي جاوے

Venerable, *a.* Worthy of veneration or reverence : معزز - واجب التعظیم - بزرگ

Venerate, *v. t.* To regard with respect and reverence ; to revere : – تعظیم کرنا – معزز جاننا - بزرگ جاننا - عزت کرنا

Veneration, *n.* The highest degree of respect and reverence : تعظیم - عزت - تکریم - غایت درجہ کا ادب

Venereal, *a.* Relating to sexual intercourse : متعلق بہ جماع

Venesection, *n.* Blood-letting by opening a vein : نشتر زني - فصادي - رگ زني

Vengeance, *n.* The infliction of pain in return for an injury ; revenge : انتقام - بدلا * **To wreak one's—on,** غصہ اُتارنا * **To take—,** بدلا لینا * **With a—,** زور سے - شدت سے

Venial, *a.* Excusable ; pardonable : - قابل معذوري - معافي کے لایق

Venison, *n.* The flesh of deer shot for the table : ھرن کا گوشت

Venom, *n.* Poison ; malice : زھر - بغض – کینہ

Venomous, *a.* Poisonous ; malignant : - زھردار - زھر آلودہ - بدخواہ

Vent, *n.* A small aperture ; a passage for air, fluid, &c ; flue : - سوراخ - ھوا وغیرہ نکلنے کا راستہ - دھوانکش * **To give—to,** to suffer to escape ; to keep no long or pent up : باھر کرنا - غبار نکال ڈالنا * **To take vent,** کھلنا - پھوٹنا - راز وا ھونا

Vent, *v. t.* To let out at a vent or small aperture ; to publish ; to sell : - نکالنا - چھوڑنا - ظاھر کرنا - بیچنا

Ventage, *n.* A small hole : چھوٹا سوراخ

Venter, *n.* The abdomen : بچہ دان - رحم

Ventilate, *v. t.* To air ; to winnow ; to expose to examination and discussion : - ھوادار کرنا-پھٹکنا - تنقیح کرنا

Ventilation, *n.* Act of ventilating ; state of being ventilated : باد کشي - ھوا کي آمد

Ventilator, *n.* An instrument to drive off foul air : غلیظ ھوا کے نکالنے کا آلہ

Ventral, *a.* Belonging to the belly : متعلق پیٹ

Ventriloquism, *n.* The art of speaking in such a manner that the voice appears to come from a distance : اِس طور سے بولنے کا ھنر کہ معلوم ھو کہ آواز دور سے آتي ھے - ایسي آواز بنانا کہ معلوم نہ ھو کہ کہاں سے آتي ھے

Venture, *n.* Hazard ; hap : جوکھم – قسمت آزمائي - اتفاق * **At a—,** قسمت پر - بے سوچے سمجھے

Syn.—Hazard, risk, danger, jeopardy.
Ant.—Calculation, estimation, regard.

Venture, *v. t.* or *i.* To have courage to do, undertake or say ; to run a risk ; to risk : جرات کرنا - دلیري کرنا - جوکھم اوٹھانا - خطرہ میں ڈالنا * **Nothing venture nothing have,** بے جوکھوں فائدہ نہیں

Venturesome, *a.* Daring ; bold : همت والا - دلیر

Venturous, *a.* Daring ; risking : دلیر - جانباز

Venue, *n.* A neighbouring place ; the place where an action is laid : قرب - موقع واردات

Venus, *n.* A planet : شکر تارا - زهرہ - اولي فلک

Veracious, *a.* Observant of truth ; true : راست گو - سچّا

Veracity, *n.* Agreement with fact ; truthfulness : صداقت - راست گوئي - سچّائي

Verandah, *n.* An open portico : برآمدہ - غلام گردش

Verb, *n.* A word expressing being, doing or suffering : فعل - کریا

Verbal, *a.* Oral ; literal : زباني - لفظي - غیر تحریري

Verbalise, *v. t.* To convert into verb : فعل کي حالت میں لانا

Verbatim, *n.* Word for word ; in the exact words : لفظ بلفظ - اونهیں الفاظ میں - حرف با حرف

Verbiage, *n.* Superabundance of words ; wordiness : طول کلامي - بیهودہ گوئي

Verbose, *a.* Abounding in words ; wordy : پر از الفاظ - طول کلام

Verdant, *a.* Green ; flourishing ; fresh : - سبز - سر سبز - ترو تازہ

Verdict, *n.* The decision of a jury in a case submitted to them ; judgment : - تجویز - پنچایت - جوري کا فیصلہ - راے

Syn.—Decision, judgment, finding, opinion.

Ant. – Indecision, misjudgment.

Verdigris, *n.* The bibasic acetate of copper, used as a green pigment : زنگار - تانبے کا کساؤ

Verditer, *n.* A light-blue or green pigment : توتیا - نیلا تھوتھا

Verdure, *n.* Greenness ; freshness of vegetation : سبزي - سرسبزي - شادابي

Verdurous, *a.* Green ; fresh : هرا - سبز - شاداب

Verge, *n.* A rod ; the shaft of a column ; edge : چوب - ستون کي ڈنڈي - کنارہ * *v. i.* To tend downward ; to border upon : جھکنا - کنارہ پر هونا

Verification, *n.* Act of verifying : - تصدیق - تحقیق

Verify, *v. t.* To confirm ; to authenticate : تصدیق کرنا - ثابت کرنا

Syn. - Substantiate, attest, corroborate, authenticate, confirm.

Ant. – Fail, mistake, miss.

Verily, *adv.* Truly ; certainly : في الواقع - حقیقت میں - البتہ - سچ

Veritable, *a.* True ; real : درست - تحقیق

Verity, *n.* Truth ; reality ; a true fact or statement : سچّائي - حقیقت - امر حقیقي

Vermicelli, *n.* Wheat paste made into long thin tubes : سیوئیں - کرماں گندم

Vermicular, *a.* Pertaining to a worm ; like a worm : کرم سے متعلق - کرم کے مانند

Vermiculation, *n.* Act of moving in the form of a worm : کلبلاهت

Vermicule, *n.* A little worm : کرمک - چھوٹا کیڑا

Vermifuge, *n.* A medicine to expel worm from animal bodies : دوا دافع کرم معدہ

Vermillion, *n.* Red sulphide of mercury ; a red colour : شنگرف - سیندور - سرخ رنگ

Vermin, *n.* All noxious animals or insects : تمام قسم کے مهلک جانور یا کیڑے

Vermivorous, *a.* Feeding on worms : - کرم خور - کیڑے کھانیوالا

Vernacular, *a.* Of one's own country : - دیسي - ملکي - وطني * *n.* Native language ; mother tongue : دیسي زبان - مادري زبان

Vernal, *a.* Belonging to or appearing in spring : بهاري - بسنت کي رت کا

Versant, *a.* Familiar ; skilled : ماهر - واقف

Versatile, *a.* Capable of turning ; changeable : پھر جانے کے قابل - متبدل * Readily applying one's self to various subjects : تیز طبع - هرفن مولا

Versatility, *n.* Aptness to change ; the faculty of easily turning to new tasks or subjects ; تبدیل پذیري - میلان - جولاني

Verse, *n.* A line ; a stanza ; a poetry : - مصرعہ - بیت - بند - نظم * **Blank verse,** غیر مکفا - نظم - بے تکا - چھند * **Heroic verse,** پنج ارکاني مصرعہ

Versification, *n.* The act of composing verses : قافیہ بندي - شاعري - تنظیم

Versify, *v. t.* To relate in verse ; to turn into verse : نظم میں بیان کرنا - شعر گوئي کرنا - نثر سے نظم میں کرنا

Version, *n.* Translation ; transformation ; a change : ترجمه - تبدیل صورت - تبدیل

Syn.—Translation, rendering, interpretation, reading, election.

Vertebra, *n.* A joint in the spine of animal ; a joint of the backbone : حیوان کي ریڑهه - استخوان پشت

Vertebrate, *a.* Having a spine or vertebral column : ریڑههدار

Vertex, *n.* The crown or top ; the head ; the zenith : قلّه - چوٹي - سمت الراس

Syn.—Top, summit, crown, apex.

Vertical, *a.* Perpendicular to the horizon : عمودي - کهڑا

Vertiginous, *a.* Turning round ; giddy : گردش کرتا هوا - چکر کهاتا هوا - گهومتا هوا

Vertigo, *n.* Dizziness or swimming of the head : دوران سر - چکر - گهمري

Very, *a.* True ; real ; actual : سچا - حقیقي - واقعي * **The veriest shrew of all,** لڑاکیوں میں کي لڑاکي * *adv.* In a high degree ; exceedingly : غایت - نهایت - بهت هي

Vesicate, *v. t.* To blister : پهپهولا ڈالنا - چهالا ڈالنا

Vesicle, *n.* A small blister : چهالا - پهپهولا - پهلکا - چهوٹا آبله

Vesper, *a.* The evening star ; Venus ; the evening : زهره - ناهید - شام کا تارا - شام

Vespers, *n. pl.* Evening service in the Roman Catholic Church : عیسائیوں کي شام کي نماز

Vessel, *n.* A hollow dish of any kind : ظرف - برتن * A ship : جهاز * A tube in which the blood is circulated : رگ - نس * **The weaker—,** عورت - نار

Vest, *n.* A robe ; a waistcoat : لباس - پوشاک - واسکٹ * *v. t.* or *i.* To dress ; to endow ; to descend : کپڑے پهنانا - خلعت پهنانا - نازل هونا

Vestal, *a.* Chaste ; pure : پاک دامن - عفیفه - دوشیزه - تارک الدنیا

Vestibule, *n.* The porch or entrance into a house : دهلیز - ڈیوڑهي - پیش دالان

Vestige, *n.* A track or footstep ; trace ; small remains : کهوج - نقش پا - نشان - چنهه

Vestment, Vesture, *n.* A robe ; a garment ; a dress : خلعت - پوشاک - جامه - لباس پوشش

Syn.—Apparel, dress, clothing, garment, robe, garb, raiment, outfit.

Vestry, *n.* A room appendant to a church for vestments : گرجے کا لباس خانه - گرجه کا ملبوس خانه - وه جسمیں پادري اپنا جامه پهنتا هے

Vetch, *n.* A leguminous plant of several species : اُرد - موٹهه وغیره غله

Veteran, *a.* Old in practice ; experienced : پخته - پکا - آزموده کار * *n.* One who has been long exercised in any service or art, particularly in war : آزموده کار - مرد جنگ آزموده

Veterinary, *a.* Relating to the cure of cattle diseases : پالتو جانوروں کے معالجه کے متعلق

Veto, *n.* Any authoritative prohibition ; the power possessed by the executive, as a king, governor, &c., to negative a bill which has passed the legislature : حاکمانه امتناع - نامنظوري * اختیار بادشاه یا حاکم درباب نامنظوري قانون وغیره *v. t.* To withhold assent to a bill for a law, and thus prevent its enactment : نفاذ مسوده قانون کي نامنظوري کرنا

Vex, *v. t.* To torment ; to tease ; to harass ; to irritate : اذیت دینا - دق کرنا - ستانا - پریشان کرنا

Syn.—Tease, torment, plague, harass, worry, distress, annoy.

Ant.—Gratify, please, soothe.

Vexation, *n.* Disquiet ; trouble ; a slight grievance : بے چیني - تکلیف - ملامت

Syn.—Chagrin, agitation, mortification.

Vexatious, *a.* Harassing ; distressing ; troublesome : ایذا رساں - تکلیف ده - دکهه دائي

Via, *adv.* By way of : از راه - راسته سے

Viaduct, *n.* A railway bridge over a valley : ریل کا پل

Vial, *n.* A small glass bottle ; phial : شیشي - چهوٹي بوتل

Viands, *n. pl.* Food ; victuals : کهانا - طعام

Viaticum, *n.* Provision for a journey ; a travelling allowance : توشه - راه کا خرچ و خوراک - زادراه - سفر خرچ - بهتا

Vibrate, *v. t.* or *i.* To move to and fro ; to oscillate ; to swing : - هلنا - لهرانا - تهرتهرانا - جهولنا - جهلانا

Vibration, *n.* The act of vibrating ; quick motion to and fro ; oscillation : - حرکت شاقولي - جنبش - لهراؤ - جهلاؤ

Vibratory, *a.* Moving to and fro ; oscillating : حرکت کرتا هوا - جهولتا هوا - گهڑي کے لنگر يا لٹکن کا سا

Vicar, *n.* Substitute ; parish priest : عوض - حلقه کا پادري

Vicarage, *n.* The residence of a vicar : محله کے پادري کا مقام

Vicarious, *a.* Acting in place of another ; substituted ; deputed : قائم مقام - جانشين - نائب

Vice, *n.* Defect ; wickedness ; crime ; sin : - عيب - نقص - بدکاري - گناه * A small screw press : آهني شکنجه * *a.* Acting in the place of : قائم مقام * *prep.* In room of : بجائے

Vicegerant, *n.* A deputy : - قائم مقام - جانشين - خليفه

Viceroy, *n.* The governor of a kingdom who rules as the substitute of a king : - نواب - نائب السلطنت - ناظم الملک - صوبهدار

Vicinage, Vicinity, *n.* Neighbourhood ; the state of being near : همسايگي - پڑوس - نزديکي

Vicinal, *a.* Adjoining to ; near : قريب - نزديک

Vicious, *a.* Wicked ; corrupt ; foul ; impure ; unruly : شرير بدکار - ميلا - نجس - مصنوعي - سرکش

Viciousness, *n.* State or quality of being vicious ; corruptness : - بدکاري - شرارت - بدذاتي - بدي

Vicissitude, *n.* Regular change or succession from one thing to another ; change in human affairs : دور - گردش - انقلاب - نشيب و فراز

Victim, *n.* A beast slain in sacrifice : - قرباني - بهينٹ * One who sustains injury ; one who is caught or cheated : آفت رسيده - مظلوم - شکار

Victimise, *v. t.* To make a viotim of ; to cheat ; to sacrifice : شکار بنانا - سر مونڈنا - قرباني کرنا

Victor, *n.* A conqueror : فتحمند - ظفرياب * *a.* Victorious : غالب - فتحياب

Victorious, *a.* Conquering ; triumphant ; successful : کامياب - غالب - فتحمند - فيروز مند

Victory, *n.* Conquest ; triumph ; success in contest : فتح - ظفر - جيت

Victual, *v. t.* To supply with provision for subsistence ; to provide with food : - رسد پهونچانا - خوراک دينا

Victuals, *n. pl.* Food prepared for eating ; provisions : غذا - خوراک

Vide, *n.* See : ديکهو

Videlicet, *adv.* That is ; namely : يعني

Vie, *v. i.* To strive for superiority ; to contend : همسري کرنا - برابري کا دعوی کرنا - رقابت کرنا * *v. t.* To wager ; to stake ; to lay : - بدنا - داؤ پر لگانا - همچشمي کرنا * *n.* A challenge : a wager : مقابله کا دعوی - بدابدي - شرطا شرطي

View, *n.* Sight : نگاه - نظر * Survey : ملاحظه * Intellectual examination : جانچ - امتحان * Reach of the sight : وسعت نگاه * Scene : منظر * Opinion ; sketch ; design ; show : - راے - نقشه - مطلب - شکل

View, *v. t.* To see ; to behold ; to inspect ; to consider : - ديکهنا - نگاه کرنا - ملاحظه کرنا - سوچنا - غورکرنا - خيال کرنا

Syn.—Survey, scan, eye, see, witness, behold, inspect ; explore, contemplate.

Vigil, *n.* Sleeplessness ; watching or waking for religious exercise - بے خوابي - جاگرن - رت جگا - شب بيداري

Vigilance, *n.* Watchfulness ; caution : - بيداري - چوکسي - خبرداري - هوشياري

